انا نے بے دردی سے اپنے انسو صاف کرتے ہوئے کہا اور ادھر اُدھر دیکھنے لگی شاید باہر نکلنے کا کوئی طریقہ مل جائے...

....ہمم بہت غرور ہے تمہے خود پر اپنے اس خوبصورت چہرے پر.....ہے ناں....تو یہ لو

..اسد نے تیزاب سے اُس کے چہرے پر سپرے کیا جس پر انا چیخنے لگی

اب تم سے پیار تو کیا تم سے بات کرنے کے لیئے بھی لوگ ایک بار تو ضرور سوچیں گے...اور یہاں پر تمہاری عزت پر تو آنچ نہیں آئی کیونکہ میں اُس لڑکی کے قریب نہیں جاتا جس سے میں نفرت کرتا ہوں لیکن اس کی گواہی کسے دوں گی.....چیخو مت...تمہاری اواز اس کمرے سے باہر نہیں جانے والی....

...انا تکلیف سے بِلبلا رہی تھی اور اسد کے لفظ اُس کا دل چھلنی کر رہے تھے

اب مرو یہاں...اب دیکھتا ہوں تمہارا غرور قائم رہے گا کہ نہیں...اور کسی کو میرے بارے میں بتایا تو ابھی تو صرف ایک گال جلایا ہے اگلی دفعہ پورا جسم جلا دوں گا...

انا چیختے اور روتے ہوئے بے ہوشی میں جا رہی تھی کہ اسد نے اُس کا چہرہ دوسری طرف سے دبوچتے ہوئے کہا...لیکن انا تکلیف نہ برداشت کر پائی اور بے ہوش ہو گی...

اسد نے نفرت سے انا کو دیکھتے ہوئے اُس کو منہ کے بل میز کے پاس گیرایا اور ایسڈ کی بوتل کو بیگ میں رکھ کر اپنے ہاتھ دھو کر روم سے نکل گیا...

....بھائی میں نہیں جانتی وہ کون ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا قرب سے بتا رہی تھی اور ذیشان ضبط کرنے کے چکر میں اپنے ہونٹوں کو زبان کے نیچے دبائے ہوئے تھا...

.انا میں ہوں اپنی گڑیا کے ساتھ کوئی بھی میری گڑیا سے نفرت نہیں کرے گا...بس چپ

...بھائی لیکن یہ تکلیف یہ جلن برداشت نہیں ہو رہی...میں مر جاؤں گی اسے

..انا نے بھیگی اواز میں کہا رو رو کر اس کا گلا بیٹھ چکا تھا اور اواز حلق سے نکل ہی نہیں پا رہی تھی

تبھی نرس اندر ائی اور ذیشان کے اشارہ کرنے پر نرس نے نیند کا انجیکشن لگایا اور انا نیند میں جاتی بڑبڑانے لگی

بھائی مت جانا...میں اکیلی ہو جاؤں گی....انٹی میرا مزاخ اُڑائیں گیں

...ذیشان بے بسی ہی بے بسی محسوس کر رہا تھا

.وہ انا کو دیکھے جا رہا تھا کہ نرس نے باہر جانے کا کہا

میں وعدہ کرتا ہوں میری گڑیا...میں زندہ نہیں چھوڑوں گا اُس لڑکے کو...میری رگوں پر ہاتھ مارا ہے اُس نے...میری شہزادی ہو تم اور ہمیشہ شہزادی ہی رہو گی کوئی بھی تمہے توڑ نہیں سکتا...تمہارا بھائی کبھی تمہے ...ٹوٹنے نہیں دے گا

ذیشان کھڑا اہستہ اواز میں اُس کے کان کے قریب کہہ رہا تھا اور نرس رشک بھری نظروں سے انا کو دیکھ رہی تھی کہ کتنا چاہنے والا بھائی ہے جو کبھی باپ کی طرح اُس کو اپنے ہونے کا احساس دے رہا ہے اور کبھی ایک بھائی کی طرح اُس کی طاقت بن رہا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خدا اسے رشتے بھی نصیب والوں کو دیتا ہے ایک میرا بھائی ہے جو مجھے بوجھ سمجھتا ہے اور ایک یہ بھائی ہے جو بہن کی تکلیف سے زیادہ تکلیف میں ہے

نرس انا کو دیکھتے سوچ رہی تھی ذیشان انا کے سر پر بوسہ دیتے کب کا باہر جا چکا تھا

.....

✿✿✿✿✿✿

ارشاد صاحب اور اسلم صاحب بے قراری سے جب ICU کی طرف بڑھ ہی رہے تھے تو اُن کی نظر امنہ بیگم پر پڑی...اور دونوں بھائی وہیں رک گئے..اور. حیرانگی سے دیکھ رہے تھے

امنہ بیگم بھی اپنے بھائیوں کو دیکھ کر بے تابی سے کھڑی ہوئیں تھیں..البتہ احان نے نظریں اُٹھا کر اوپر دیکھنا بھی گوارا نہ کیا تھا اُس میں اتنی ہمت ہی نہیں تھی .

بھائی یہ امنہ ہے...؟؟

ارشاد صاحب نے حیرانگی سے کہا

..جی چاچو اج ہی ملیں ہیں ہمیں

امان جو کہ ارشاد صاحب اور اسلم صاحب کے پیچھے ارہا تھا وہ ساری سچویشن سمجھتے ہوئے یقین دہانی کروانے لگا..

...دونوں بھائی بے تابی سے اپنی بہن کی طرف لپکے اور گرم جوشی سے ملے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری بیٹی کدھر ہے امان...؟

کیا ہوا ہے اُسے...؟؟ کس نے کیا ہے...؟؟

ارشاد صاحب امنہ بیگم سے الگ ہو کر امان سے تیز لہجے میں پوچھنے لگ گ ئے ان کے چہرے سے ہی پریشانی جھلک رہی تھی.

چاچو میں نے آپ کو سب کچھ راستے میں بتا تو دیا ہے ہم جانتے ہی نہیں ہیں اُس لڑکے کو...اب انا ہی کچھ بتا سکتی ہے...

امان نے تھکے ہوئے انداز میں کہا

ڈاکٹر کیا کہتے ہیں ٹھیک ہو جائے گی ناں...؟؟ میری گڑیا...ہوش آگیا ہے...مجھے ملنا ہے...

چاچو وہ سب ڈاکٹر نے مجھے نہیں بتایا میں آپ لوگوں کو لینے چلا گیا تھا...

امان نے نظریں چراتے ہوئے کہا

کہاں ہیں ڈاکٹر ہم خود پوچھ لیتے ہیں...ہماری بچی کو پہلے جیسا کر دیں...

اسلم صاحب بول ہی رہے تھے کہ اُن کی نظر ذیشان پر پڑی جو ICU سے نکل رہا تھا...امنہ بیگم کی انکھیں پھر سے بھیگیں ہوئیں تھیں ارشاد صاحب اپنی پریشانی چھپانے کے لئے ادھر سے اُدھر تہل رہے تھے وہ بھی رک گ ئے تھے

ذیشان نے دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے اور اگے بڑھ کر دونوں کو سلام کرتے ہوئے بغل گیر ہوا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اسلم صاحب ذیشان سے ملنے کے بعد اس کی موجودگی لاپرواہ ظاہر کرنے لگے خود سے

...بیٹا کسی ہے میری گڑیا...؟؟ مجھے بھی ملنا ہے اُس سے

..ارشاد صاحب ذیشان سے ملتے اپنی ہمت ہارتے ہوئے بول رہے تھے

یہ کب ایا...؟؟

اسلم صاحب نے ایک ائی برو اٹھاتے امان سے پوچھا

... بابا کل رات میں انا کو سرپرائز دیا تھا برتھ ڈے ویش کر کے.....امان نے انکھیں نیچی کر کے جواب دیا

باقی سب کہاں ہیں..؟؟ ہوٹل میں اکیلا کیوں چھوڑا...؟؟

... بابا وہ پھوپھو کی طرف ہیں...بھائی کہہ رہے تھے ہوٹل میں رہنا ٹھیک نہیں

... ہمممم...بہن کی محبت کھینچ ہی لائی

..اسلم صاحب نے ذیشان کو دیکھتے ہوئے کہا جو ارشاد صاحب کو دلاسا دے رہا تھا سمجھا بجھا کر

چاچو فکر نہ کریں میں ہوں ناں سب ٹھیک ہو جائے گا..ڈاکٹر نے کہاں ہے دو تین دن میں پلاسٹک سرجری

.... کر دیں گے تو ہماری گڑیا ٹھیک ہو جائے گی آپ پریشان نہ ہوں

اسلم صاحب: شانی بیٹا یہ سب ہوا کسے...؟؟

... چاچو جس نے بھی کیا ہے یہ سب اس کو تو میں چھوڑوں گا نہیں...انجام تو اُس کا بہت بھیانک کروں گا

.....ذیشان کچھ سوچتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بیٹاانانے بات کی.... کسی ہے وہ...؟؟کچھ بتایااُس نے...؟؟مجھے بھی ملنا ہے اُس سے

امنہ بیگم نے ذیشان کارخ اپنی طرف کرتے ہوئے پوچھا

جی پھوپھو کیوں نہیں کرے گی بات...ابھی وہ غنودگی میں ہے ڈاکٹرز زیادہ لوگوں سے ملنے نہیں دے رہے

..آپ سب بھی اب گھر جائیں صبح ہونے والی..میں ہوں ادھر

ہماری بھی کچھ لگتی ہے خالی تمہاری ہی بہن نہیں ہے وہ..ہمیں بھی تکلیف محسوس ہو رہی اُس کی تکلیف کا

...سوچتے ہوئے...کسے جا سکتے ہیں ہم

اسلم صاحب ذیشان کی بات سُن کر غصے میں کہنے لگے.تو ذیشان ایک لمبی سانس خارج کر کے امنہ بیگم کو بیٹھا

..کر امان کو انے کا اشارہ کرتے ہوئے پیچھے کو چل دیا

رات ساری سب نے جاگتے ہوئے گزاری تھی امان اور حاشر کے سمجھانے منت کرنے سے سب کو امنہ

...بیگم کے گھر لے کر گ ئے امنہ بیگم بھی ساتھ گئیں

انا کے پاس ذیشان اور احان تھے...احان پر کسی نے بھی زیادہ دھیان نہ دیا تھا کہ وہ کیوں اتنا بکھڑا ہوا بیٹھا ہے

...سب اپنی ہی پریشانی میں تھے

....تم بھی چلے جاؤ...کیا کر لو گے یہاں رک کر

...ذیشان نے طنزیہ کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی میرے ساتھ تو ایسا نہ کریں پلیز.... میں مانتا ہوں میں آپ کی گڑیا کی حفاظت نہیں کر پایا... میری غفلت ہے...

احان تھکے اور ہارے ہوئے انسان کی طرح بول رہا تھا...

ہمم اب کیا فائدہ ان باتوں کا... تم تو کہتے تھے آپ کی بہن کا سایہ ہوں میں... اور اب دیکھو میری بہن کس حال میں ہے..

بھائی میں مل لوں....

احان نے انکھوں میں اس لئے ذیشان کو دیکھتے ہوئے پوچھا..

ذیشان کو اُس پر ترس انے لگا.. جتنا دکھ ہمیں ہے اتنا کیا اُس سے بھی زیادہ احان کو ہے... ذیشان احان کو دیکھتے سوچ رہا تھا جو پھر سے سر گیرائے ایک ہی سمت دیکھ رہا تھا...

.....

امنہ بیگم اور ذیان نے جب انا سے ملاقات کے بارے میں ساری کہانی ارشاد اور اسلم کے گوشوگوار کی تو وہ خوشی اور غم کی ملی جلی کیفیت میں مسکرانے لگے تھے...

امنہ تم نہیں جانتی ہم نے تمہے کہاں کہاں تلاش نہیں کیا اور ملی بھی تو یہاں وہ بھی ہماری شہزادی کو جانتی ہو وہ اکیلے گھر سے ایک قدم نہیں نکالتی تھی اور کہاں اُس نے یہاں کی یونیورسٹی میں پڑھنے کی ضد کی ابو جی تو مان گئے تھے شاید قسمت تم سے ملانا چاہ رہی تھی اور دیکھو قسمت نے اُس کے ساتھ کیا کر دیا... ہنستی....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...مسکراتی ائی تھی بہت خوش تھی یہاں انے سے پہلے

..اسلم صاحب انا کے بارے میں بتاتے ہوئے بہت افسردہ ہو رہے تھے

...بھائی جان اُللہ کے لکھے کو کون ٹال سکتا ہے

امنہ بیگم بھی افسردہ سی بولیں تب تک صباسب کے لئے چائے لی ائی تھی تو امنہ بیگم کو ان دونوں کے بارے میں بھی سب کو بتانا پڑا..

.....

دو دن ہو گئے تھے انا کو ہو سپیٹل میں اس دوران کوئی بھی سکون سے نہ رہ پایا تھا سب کے ہونٹوں پر انا کے بلکل ٹھیک ہونے کی دعا تھی احان تو خدا کے آگے رو کر اپنی دعا کی قبولیت کی دعا کرتا تھا اج ڈاکٹر نے سب کو انا کی کنڈیشن کے بارے میں بتا رہے تھے

دیکھیں ہم نے سارے ٹیسٹ کیے ہیں اللہ کے فضل سے وہ سب کلیئر ائے ہیں...اب ہمیں پیشینٹ کی پلاسٹک سرجری کرنے کی اُس کے لئے اُن کی ایک تصویر چاہیئے ہمیں تاکہ ہم اُس کے مطابق ہی سرجری کریں اور ایک اور بات ہم پوری کوشش کریں گے فیس کو ٹھیک کرنے کی لیکن مجھے بہت دکھ سے کہنا پڑ رہا ہے اب اُن کا چہرہ اپنی اصل حالت میں نہیں ائے گا نشان بھی شاید وقت کے ساتھ ساتھ کم ہو جائیں..

وہ بیٹھے سب کی حالت ایک جیسی تھی بے بسی ہی بے بسی محسوس کر رہے تھے..اور اُس وقت کو کوس رہے تھے جب انا کو اکیلا چھوڑا....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ڈاکٹر آپ پوری کوشش کریں اپنی طرف سے باقی اللہ بہتر کرے گا... ارشاد صاحب نے پوری ہمت مجتمع کرتے ہوئے کہا ...

...ڈاکٹر پیپر زپر سائن لے کر پروفیشنل انداز میں کہتے ہوئے اٹھ کر کیبن سے باہر چلے گئے

.....

ارے اتنے دن ہو گ ئے بھابی کوئی بھی واپس نہیں ایا فون کرو تو کہتے اجائیں گے ایک دو دن تک... ہمیں تو بھول ہی گئے ہیں...

ناہید بیگم نے چائے پیتے ہوئے نسیمہ بیگم سے کہا اس وقت گھر میں ان دونوں کے علاوہ کوئی نہ تھا صدیقی صاحب بے دلی سے افس جا رہے تھے انہیں سمجھ نہیں ارہا تھا وہاں جا کر ہی سب بیٹھ گئے ہیں حال چال کے بعد ایک دو بات کے بعد فون بند کر دیتے ہیں..

نسیمہ بیگم ناہید بیگم کی بات سن کر خاموش رہیں.. وہ خود بے چین تھیں کسی اور کو کیا کہتیں..

پھوپھو آپ لوگ بھی ہمارے ساتھ ہی جائیں گے سب... اپنا سامان پیک کروائیں..

شانی بیٹا میں بعد میں اؤں گی ابھی ابو جی انا کا صدمہ برداشت کر لیں یہ ہی بہت ہے...

نہیں پھوپھو انا نے دادا ابو کی تکلیف کے ساتھ ساتھ خوشی کا بھی انتظام کر لیا تھا اب آپ ہمارے ساتھ چل رہیں ہیں... آپ سمجھائیں ناں بابا چاچو...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان نے ان دونوں کو بھی اندر گھسیٹا...انا کو اج ڈسچارج کر دینا تھا تو سب واپس جانے کا سوچ رہے تھے ..زرنش پہلے ہی جا چکی تھی

...امنہ اپنے بیٹے کی خاطر چلو..دیکھو کتنا تو ٹا بکھر الگ رہا ہے تمہے دیکھ کر اپنے بیٹے کو سمیٹ لو اکر

...ارشاد صاحب احان کو نرمی سے دیکھتے ہوئے کہہ رہے تھے جسے سن کر احان وہاں سے چلا گیا

جب سے میں ایا ہوں اس لڑکے کے منہ سے ایک لفظ نہیں سنا...نا جانے کونسی ٹینشن ہے اسے...اسلم صاحب احان کو دور جاتا دیکھ کر بولے.ذیشان نے بھی اسے دیکھا تھا وہ تو جانتا تھا اُس کی ٹینشن اور پریشانی.. ...لیکن کسی کو کیا بتاتا

انا اب تک ذیشان اور ارشاد صاحب کے علاوہ کسی سے نہیں ملی تھی اُس نے بھی اپنی آپ بیتی ذیشان کو بتا کر چپ سادھ لی تھی اور اب وہ ہوسپیٹل کے کمرے میں بیٹھے سوچ رہی تھی سب کو فیس کسے کرے گی لوگ ...ہنسیں گے مجھ پر

...انا چلو گڑیا گھر چلیں

ذیشان نے اُسے پیار سے دیکھتے ہوئے کہا تھا

...ب بھ بھائی ایک ڈو بتا لا دیں

گڑیا وہ کیا کرنا ہے..؟

ذیشان کو سمجھ نہ ائی تو پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بھائی اپنا چہرہ چھپانا ہے ورنہ لوگ ڈر جائیں گے مجھے دیکھ کر

..انانے بھیگی اواز میں بتایا

ذیشان بنا کوئی جواب دیے روم سے نکل گیا ابھی اسے وہ ہی کرنا تھا جو انا چاہ رہی تھی باہر ایا تو اُسے کوئی نظر نہ ایا سوائے صبا کو جوانا کی مدد کے لئے ائی تھی لیکن مل نہیں سکی تھی

آپ کے پاس اکسٹرا ڈوبٹا ہو گا..؟

صبا نے ذیشان کی بات سن کر نا سمجھی سے اُسے دیکھا

...وہ انا کے لئے چاہئے

.ذیشان نے فوری کہا

میں نے چادر لی ہوئی ہے میں دے اتی ہوں ڈوبٹا اپنا انا کو خود ہی آپ ادھر ہی روکیں

...صبا کہہ کر اندر کی جانب چل دی

...صبا اندر داخل ہوئی تو انا نے صبا کو دیکھ کر چہرہ موڑ لیا

...اسلام وعلیکم گڑیا

..یہ لیں آپ کے بھائی نے کہا ہے آپ کو دے دوں ڈوبٹا

صبا نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ ڈوبٹا گلے سے نکال کر انا کو دیتے ہوئے کہا. لیکن انا اُس کو ہنستے دیکھ کر ایسا محسوس کرنے لگی جیسے وہ اُس پر ہنس رہی ہو ....

..شکریہ..اب آپ جائیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کو کچھ اور چاہیئے...؟؟

... نہیں آپ جائیں اب

..انا نے تھوڑی تلخی اپنے لہجے میں سموتے کہا..صبا بنا کچھ کہے باہر نکل گئ

میں دے ائی ہوں..آپ کی ضرورت ہو شاید انہیں

ذیشان صبا کو باہر اتے دیکھ کر سوالیہ نظروں سے ہی دیکھ رہا تھا کہ صبا نے فوری کہا

اوکے شکریہ اپ بیٹھیں.بس دس منٹ میں چلتے ہیں

ذیشان کہہ کر اندر کی طرف بڑھا

..چلیں گڑیا میں بیلز وغیرہ پے کراؤں

..ذیشان اپنی ہی دھن میں کہتا ارہا تھا جب انا کو دیکھا تو وہی رک گیا

انا نے اپنا سر ڈوبٹے میں لپیٹے چہرے پر نقاب کیا ہوا تھا اور ایک سائیڈ سے پکڑا بھی ہوا تھا

..بھائی ایک پین چاہیئے

..انا نے نظریں نیچی کر کے کہا

...ہاں میں منگواتا ہوں

..احان حجاب والی پین لے کر آؤ

...ذیشان نے پیچھے مڑ کر احان سے کہا جو سامان لینے ایا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..جی میں لاتا ہوں.. آپ کو ریسیپشن پر بُلا رہے ہیں

انا نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا اسی لئے دونوں کو دیکھ رہی تھی جو شاید اُس سے زیادہ تھکے ہوئے اور کمزور لگ رہے تھے.. دونوں کی ہی شیو بڑھی ہوئی تھی اور انکھوں میں سرخی تھی

جب احان نے سیفتی پین لا کر انا کے سامنے کی جسے انا نے کانپتے ہاتھوں سے پکڑا اور لگانے کی کوشش کرنے لگی اُس نے زندگی میں کبھی نقاب نہیں کیا تھا اسی لئے اج مشکل ہو رہی تھی نقاب کرنے میں تو کامیاب ہو گئی تھی لیکن اب پین اپ نہیں ہو رہا تھا ہاتھوں میں کپکپاہٹ کی وجہ سے..

احان نے اُس کے ہاتھوں کی لرزش دیکھتے خود آگے کو ہو کر پین اپ کر دیا انا نے احان کو پیں دے کر ہاتھ نیچے گرا دیے تھے جسے اُن میں جان ہی نہ ہو

یہ لیں ہو گیا.. اب پرفیکٹ ہے

احان نے پیچھے ہوتے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا

ایک زمانہ تھا جب سب میرے چہرے کو دیکھ کر تعریف کرتے تھے سہراتے تھے رشک بھری گناہوں سے دیکھتے تھے تب میں نے کبھی چھپانے کی زحمت ہی نہیں کی حالانکہ تب مجھے چھپانا چاہئے تھا پردہ کرنا چاہئے تھا اور اب جب میرا چہرہ تعریف کرنے کے قابل ہی نہیں رہا تب میں دنیا والوں سے چھپانے کی کوشش کر رہی ہوں خدا نے کیسا ائینہ دیکھایا کر سبق سیکھایا ہے

...اب تو میں سر اٹھا کر دیکھ بھی نہیں سکتی کہ کوئی مجھ پر ہنس تو نہیں رہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا پھیکی سی ہنسی ہنستے ہوئے اذیت سے احان کی طرف دیکھے کہہ رہی تھی اور اندر اتا ذیشان بھی یہ سن کر ایک دفعہ لڑکھڑایا تھا.. انا کی باتیں احان کا دل زخمی کر رہیں تھیں لیکن یہ وہ کسے جان پاتی ..

ماشاءاللہ کتنی پیاری لگ رہی ہے میری گڑیا نقاب میں ...

ذیشان انا کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا.. وہ اُس کی کیفیت سمجھ رہا تھا

بھائی آپ بھی مزاخ اُڑائیں گے اب ..

انا نے تلخی سے پوچھا ..

انا میں کیوں کروں گا ایسا... بتاؤ ذرا.. میری بہن تو کڑوڑوں میں ایک ہے کیوں احان ...

احان جو انا کو ہی دیکھ رہا تھا ذیشان کی بات سن کر ہر برا سا گیا

جی بھائی واقع آپ کی گڑیا کڑوڑوں میں ایک ہے اب چلیں.... انا نے بے زاری سے کہا اور اٹھ کھڑی ہوئی ..

سارے راستے انا ہمت جمع کرتی رہی ناہید بیگم کے سامنے جانے کی اب تک وہ مضبوط ظاہر کر رہی تھی خود کو لیکن اب وہ ڈر رہی تھی ناہید بیگم کی طنز بھڑی باتوں سے تب اُس کا صبر جواب دے جانا تھا ...

شکر ہے اگئے تم سب میں میری تو انکھیں ترس گئیں تھیں تم سب کو دیکھنے کے لئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...امنہ ت ت تم

نسیمہ بیگم سب کو لاونج میں اتے دیکھ کر بول ہی رہیں تھیں کہ امنہ بیگم کو دیکھتے نسیمہ بیگم حیران ہو گئیں اُن کی نظر ذیشان اور انا پر نہیں پڑی تھی ابھی...

...اسلام و علیکم بھابی

امنہ تم ان سب کے ساتھ...؟؟

صدیقی صاحب جو اپنے کمرے سے نکل رہے تھے وہ بھی حیرت زدہ رہ گئے... وہ اپنی لاڈلی بیٹی کو اتنے عرصے بعد سامنے دیکھ کر سکتے میں ہی اگ ئے تھے..

...ابو جی

...امنہ بیگم نے روتے ہوئے صدیقی صاحب کو مخاطب کیا اور اُن کے سینے سے لگ کر رونا شروع ہو گئیں مجھے معاف کر دیں میں جان بوجھ کر نہیں گئیں تھی ابو جی آپ کی بیٹی آپ لوگوں کی عزت بچانے کی خاطر گئی تھی لیکن آپ کی ہی پوتی مجھے یہاں لے ائی.. پلیز ابو جی کچھ تو بولیں..

...ابو جی

صدیقی صاحب نے اُن کی یقین دہانی کرتے اپنے بازوؤں میں سمیٹا... اُن کی انکھیں بھی نم ہو گئیں تھیں وہاں کھڑے سب ہی کی انکھیں نم تھیں..

...تم کہاں چلی گئی تھی میری شہزادی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ابو جی اگئ ہوں ناں

...ذیشان انا کو بازوؤں کے حلقے میں چلتا ارہا تھا کہ نسیمہ بیگم ذیشان کو اتے دیکھ کر خوش سے کھل اٹھیں

ارے اج تو بہت خوشی کا دن ہے میری بیٹی اور ضدی پوتا ایا ہے اج تو لگ رہا ہمارے گھر عید ہے..انا کہاں ہے بیٹھی...

...یہ شانی بھائی کے ساتھ اپی ہی ہیں حجاب میں

..عامر نے فوری کہا

نسیمہ بیگم نے اگے بڑھ کر ذیشان کا ماتھا چوما

...مجھے نہیں پتہ تھا اج سرپرائز ڈے ہے..انا یہ کیا بنی ہوئی ہو...اتار واب

نسیمہ بیگم ذیشان سے الگ ہو کر بولیں..تو وہاں کھڑے سب لوگوں کو سانپ سونگھ گیا...نسیمہ بیگم کی بات سن کر

صدیقی صاحب بھی اپنی بیٹی سے الگ ہو کر انا کی طرف متوجہ ہوئے..امنہ بیگم نے صدیقی صاحب کا ہاتھ تھاما ہوا تھا اُن کی ہمت بننے کی کوشش کی تھی کیونکہ انا کو دیکھ کر اُن سے برداشت کرنا مشکل ہو جانا تھا

انا اج سے پہلے تم نے نقاب کیا نہیں اور اج نیا بخار چڑھ گیا ہے..اتار واب...اتنے دن ہو گئے میں نے اپنی گڑیا کو دیکھا ہی نہیں.. اور تم نے رزلت کا بھی نہیں بتایا.. سلیکشن ہوا کہ نہیں..

؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نسیمہ بیگم نے انا سے کہا اور نقاب اُتارنے لگیں... وہاں کھڑے سب کے سانس روکے ہوئے تھے کیونکہ سب نے ہی انا کے ساتھ ہوا حادثہ ہضم کر لیا تھا لیکن نسیمہ بیگم اور صدیقی صاحب کی جان انا میں بستی تھی ..اُن کے چگر کا ٹکڑا تھی

...انا بس نسیمہ بیگم کو ہی دیکھ رہی تھی نم انکھوں سے ضبط کرنے کے چکر میں انکھیں سُرخ ہو گئیں تھیں

.....انا

.....انا یہ تمہارے چہرے پر کیا ہوا ہے... یہ نشان....ب بو بولو کچھ

نسیمہ بیگم انا کا ادھا جلا ہوا چہرہ دیکھ کر بولیں پلاسٹک سرجری سکین کو جوڑا گیا تھا جس طرح سے بھی جڑ سکی تھی نشان ابھی بھی تھے جسے نسیمہ بیگم دیکھ کر حواس باختہ ہوتے بولیں.. صدیقی صاحب بھی تب تک .... نزدیک اچکے تھے انا لاونج کے بیچ وبیچ کھڑی تھی

....انا بولو

.....شانی کیا ہوا میری بیٹی کو

....تم سب لوگ تو گھومنے گئے تھے..پھر یہ سب

..نسیمہ بیگم نے تیز لہجے میں پوچھا

انا بنا اواز کیے رو رہی تھی بتاتی بھی تو کیا... وہ نسیمہ بیگم کے گلے لگے سسکنے لگی اور ناہید بیگم لاونج میں اتیں ...سارا تماشا دیکھے حیرت زدہ تھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بتا کیوں نہیں رہے کہاں تھے اتنے دن....؟؟اور ارشاد اسلم تم لوگ بھی جا کر بیٹھ ہی گ ئے

...تھے...کیوں

...صدیقی صاحب غصے سے پوچھ رہے تھے..صدیقی صاحب غصے سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا

..دادا ابو میں بتاتا ہوں آپ بیٹھیں..پھوپھو سے تو ملیں دیکھیں ہم نے ڈھونڈ لیا ہے...آپ ریلکس کریں

ارے ذیشان ریلکس کیسا...تین دن کا کہہ کر گ ئے تھے امان لوگ پھر ارشاد اسلم بھی چلے گئے

اور اب تم واپس ا گ ئے اور امنہ بھی...لیکن انا کیوں رو رہی ہے

...ابو جی کچھ نہیں ٹھیک ہو جائے گی ہماری گڑیا آپ پریشان نہ ہوں

اسلم صاحب نے اگے بڑھ کر صدیقی صاحب کو سمجھاتے ہوئے کہا

ارے کسے پریشان نہ ہوں میں....میری بچی کس حال میں ہے اور تم لوگوں نے کچھ بتایا ہی نہیں وہاں جا کر

...پیچھے باپ کو ہی بھول گئے تھے

...انا میری جان چپ کر جاؤ ناں...بتاو مجھے کیا ہوا ہے

ب بڑی م ماں ماما....آپ کی انا پر داغ لگ گیا ہے اب یہ ساری زندگی میں دھوؤں گی تو صاف نہیں ہونے

...والا

...انا نے روتے ہوئے کہا روتے ہوئے ہچکیاں بندھ گئیں تھیں انا کی

....داغ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کیا بول رہی ہو

....کوئی کچھ بول کیوں نہیں رہا

صدیقی صاحب ایک دم ہی گرجے تھے عادل عامر تو سہم سے گئے اور انا نسیمہ بیگم سے الگ ہو کر بھاگتے ہوئے اوپر اپنی کمرے میں چلی گئی احان نے اُسے کمرے کی طرف جانے اور دروازہ بند کرتے لب پیچے دیکھا تھا اُس نے اپنی تکلیف برداشت کرنے کے لئے اپنے نچلے ہونٹ کو دانتوں تلے دبایا ہوا تھا..

...امنہ بیگم اپنے دونوں بازوں کو خالی خالی نظروں سے دیکھنے لگیں

..امان نے آگے بڑھ کر اپنی ماں کو تھاما تھا کیونکہ نسیمہ بیگم لڑکھرائیں تھیں

..حاشر صبا اور صفاء کے ساتھ ہی کھڑا رہا وہ نہیں چاہتا تھا دونوں خود کو اکیلا محسوس کریں ان حالات میں

..اپی اب کیا ہو گا...مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے کہیں یہ لوگ ہمیں نکال نہ دیں ادھر سے

...صفاء چپ کر کے کھڑی رہو

صبا نے صفاء کا ہاتھ دباتے دبی آواز میں کہا...صفاء نے تھوڑی سی گردن گھوما کر دوسری طرف دیکھا تو حاشر اُسے ہی گھور رہا تھا وہ بھی صفاء کے خیالات سن چکا تھا..صفاء نے فوری نظریں پھیریں تھیں..

ماما بیٹھیں میں ہم بتاتے ہیں سب لیکن آپ کو ہمت اور حوصلے سے سب سننا ہو گا کیونکہ انا کو ہم نے ہی سنبھالنا ہے اور آپ سے بڑھ کر کون خیال رکھ سکتا اُس کا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عائشہ پانی لاؤ

..امان نے نسیمہ بیگم کو سمجھاتے ہوئے اخر میں عائشہ سے کہا

..امنہ بیگم صدیقی صاحب کے قریب بیٹھ گئیں اُن کا غصہ اس طرح تھوڑا کم ہو جاتا تھا

ذیشان نے اسد سے ملاقات کے علاوہ سب بتادیا.. جسے سن کر صدیقی صاحب ڈھ سے گ ئے.. نسیمہ بیگم بھی سکتے میں ا گئیں تھیں ناہید بیگم کے تو چہرے پر الگ ہی تاثر تھے

لو نا جانے کیا گل کھلا کر ائی ہے جس پر اُس کا چہیتا بھائی پردے ڈال رہا ہے باقی سب کو بھی اسے ہی مطمعمیں کیا ہو گا اگیا ہے واپس اب پتہ نہیں کیا کرے گا...اور پھوپھی صاحبہ کو بھی لے ایا ہے پتہ نہیں اب یہ کثر رہ گئی تھی چلوانا کی اہمیت تو تھوڑی کم ہو گی اب لیکن اُس کی کمی یہ نند صاحبہ نے پوری کر دینی ہے...خوشی اور سکون تو لگتا میرے نصیب میں ہے ہی نہیں..ناہید بیگم نخوست اور بے حسی سے سوچ رہیں تھیں پھر فاطمہ کو بتانے کا خیال ذیہن میں ایا تو دوبارہ اوپر کو مڑ گئیں کسی سے ملنا تو کیا دو بول ہمدردی کے بولنے کی زحمت نہ کی..

..اپی وہ انٹی اوپر جا رہی ہیں کسی سے ملی بھی نہیں سب کتنا دکھی ہیں..اور وہ

..صفاء کی بولتی صبا کے غصے سے دیکھنے کی وجہ سے فوری بند ہوئی

اوپر ہی گئیں ہیں تو انا سے ملنے ہی گئیں ہوں گی..اب تمہارے منہ سے ایک لفظ نہ نکلے وہ پیچھے کھڑا ہے حاشر میں نے اُسے بتادینا ہے..

..صبا نے اخر میں صفاء کو دھمکی امیز لہجے میں کہا تو صفاء منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے ہم کر کے چپ ہو گئ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا اپنے کمرے میں اتے ہی بیڈ پر اوندھے منہ گر کر رونا شروع ہو گئی تھی کتنے دنوں کے روکے انسو اج نکل رہے تھے...

کوئی مجھے پیار نہیں کرے گا اب کسی کو میں اچھی نہیں لگوں گی.. میرے چہرے کو دیکھ کر لوگ خوف کھائیں گے.. کیوں اللہ جی آپ نے کیا میرے ساتھ ایسا.....!!!! میں نے تو کبھی کسی کا دل نہیں دکھایا.. اگر میں اُس کے کہنے پر اپنے آپ کو بچا لیتی شادی کر کے تو میری بات کا کسی نے یقین نہیں کرنا تھا ناہید انٹی کی کہی بات سچ ہو جانی تھی لیکن میں نے ایسا نہیں کیا.. صرف اپنے گھر والوں کے لئے.....!! صحیح کیا تھا ناں تو... کیوں سزا دی آپ نے پھر... جب میں نے کچھ غلط کیا ہی نہیں تھا تو کیوں کیا میرے ساتھ ایسا آپ نے انا روتے ہوئے بے ربط الفاظ میں اللہ سے شکوے کر رہی تھی.. روتے روتے ہی وہ وہیں سو گئی تھی دور کہیں موزن کی اذان کی اواز ارہی تھی لیکن وہ رونے کی وجہ سے اُس کی انکھیں بوجھل ہو گئیں تھیں جو اُسے نیند کی وادیوں میں لے گئی تھیں..

میری بچی کے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا اور کسی نے ہمیں بتایا ہی نہیں ہمیں تو تمہارے انے کا بھی نہیں معلوم تھا تمہارے ہوتے ہوئے یہ سب ہو گیا تمہاری ناک کے نیچے کوئی ہماری گڑیا کے ساتھ اتنی بے دردی سے پیش ایا اور تمہے پتہ ہی نہ چلا...

نسیمہ بیگم نے بھیگی ہوئی اواز میں ذیشان سے شکوہ کنا لہجے میں کہا.. تو ذیشان ایک لمبی سانس کھینچتے ہوئے نسیمہ بیگم کو اپنے ساتھ لگا کر دلاسا دیا..

ابو جی سب ٹھیک ہو جائے گا آپ فکر نہ کریں ہم سب ہیں اور دیکھیں امنہ کو دھونڈ لائے ہیں...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسلم خوشی کے ساتھ ساتھ اتنی بڑی طرح تکلیف ملی ہے کہ سمجھ نہیں پارہا بیٹی کے انے پر خوش ہوں یا پوتی کی تکلیف دیکھ کر دکھی...

اللہ تعالی ہمیشہ خوشی کے ساتھ غم بھی دیتا ہے ہم گناہگاروں کو..

صدیقی صاحب بے بسی محسوس کرتے ہوئے بول رہے تھے وہ چاہ کر بھی کچھ کر نہیں سکتے تھے.

میں انا کے پاس جارہی ہوں میری بچی اکیلے ہی سسک رہی ہو گی میرے علاوہ اُسے کون جان سکتا وہ اپنی تکلیف کسی سے شئیر بھی نہیں کرے گی کبھی...

جی ماما آپ جائیں میں تھوڑی دیر میں اتا ہوں پولیس سے انفارمیشن تو لے کر اؤں اسلام اباد والے افیسرز نے لاہور والوں سے کانٹیکٹ کر لیا تھا امید ہے کچھ تو معلوم ہوا ہو گا.. چلو امان تم بھی ساتھ..

ذیشان نے اٹھتے ہوئے امان کو بھی اُٹھنے کا اشارہ کیا..

عاشی صبا اور صفاء کو روم دیکھادو پہلے ریسٹ کر لیں یہ بھی...

امان نے ان کے کو پریشان دیکھ کر عائشہ کو کہا تا کہ وہ تھوڑا سکون میں اجائیں..

اوو ہہ میں تو بھول ہی گئی تھی اجاو میرے ساتھ.. پھوپھو دادا ابو کے پاس ہی رکیں گیں ناں میں ان کو ان کا کمرہ دیکھادوں..

یہ کون ہیں بیٹا...؟؟

صدیقی صاحب نے نا پہنچانتے ہوئے پوچھا ان کی توجہ بھی اب ہی ہوئی تھی ان کی طرف...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ابو یہ میری بیٹیاں ہی سمجھیں..بلکہ میری بیٹیاں ہی ہیں

..امنہ بیگم کے بتانے پر صبا اور صفاء نے آگے بڑھ کر سلام کر کے سر پر پیار دیا اور عائشہ کے پیچھے چل دیں

...ابو میں بعد میں بتاو گیں سب ابھی اپنے نواسے سے تو مل لیں

..ارے ہاں اوادھر ذیان بیٹا...بلکل احان کی کاپی ہے

...ہمممم آپ کی پوتی نے بھی ایسے ہی منٹوں میں پہچانا تھا اسے

عادل عامر بھی اپنی ماں سے ملنے اوپر چلے گئے تھے تو احان بھی باہر کی طرف جا رہا تھا کہ اُس کے قدم رک

..گ ئے

حانی بیٹا کدھر جا رہے ہو...؟؟

..اسلم صاحب نے احان کو مخاطب کیا تھا

!!..گھر

...احان نے کہہ کر قدم باہر کی طرف موڑ لیے

..امنہ بیگم اور حاشر نے حیرانگی سے احان کو جاتے دیکھا

ہاں اسے اپنے کمرے کے بغیر نیند نہیں اتی تھکا ہوا لگ رہا تھا اسی لئے چلا گیا...اجائے گا رات تک واپس کھانا

..زیادہ تر ادھر ہی کھاتا ہے

..صدیقی صاحب نے اپنی بیٹی کو دھارس دیتے کہا جن کا اپنے بیٹے کو ملے بنا جاتے دیکھ کر چہرہ اتر چکا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی مجھے تو بہت عجیب لگ رہا ہے.. ہم کسے رہیں گے یہاں میں تو کمرے سے بھی باہر نہیں نکل پاوں
... گیں... امی بھی یہاں لا کر ہمیں بھول گئی ہیں ایک دفعہ نہیں بات کی ہم سے
.. صفاء کمرے کا جائزہ لیتے بول رہی تھی اور صبا سر تھامے بیٹھے سن رہی تھی
اپی کتنی پیاری ہو گی ناں انا... حجاب میں بھی وہ کتنی کیوٹ لگ رہی تھی اُس کی بلیک ائز کتنی خوبصورت ہیں
.. لیکن اُن میں رُخامن نظر ایا تھا
صفاء سچ میں وہ بہت پیاری تھی جب میں نے اُسے پہلی دفعہ دیکھا تھا تو کتنی ہی دیر میں دیکھتی رہی تھی کہ خدا
.. کی کتنی خوبصورت تخلیق ہے شاید میری ہی نظر لگ گئی ہو گی
.. صبا افسردگی سے سوچتے ہوئے بول رہی تھی
... اپی کتنا پیار کرتے ہیں سب اُن سے دیکھا نہیں کسے ساروں کی ہی انکھوں میں نمی تھی
ہمم صفاء... تم بس چپ رہنا سب کے سامنے اپنی زبان بند ہی رکھنا... یہ امی کا گھر ہے اور امی گھر والوں کو یہ
!!... نہ لگے کہ امی تربیت اچھی نہیں کی.. ذرا سلیقے سے رہنا سمجھ گئ
اچھا اپی آپ کے تو لیکچر ہی ختم نہیں ہوتے... شکر ہیں آپ کے لاڈلے بھائی اور میرے محترم استاد بزی ہیں
..... پڑھائی سے جان چھوٹی تھوڑا عرصہ
.. صیح کہتے ہیں لوگ انسان کی فطرت نہیں بدلتی وہ ہی حال تمہارا ہے
... صبا خفگی سے کہہ کر واشروم کی جانب بڑھ گئ اور صفاء منہ کھولے اُسے دیکھ رہی تھی

.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کیاہوااماواپس اگئیں انا کے پاس رہنا تھا

...عائشہ وہ سورہی ہے انکھیں سوجی ہوئیں تھیں اُس کی..مجھ سے دیکھا نہیں گیا

...نسیمہ بیگم کرسی پر دھ سی گئیں بتاتے ہوئے.

ناہید کہاں ہے...؟؟

...چچی کو تو میں نے نہیں دیکھا کب سے

...اللہ اُس کے دل میں رحم ڈالے....ورنہ میری بچی کے ساتھ ناجانے کیسا رویہ رکھے

ذیشان امان بھی نہیں ائے..؟؟

..نہیں ماما میری بات ہوئی ہے امان سے تھوڑی دیر میں ائیں گے

..عائشہ نے چائے کا پانی رکھتے ہوئے مصروف سے انداز میں جواب دیا

عائشہ تم تو بھابی کے ساتھ ساتھ بہنوں جسی دوست ہو میری گڑیا کی تم بھی خیال نہ رکھ پائی...؟؟

ماماہم نے آپ کو سب حقیقت بتائی تو ہے احان سے ملنے جارہی تھی لیکن اُس کے ساتھ دو رومز چھوڑ کر جو.

روم تھا اُس میں ملی اور وہ بھی اس حالت میں عادی کی نظر پڑی تھی تو عامر بھاگا یا ہمیں بتانے..ہم میں سے

کوئی نہیں جانتا وہ وہاں کسے گئیں..ہم پر تو خود قیامت توٹی تھی...شانی بھائی نے ہی سنبھالا انا کو اور باقی باتیں

انہیں ہی پتہ ہیں...ماماہم تو یہ سوچ رہے کون ہے وہ جو انا کو ناپسند کرتا جو اُس نے ایسا کیا.....اتنی خوش تھی

....حادثے سے پہلے اور اب

...عائشہ دکھی لہجے میں بتارہی تھی انا کا چہرہ اُس کے تصور میں تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....

اگ ئے... اُ گیٔ یاد... ایک عدد گھر بھی ہے....باپ بھی ہے ایک.... تم تو ننھیال والوں

.....کے ہی ہو کر رہ گ ئے ہو.. رہنا تھا اُدھر ہی

...شہزاد صاحب نے طنزیہ لہجے میں احان کو اندر آتے دیکھتے کہا

...بابا میرا موڈ نہیں ہے فلحال آپ کو بعد میں بتاوگا

یہ تمہاری اواز کیوں بیٹھی ہوئی...؟؟گلہ خراب ہے...؟؟اتنے دن کیوں لگادیے.دو تین دن کا کہہ کر

..گ ئے تھے

..بابا پلیز بعد میں....ابھی میں سونا چاہتا ہوں

...احان کہہ کر اپنے کمرے کی طرف چل دیا

..کمرے میں جا کر وہ صوفے پر گیرنے کے انداز میں بیٹھا اور انکھیں موند کر سر صوفے کی پشت پر گیرا دیا

..انا کا چہرہ اُس کے سامنے ایا کانپتے ہاتھ نقاب میں لپٹا چہرہ کالی انسوؤں اور غم سے بڑھی آنکھیں

..احان نے پٹ سے انکھیں کھولیں...وہ انا کا یہ روپ برداشت نہیں کر پا رہا تھا

کیا کروں کہا جاؤں....انا آپ نے مجھے کچھ بتایا ہی نہیں...کون تھا وہ شخص...کس نے بدلہ لیا...شانی بھائی

کو آپ نے بتادیا...اور انہوں نے مجھے بتایا بھی تو طنز کے تیروں کے ساتھ...کہاں چھوڑا میں نے آپ کو

..اکیلا...میں تو سوچ سوچ کر تھک چکا ہوں...ہر وقت تو آپ کو اپنی نظروں میں رکھا تھا

..ہاتھوں سے بال جکڑے وہ سوچ رہا تھا جب سوچ سوچ کر تھک چکا تو شیشے کے سامنے جا کر کھڑا ہو گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ سے زیادہ میں درد میں ہوں....ایک طرف ماں ہے جس سے میں کیا کہوں...اور آپ....آپ کی تکلیف کا سوچ کر جان نکل رہی ہے میری....دل کر رہا ہے اونچا اونچا روؤں...لیکن آپ کی وہ بات یاد آ جاتی ہے....

احان ہر کسی کے سامنے رونے والے مرد کبھی مضبوط نہیں بن سکتے...لیکن میں تمہے مضبوط اور نڈر بنا ہوا دیکھنا چاہتی ہوں...اج کے بعد پھوپھو کو یاد کر کے میں تمہیں روتا نہ دیکھوا تنے بڑے ہو کر بھی تم بچوں جیسی حرکتیں کرتے ہو...اور ویسے بھی روتے ہوئے تم پورے جن لگتے ہو...اخری بات یاد احان پھیکا سا مسکرایا تھا اور انکھوں کے کنارے فوری صاف کیے...

....احان دروازہ کھولو

...شہزاد دروازہ بجانے کے ساتھ ساتھ احان کو بھی مخاطب کر رہے تھے

...کیا ہو گیا ہے بابا....دو گھڑی سکون سے تو رہ لینے دیں

..احان تمہاری انکھیں کیوں لال ہیں روئے ہو

شہزاد صاحب نے احان کی بات اگنور کرتے ہوئے پوچھا..وہ اُس سے یہ پوچھنے ائے تھے کہ اتنے دن کیوں لگا دیے تسلی نہیں ہو رہی تھی اُن کی...

..بابا میں ٹھیک ہوں

..تم نہیں بتا رہے تو میں صدیقی ہاؤس جا کر خود پتہ کر لیتا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...نہیں آپ وہاں نہیں جائیں گے

..احان نے فوری کہا کہیں وہاں چلے ہی نہ جائیں اور امنہ بیگم کو نہ دیکھ لیں

...کیوں میں وہاں کیوں نہیں جا سکتا

..شہزاد نے ایک ائی برو اٹھاتے پوچھا

بابا سب تھکے ہوں گے سو ریسٹ کر رہے ہوں گے...اج ہی یاد ایا آپ کو جانا...اب پلیز مجھے بھی ڈسٹرب

..نہ کریں میں سونے لگا ہوں رات سے پہلے نہیں اُٹھوں گا

...ٹھیک ہے نہیں جاتا...دو تم بھی طعنے...رات کو بات کیے بغیر میں سونے والا نہیں

...شکریہ آپ کا بہت

..احان نے کہہ کر دروازہ بند کر دیا اور ایک لمبی سانس ہوا کے سپرد کی

اگر بابا چلے گ ئے وہاں اور ماما کو دیکھ لیا....تو کیا ہو گا.. نہیں میں ایسا کچھ نہیں ہونے

..دوں گا

اف میں کیا کروں انا آپ بھی بات نہیں کر رہیں...کسے بتاوں اپنی ٹینشن....اللہ آپ ہی بتائیں کسے ختم

..کروں ان تکلیفوں کو

احان بے بسی سے سوچ ہی رہا تھا کہ اس کے ذہن میں جھماکا ہوا

زندگی کے ہر موڑ پر جہاں امتحان ہوتے ہیں وہیں اللہ کی مدد بھی موجود ہوتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچانک احان کو انا کا کہا ہوا جملہ یاد آیا تھا

ہاں میں آپ کو بکھرنے نہیں دوں گا...انا آپ نے تو ہر موڑ پر ہر امتحان میں میرا ساتھ دیا ہے اب میری باری ہے میں ثابت کروں گا کہ مجھ سے بہتر آپ کا کوئی بہتریں دوست نہیں ہے...

ماما جو بھی ہوا ہو اُس کے ساتھ...پر کمال کیا ہے کسی نے بھی....اب آپ دیکھیں کسے سارے اُسے پیار کرتے ہیں ارے ماما اب تو کوئی اُسے نظر بھر کر دیکھے گا ہی نہیں...اف مجھے بتانے سے سوچ سوچ کر ا.لقی ا رہی..میں تو کبھی نہ دیکھوں.

فاطمہ بے حسی سے بول رہی تھی..

بیٹا جی ذیشان بھی آگیا ہے یہ بھی شاید میں نے آپ کے کانوں میں رس گھولا ہے..

ماما تو کیا ہوا کچھ نہیں کرے گا وہ اگر کچھ کرنے کی کوشش کرے گا تو میں انا کا چہرہ دیکھا کر ائینہ دیکھا دوں گی پھر نہیں بول پائے گا..

فاطمہ مصروف سے انداز میں فون پر کسی کو مسیج ٹائپ کرتے ہوئے بولی..تو تھوڑی ہی دیر بعد اُس کا فون بجنے لگا...

اب یہ کس کا فون ہے میں بات کر رہی ہوں...کاٹو فوں..

اوف اوماما آپ کبھی کبھی حد کرتی ہیں...یہ لیں کاٹ دیا..اب اور کیا بتانا باقی ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....انا کی کمی پوری کرنے والی بھی ساتھ ائی ہے امنہ احان کی ماما اور میری نند صاحبہ

...ناہید بیگم نے چباچبا کا کہا

...اووووو.....کیا انٹری ہوئی ہے...واہہ

...فاطمہ تالیاں بجاتے ہوئے کہا..تو ناہید بیگم نے فوری گھورا

...ماما.....ماما

...عادی عامر دونوں ناہید بیگم کو پکارتے اندر داخل ہوتے ہیں

...کیا ہو گیا ہے ماما آپ کے بیٹوں کو..اتے ہی شور

...اپی آپ اسی لئے ہمیں اچھی نہیں لگتیں...کیو یک آپ پیار سے بات ہی نہیں کر سکتیں کسی سے

..عادی نے خفگی سے کہا...فاطمہ کو تو اگ ہی لگ گئی تھی یہ سن کر...وہ اگ بگولا ہوتی بولی

ہاں اب وہ خوبصورت اپی کے بارے میں بھی اپنے خیالات بتاو...میرے بارے میں تو بتا دیے اس کا بھی

حال سنا دو...ویٹ ویٹ ماما...تھوڑی دن تک یہ کہیں گے ہمیں انا اپی سے ڈر لگتا ہے ہاہاہا...فاطمہ نے قہقہ

..لگاتے ہوئے بولا

....ماما اپ دیکھ رہیں ہیں اپی کو

عامر نے دکھی لہجے میں کہا تو ناہید بیگم نے اُسے اپنے ساتھ لگا لیا عادل کو بھی پھر دونوں کو پیار کرتے باہر کی

...طرف لے جانے لگیں...فاطمہ کو غصے میں گھورتے ہوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ہوں... بڑے ائے بہن کے چہیتے

.....

امنہ تم نے اچھا نہیں کیا یہاں سے جا کر... اپنے باپ کا ہی سوچ لیتی.. تمہارے جانے کے بعد بہت غلط باتیں سنی اور برداشت کیں ہیں ہم سب نے... لیکن اب ہم تمہے کچھ نہیں کہیں گے.. قسمت کے لکھے پر یقین کر لیا تھا ہم نے..

ابو جی.. میں شرمندہ ہوں... ڈر گئی تھی طاق کے داغ سے اس لے گھر سے بے گھر ہو گئی اور جہاں گئی تھی اُس گھر میں بھی قیامت توٹی ہوئی تھی.. پھر اُن بچیوں کی خاطر میں نے اپنی زندگی وقف کر دی.. ابھی بھی ذیشان زید نہ کرتا اور حالات ایسے نہ ہوتے تو میں واپس نہیں انا تھا..

امنہ بیگم نے روندھتی اواز میں کہا اور انسو صاف کیے...

حالات.... ہمم میرا تو سوچ سوچ کر ہی دم گھٹ رہا.. میری شہزادی جسی پوتی کے ساتھ یہ سب ہوا ہی کیوں.. ایک دفعہ مل جائے وہ شخص... اپنے ہاتھوں سے سزا دوں گا.

صدیقی صاحب نے اپنے دونوں ہاتھ سامنے کرتے ہوئے ہتمی لہجے میں کہا..

دادا ابو... پھوپھو چائے....

عائشہ چائے کے کپ پکڑاتے ہوئے بولی.

بیٹا ائے نہیں دونوں....؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!..لیں اگ ئے

..ذیشان اور امان صوفے پر اکر ڈھ سے گ ئے

.کیا ہوا بچوں..پتہ چلا کچھ

دادا ابو کچھ پتہ نہیں چل رہا...کوئی ڈیٹیل نہیں تھی اُس لڑکے کی ہوٹل میں نام کے علاوہ..پولیس کھوج لگا

..رہی ہیں

..امان نے سر کے اشارے سے نہیں کہتے ہوئے بتایا

کچھ نہیں کرنے والی پولیس..سارے بس پیسے کھانے کے لئے ہے...اب میں خود دیکھوں گا سب...اور

.....بالوں سے گھسیٹتے ہوئے آپ سب کے سامنے لاوں گا

..ذیشان طیش سے بولا اور نسیمہ بیگم کو اواز دینے لگا

ارام سے برخوردار...غصے کو پینا سیکھو..تو ہی مسئلے حل ہوں گے..اجاتی ہے تمہاری ماں زیادہ جذباتی ہونے

..کی ضرورت نہیں ہے

اسلم صاحب صدیقی صاحب کے پاس بیٹھتے بیٹے کو دیکھتے ہوئے کہہ رہے تھے ماتھے پر واضح ناگواری کی

..لکیریں تھیں

..جی میں جانتا ہوں

..ذیشان نے لاپرواہی سے کہا اور خود کی انا کے کمرے کی طرف چل دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے ذیان بیٹا تم جب سے ائے ہو چپ ہو...؟؟

نہیں بڑے ماموں بس آپ سب کو دیکھ کر بچپن یاد کرنے کی کوشش کر رہا ہوں اور سوچ رہا ہوں کتنے یادگار لمحے ہم نے کھو دیے ہیں...

تم بہادر ماں کے دلیر بیٹے ہو کر افسردہ لگ رہے ہے...دیکھو میری بہن کو کتنی مضبوط ہے....

اسلم صاحب امنہ بیگم کو دیکھتے ہوئے بولے..

اے اللہ ہماری گڑیا کو اتنی ہمت والا بنا دے وہ بہت ناسمجھ ہے زمانے کی تلخیاں برداشت نہیں کر پائے گی...اسلم صاحب دل میں انا کے لئے بھی دعا مانگنے لگے شاید کسی قبولیت کی گھڑی میں دعا قبول ہو جائے..

.....

ایک مہینہ گزر چکا شانی بیٹا گیا تھا لیکن انا کمرے تک محدود ہو کر رہ گئی تھی...

انا اپی میں اندر اجاوں...؟؟

صفاء دروازے کے پاس کھڑی معصومیت سے پوچھ رہی تھی

انا کے ماتھے پر بل پڑ گئے تھے صفاء کی بات سن کر..

کیا لینا ہے اندر اکر...

اپی میں بور ہو رہی تھی صبا اپی بھابی کے ساتھ کیچن میں ہیں میں آپ کے پاس اگئی ہوں.

صفاء نے انا کو ہلکی سی مسکراہٹ ہونٹوں پر لاتے ہوئے کہا تھا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی آپ روم میں بور نہیں ہوتیں سارا دن آپ کی فرینڈز ری اپی ائیں تھیں ناں اُس دن وہ بتا رہیں تھیں آپ بہت بولتی ہیں بہت اینجوائے کرواتی ہیں.. لیکن آپ تو بولتی ہی نہیں میں بھی بہت بولتی ہوں چلے ہم مزے مزے کی باتیں کرتے ہیں آپ ناول پڑھتی ہیں.

...صفاء نے اکسائٹیڈ ہوتے پوچھا

..نا میں بولتی ہوں نا میں ناول پڑھتی ہوں تمہے کوئی کام نہیں ہے تو جاو...مجھے سونا ہے لائیٹ اوف کر جانا

..انا نے بے زاری سے کہا اور کمبل میں منہ کر کے لیٹ گئ

..اپی مغرب ہونے والی ہے آپ اس ٹائم نہ سوئیں.. نماز نہیں پڑھنی

..نہیں

..انا نے یک لفظی جواب دیا

...صفاء تھوڑی دیر وہی کھڑی رہی جب انا کی طرف سے کوئی ریسپونس نہ ایا تو خاموشی سے باہر نکل گئ تھی

اس ایک مہینے میں صبا اور صفاء بھی امنہ بیگم کے ساتھ اس گھر میں گھل مل گئیں تھیں..انا کسی سے نہ ملتی تھی ...نہ بات کرتی تھی زیادہ...بلکہ اُس نے لوگوں کے سامنے انا ہی چھوڑ دیا تھا

اب بھی صفاء کے جانے اور دروازہ بند ہونے کی اواز سن کر وہ اٹھ بیٹھی اور بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئ..

اور خلاؤں میں کچھ تلاش کرنے لگی.. تھوڑی دیر بعد اذانوں کی اوازیں انے لگیں تو وضو کرنے کے ارادے سے اٹھ کر واشروم کی طرف چل دی..ایک روبوٹ کی طرح کسی احساس سے عاری زندگی بنالی تھی اُس نے اپنی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفاء بیٹا انا کے روم سے ارہی ہو...وہ کیا کر رہی ہے..؟؟

..بڑی انٹی اپی سو رہی ہیں

صفاء نے منہ بسورتے ہوئے جواب دیا تھا

...اس ٹائم...!! چلو میں دیکھتی ہوں خود جا کر

...نسیمہ بیگم کہہ کر انا کے کمرے کی جانب بڑھ گئیں تھیں

صفاء مجھے ذرا حاشر کا نمبر ملا کر دو میں پوچھوں پیپرز کیسے ہو رہے ہیں...ہوسٹل میں کھانا ٹھیک ملتا ہے...

..نا جانے کب واپس ائے

..امنہ بیگم نے صفاء کو کہا جو انھی ہی کی طرف ارہی تھی جو لاونج میں بیٹھی ہوئیں تھیں

..امی ملا دیتی ہوں

اپی صبح سے بات ہی نہیں کر تیں مجھ سے...اج بھی ڈانٹ کر نکال دیا کمرے سے..میں تو ان کی بوریت دور

..کرنے گئی تھی

صفاء ابھی وہ دکھی ہے اس حادثے کو قبول کرنے میں ٹائم لگے گا...بس اُس سے منہ نہ موڑنا...بڑی اچھی اور

...معصوم ہے وہ

..میرے سے بھی زیادہ معصوم....صفاء نے مسکین شکل بناتے پوچھا

..جی تم سے بھی زیادہ...اور ب بی اپنے نام کے آگے سے معصوم ہٹا دو...تم اور معصوم..اللہ معاف کرے

..صفاء تو امنہ بیگم کی بات سنتے ہی صدمے میں چلی گئی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بس کر دو اجاو ہوش میں... فون ملا دو

...یہ لیں...اور پلیز میرا پوچھیں تو کہہ دینا پڑھتی ہوں میں

..صفاء نے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا اور فون پکڑا کر چلی گئی

ہائے.....میں امی سے کسے کہہ ائی میرا پوچھیں تو کہنا....وہ میرا کیوں پوچھیں گے...صفاء تجھ سے بڑا پاگل نہیں اس دنیا میں..امی کیا سوچیں گیں میرے بارے میں..ہائے دماغ میں ہی تو گھوسے رہتے ہیں ابھی !!.... کہیں سے حاظر ہو کر یہ نہ کہیں صفاء بکس لے اؤ...اسی لئے اسی خوف میں منہ سے نکل گیا..اف

...صفاء کیوں بر برا رہی اپنے آپ سے

...کچھ نہیں عائشہ بھابی روم میں جا رہی ہوں نماز پڑھنے

..اچھا جاؤ پگلی

.....

نسیمہ بیگم جب انا کے روم میں ائیں تو انہیں سسکیوں اور ہچکیوں کی اواز سنائی دی تھی انہوں نے چاروں طرف نظر دورائی تو انا انہیں جائے نماز پر سجدے میں ہچکیوں سے نظر ائی..نسیمہ بیگم تیزی سے انا کی طرف لپکیں..

انا میری بچی...میری گڑیا...کیا ہوا ہے...؟؟اسے کیوں رو رہی ہو..؟؟بتاو کسی نے کچھ کہا ہے...؟؟ناہید نے...؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نسیمہ بیگم نے انا کو اٹھاتے انسو صاف کرتے ہوئے پوچھا....اُن کے خود ہاتھ پاؤں پھول گ ئے تھے انا کی اسی حالت دیکھ کر...

ب ب بڑبڑی م مم ماما میرے ساتھ ایسا کیوں ہوا...سب لوگ مجھ پر ترس کھا رہے ہیں..کاش میں اُس دن مر ہی جاری..تو اج لوگوں کی خود پر ترس بڑھی نگاہیں تو نہ دیکھ پاتی...میں تو اب بس اللہ سے صبر کی دعا مانگ رہی اور اپنے نہ کردا گناہوں کی معافی مانگ رہی ہوں..شاید میں اسے ٹھیک ہو جاؤ..بڑی ماما پلیز آپ بھی میرے لئے دعا کیا کریں ناں...میں آپ کا دل دکھا کر گئ تھی اسلام اباد....آپ کا دل نہیں تھا مجھے بھیجنے کو..میں ضد کر کے چلی گئ تھی اگر آپ کی بات مان لیتی تو کبھی ایسا نہ ہوتا..پلیز مجھے معاف کر دیں....

انا نے روتے ہوئے ہچکیوں کے درمیان بول رہی تھی اور نسیمہ بیگم کا کلیجہ پھٹ رہا تھا انا کی باتیں سن کر....!!

بس....بس میری بچی...میں اپنی گڑیا سے کبھی ناراض نہیں ہو سکتی اور کوئی میری گڑیا کو اسے دیکھیں تو سہی...میں اُس انکھیں نہ نکال لوں.....نسیمہ بیگم نے انا کو اپنے سینے سے لگاتے کہا...

چلو اٹھو شاباش...میری شہزادی تو بہت بہادر ہے...اسے کسے رونے لگ گئ.....

بڑی ماما آپ کی انا شہزادی نہیں رہی اب..

انا نے اٹھتے ہوئے بولا...

میری بیٹی شہزازی ہے...اور ہمیشہ رہے گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بڑی ماماشہزادیوں کے چہروں پر داغ نہیں ہوتے...لیکن اپ کی بیٹی داغ دار ہے

...انا تلخی سے بول ہی رہی تھی کہ نسیمہ بیگم غصے میں اتے بولیں

خبر دار انا...اب میں تمہارے منہ سے نہ سنوں...بس....اب اور نہیں...کوئی داغ نہیں ہے تم پر....

بے داغ ہو...ذرا سا نشان ہے اسے اپنی کمزوری نہیں طاقت بناؤ...انا کا مطلب باعزت لڑکی...تو میری انا با

...عزت اور بے داغ ہے.....سر اٹھا کر جیے گی ساری زندگی میری انا

...نسیمہ بیگم نے اخر میں بھیگی اواز میں کہتے انا کو خود میں سمو لیا

...بڑی ماما میرا دل کرتا ہے میں پھوپھو کی طرح بہادر بن جاؤں لیکن پھر ہمت ٹوٹ جاتی ہے

انا سب سے ملو گی باتیں کرو گی تو ہمت اۓ گی ناں...کل احان پھر ایا تھا تم سوتی بن گی ملی بھی نہیں اُس سے

ذیشان امان سے بھی زیادہ بات نہیں کرتی آپ کو پتہ دادا ابو کتنے دکھی ہیں آپ کے لئے...کتنا پیار کرتے

..آپ سے سب...اور آپ نے سب سے صرف اتنے سے نشان کی وجہ سے ملنا چھوڑ دیا

..نسیمہ بیگم پیار سے اُس کے بال سلجھاتے ہوئے بول رہیں تھیں

بڑی ماما سب مجھ سے اتنا پیار کیوں کرتے ہیں اُس دن ناہید انٹی مجھے جوس دے کر میرے سر پر پیار دے کر

گیں تھیں پتہ نہیں ترس کھا کر یا مجھ پر رحم اگیا تھا اس لئے کچھ بھی کہا...باقی سب بھی ایسے ہی پیار کرتے

...حالانکہ اب تو میں خوبصورت بھی نہیں رہی

...انا پھیکی سی مسکراہٹ سے بولی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا جانتی ہو کچھ لوگوں کو اللہ نے واجب المحبت بنایا ہوتا ہے بہت خاص ہوتے ہیں اُن کی خوبصورتی سے نہیں اُن سے محبت ہوتی ہے..اور میری انا بھی واجب المحبت ہے...سب آپ کو ایسے ہی پیار کریں گے ہمیشہ ...دیکھ لینا...کیونکہ میری محبت لینے کے لئے بنائی گئی ہے پھر یہ نشان کی کوئی ویلیو نہیں ہماری نظر میں ..بلکل ہماری گڑیا پر واجب المحبت ہے ماما....آپ نے تو خوش کر دیا یہ بات کر کے

ذیشان اندر آتے ہوئے بولا وہ بھی نسیمہ بیگم کی باتیں سن چکا تھا نسیمہ بیگم کی بات سن کر انا تو پلک جھپکانا ہی بھول گئی تھی

...ذیشان نے نزدیک آکر ماں کو مسکراتے ہوئے دیکھا اور انا کے سر پر بوسہ دے کر سینے سے لگایا

کسی ہے میری گڑیا رانی...؟؟

!!..ٹھیک ہوں بھائی

ماما اب میں اپنی گڑیا سے باتیں کر لوں آپ پلیز چائے بنا دیں...اس نے تو چائے پلانی نہیں مجھے اپنے ہاتھوں کی....!!

ذیشان نے انا کے سر پر ہلکی سی چپٹ لگاتے کہا

!!!....بھائی...مار کیوں رہے ہیں

مار کھانے والے کام نہ کرو...آج ایک خرگوش آیا تھا میرے آفس میں تمہاری شکایت لے کر...تم نے اُس ...سے بائیکاٹ کیا ہوا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نسیمہ بیگم دونوں بہن بھائیوں کو نوک جھوک کرتے دیکھ کر انا کی طرف سے مطمعین ہو کر روم سے نکل گئیں..

...ہاہاہا....آپ نے حانی کے بچے کو خرگوش بنا دیا

...انا ہنستے ہوئے بولی..ذیشان تو اُس کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر ہی نہال ہو گیا تھا

...میں نے احان کے بچے کو نہیں احان کو ہی خرگوش کہا ہے

....بھائی وہ بہت پوزیسیو ہے اُس نے اپنے بارے میں خرگوش کا لفظ سن کر بے ہوش ہو جانا ہے

...چلو میری گڑیا کے چہرے پر مسکراہٹ تو آئی چاہئے وہ خرگوش کی بات سن کر ہی آئے ہمم..

...انا بیڈ پر بلینکٹ اُوڑھ کر بیٹھ گئی

...یار روم کی تھوڑی چینجیز کروالو

.....بھائی چھوڑیں ٹھیک ہے سب

انا نے بے زاری سے کہا

...اچھا انا ایک بات تو بتاؤ

..ذیشان انا کے ساتھ بیٹھتے ہوئے بولا

!!....جی بھائی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم نے کبھی اُس لڑکے کے ساتھ فاطمہ کو دیکھا تھا...؟؟

نہیں بھائی صرف دو بار ملی تھی اور میرے لئے عبرت ناک ہی بن گ ئے

..انانے دکھی لہجے میں کُشن پر انگلیاں پھیرتے کہا

!!....ویسے بھائی آپ کیوں پوچھ رہے...؟؟کیا فاطمہ کے ساتھ

ارے نہیں مجھے فاطمہ پر شک ہو رہا تھا تو اس پر نظر رکھوائی ہوئی...اج اُسے اور اُس لڑکے کو ایک پارکینگ ایریا میں دیکھا گیا ہے...ہاتھ سے نکل گیا میرے...میرا دھیان فاطمہ کی طرف چلا گیا تھا...شاید میرا وہم ہو.....

.....ذیشان نے اسے بتانا ضروری سمجھا کیونکہ جب انا اُس کو ساری حقیقت بتا چکی تھی

بھائی آپ اُسے سزا دلوا کر کیا کریں گے اُس نے جو کرنا تھا وہ تو کر دیا ہے اب بدل تو نہیں سکتا کچھ.... چھوڑ دیں کیوں ہلکان کر رہے خود کو...

نہیں گڑیا اُس کو اُس کے کیے کی سزا میں دے کر رہوں گا...

.....

..اپی آپ تو مجھے یہاں لفٹ ہی نہیں کرواتیں..میں آپ ہی کی اکلوتی بہن ہوں

صفاء ڈرامے بازیاں نہ کیا کرو...پڑھ لو ورنہ حاشر نے اکر ڈبل ٹریپل کلاسز لینیں...میں تب کچھ نہیں بولوں گی...

...صبا کا انداز وارننگ دینے والا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...اچھا اپی پڑھ لوں گی ساری زندگی پڑھنا ہی ہے

...اپی امی کتنی خوش ہیں یہاں اکر... لگتا ہی نہیں وہ بیمار تھیں

...ہاں صفاء امی کو نئی زندگی مل گئی یہاں اکر....اللہ انہیں ہمیشہ خوش رکھے

..امین

.صفاء نے فوری کہا

!!...ویسے اپی احان بھائی کے...کے...بابا..میرا مطلب ہے امی کے شوہر نہیں ائے ابھی تک

..صفاء نے ہچکچاتے ہوئے پوچھ ہی لیا

اب یہ بات تمہارے ذہن میں کیسے ائی..؟؟

اپی وہ ناہید انٹی امی کو کہہ رہیں تھیں اب شوہر کو دیدار کروادو اپنا یا باقی کی رہی سہی زندگی باپ کے در پر

.... گزارنی ہے

صبا: یہ سب باتیں تم نے کب سنیں...؟؟

... تھوڑے دن پہلے

...جان بوجھ کر نہیں سنیں

...صبا اُسے گھور رہی تھی تو صفاء نے فوری صفائی پیش کی

...آپ کو پتہ امی نے کیا کہا

.....اگر میں نی کہوں گی تو پھر بھی تم نے بتانا تو ہے ہی...اس لئے بولو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..صبا تھوڑا خفگی سے بولی تھی

امی نے کہا...بھابی اگر مجھے شوہر سے ملنا ہی ہوتا تو میں یہاں سے جاتی ہی کیوں...اور آپ فکر نہ کریں میرے بیٹے ماشاءاللہ سے اتنے قابل ہیں میری ذمہ داری سنبھال لیں گے اپ کے شوہر پر بوجھ نہیں بنوں گی ...آپ اپنی فکر کریں

...ائیندہ کسی کی باتیں نہ سننا

..صبا نے انگلی دیکھاتے اڈر دیا

اپی ناہید انٹی کو تو ہم بھی اچھی نہیں لگتیں..ہمارے بارے میں بھی اتنی بُری باتیں کر رہیں تھیں وہ تو بڑی ...انٹی اگئیں تو میں باقی سن نہیں پائی

..صفاء منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے بتا رہی تھی اور صبا کے ماتھے پر پڑتے بلوں میں اضافہ ہو رہا تھا

...صبا آپ کو بڑے گھر میں چلنے کے طریقے نہیں معلوم

بڑے گھر میں اکڑ کر مغرورت سے چلتے ہیں..یہ ان کا ماننا ہے...اگر آپ کے علاوہ یہاں دیوار بھی ہوتی اور یہ محترمہ اُس سے ٹکراتیں تو بیچاری دیوار کو بھی یہ ہی سُناتی...دیوار کا قصور ہے ان کا نہیں..اُن کا دھیان تو ...سارا چلنے میں تھا

..ذیشان کی بات سُن کر فاطمہ کا چہرہ غصے سے لال ہو گیا تھا

...آپ ویسے ہی چلیں اس گھر میں جسے چلتی ہیں ان کی باتوں پر عمل مت کریے گا

...کیونکہ اکڑ کر زمین میں چلنے والوں کو خدا پسند نہیں کرتا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بے شک

...صبا نے فوری کہا تھا... جس پر ذیشان نے مسکرانے پر اکتفا کیا

وہ میں انا کے لئے جوس لے کر جا رہی تھی... یہ تو گیر گیا... میں اور لے اتی... اینڈ ایم سوری فاطمہ... میری وجہ سے اپ کے کپڑے خراب ہو گ ئے...

...صبا نے فورمل انداز میں کہا اور نیچے کی طرف چل دی

مغرور لوگ اکڑ کر ہی نے ہیں... لیکن آپ تو اس گھر میں سر جھکا کر ہی چلتے ہیں... بہت افسوس کی بات ہے..

...فاطمہ نے دانت دیکھاتے کہا

....یہ بھول ہے تمہاری لڑکی

..اپنی اوقات میں رہنا... ورنہ اس دفعہ میں چپ نہیں رہوں گا

...اووووو..... آپ مجھے دھمکی دے رہے ہیں

....فاطمہ تھوڑا اگے جھگتے بولی اور انگلی سے اپنی طرف اشارہ کیا

....وارنیگ دے رہا ہوں

....اب جاؤ... اپنی یہ شکل لے کر

....ذیشان کہہ کر مڑ گیا ایک قدم اُٹھایا ہی تھا کہ فاطمہ کی اگلی بات سن کر واپس پلٹا

!!.....ہاہاہا... میری شکل آپ کی داغ دار نا جانے کیا لگتی ہے اُس سے تو بہتر ہے ماشاءاللہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان اپنا غصہ کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہا تھا وہ نہیں چاہتا تھا پچھلی دفعہ کی طرح پھر کوئی تماشا ہو اور انگلی اُسی پر اٹھے..

...تمہاری شکل کی طرح تمہاری سوچ اور زبان بھی گھٹیا ہے

..ذیشان کہہ کر لمبے لمبے ڈگ بھرتا چلا گیا

..فاطمہ کمرے میں اکر اپنا غصہ کم کرنے کے لئے ادھر سے اُدھر ٹہل رہی تھی

ناجانے کیا ہے اُس انا میں جو یہ شخص دم بھرتا نہیں تھکتا...اصولاً تو اب اُس بدصورت سے سب کو دور ہو جانا چاہیئے..لیکن اب بھی جان بنی ہوئی سب کی...پتہ نہیں کسی قسمت لکھوا کر ائی ہے...

چھوڑو گی نہیں میں اس صبا کو بھی...کسے مجھ پر ہنس کے گئی تھی...

فاطمہ کی برابہت عروج پر تھی یہ جانے بغیر کے بُرا کرنے والوں کا انجام بھی بُرا ہی ہوتا ہے..*اللہ بھی اُس کو ہدایت دیتا ہے جو ہدایت لینا چاہے*.

..انا.....انو.....سنو وائیٹ

...کیا ہو گیا عاشی کیوں چیخ رہی ہو

...انا واشروم سے نکلتے تولیے سے منہ صاف کرتی بولی

...دادا ابو کہہ رہے نیچے اجاؤ...ناشتے پر

..عاشی ابھی صبا اپنی جوس دے کر گئیں تھیں وہ پیا ہے ناشتا کرنے کا موڈ نہیں...تھوڑی دیر بعد کر لوں گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...انا دادا ابو کل بھی چائے پی کر افس چلے گئے تھے اُن کی خاطر تو کھانے کی میز پر اجایا کرو

..عائشہ نے منت بھرے لہجے میں کہا تھا

...اچھا لیکچر نہ شروع کر دینا چلتی ہوں

...انا نے کہہ کر بالوں کو اگے کیا جس طرح کل عادی نے کیا تھا

...چلوٗ

سٹائل بنانے میں ہماری انا کا خواب نہیں

..عائشہ نے خوشی سے انا کو دیکھتے کہا

..کل عادی نے کیا تھا ایسا... تو فیل نہیں ہوا کچھ اسی لئے بال اگے کر لیے

..نیچے اکر انا نے سب کو سلام کیا اور صدیقی صاحب کے ساتھ والی کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی

..ارے میری گڑیا ائی ہے اج تو جم کر ناشتا کروں گا میں... مجھے کوئی نہ روکے

..صدیقی صاحب چہکتے ہوئے بولے..انا بس ہلکا سا مسکرا دی

ارشاد صاحب بھی اپنی بیٹی کو اتنے دنوں بعد دیکھ کر مطمعمیں سے ہو گئے تھے البتہ ناہید بیگم خاموشی سے اپنی پلیٹ پر جھکی رہیں...

..انا اج میں نے الو کے پراٹھے بنائیں ہیں

.امنہ بیگم اُس کی پلیٹ میں پراٹھا رکھتے بولیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھوپھو ہم معصوموں کو بھی دے دیں..اور پھوپھو اس عادی بھکڑ کو سب سے پہلے دینا تھا ورنہ اس نے ہمارے پراٹھوں کو نظر لگا دینی تھی اور ہمیں ہضم نہیں ہونے تھے..پلیز پہلے اس کو دیں تاکہ اس کی نظریں اپنے پراٹھے پر ہوں

..عامر نے دانت دیکھاتے عادی کو چھیرتے کہا

..عامر بیٹا جب میں بنا رہی تھی تب کھا لیے تھے اُس نے....یہ آپ لوگوں کے لئے ہیں

...پھوپھو وہ تو میں نے ٹیسٹ کیے تھے اب ان سب کے ساتھ بھی کمپنی تو دینی ہے ناں

...عادی نے پہلے عامر کو انکھیں بڑی کر کے دیکھائیں پھر مسکین سی شکل بنا کر امنہ بیگم سے کہا تھا

..آپ نے تو دو کھا لیے تھے عادی

..امنہ بیگم نے حیرانگی سے کہا

ہاہاہا...سب کا قہقہ مشترکہ تھا امان اور ذیشان بھی اس طرف ہی ارہے تھے وہ بھی ساری بات سمجھتے اپنی ہنسی روک نہ پائے..تو عادی بھی ڈھٹائی سے دانت نکالنے لگا

..پھوپھو ہمارے عادی صاحب کھاتے کم ہیں ٹیسٹ زیادہ کرتے ہیں

..امان عائشہ کو ناشتا لانے کا اشارہ کرتے کرسی پر بیٹھتے بتانے لگا

نسیمہ بیگم کیچن کے دروازے پر کھڑی سب کو ہنستا مسکراتا باتیں کرتا دیکھ کر سوچ رہیں تھیں کتنی خوش ہیں سب وہ اس لئے اج انا موجود ہے ڈائنیگ ٹیبل پر...اور سب ہی مطمعین سے لگ رہے ہیں

بھابی کیا سوچ رہیں ہیں...؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کچھ نہیں امنہ بس سب کو ایک ساتھ دیکھ کر بہت خوشی ہو رہی

..ارے تم بھی چل کر بیٹھو..بچیاں ہیں...سب کر لیں گیں

..نسیمہ بیگم کو اچانک خیال ایا تو کہنے لگیں

..بھابی یہ میرا بھی گھر ہے میں کام کر سکتی ہوں...آپ بلاوجہ فارمل نہ ہوا کریں

...امنہ سچ میں انا کے ساتھ تم نہ اتی تو شاید میں انا کو ایسے دیکھ کر کبھی سنبھال نہ پاتی

....نسیمہ بیگم نے امنہ بیگم کا ہاتھ تھامتے کہا

..احان یونی سے سیدھا صدیقی ہاؤس ہی اگیا تھا...اور اُس کا رخ سیدھا انا کے کمرے کی طرف تھا

...دیکھ لو امنہ تمہارا سگا بیٹا تم سے ملنے کی بجائے انا کے دربار میں حاضری لگانے چلا گیا ہے

..ناہید بیگم نے طنزیہ کہا

...بھابی پھر کیا ہوا مجھ سے ملے یا نہ ملے...اولاد تو میری ہی رہے گی ناں

...امنہ بیگم بول کر نسیمہ بیگم کے کمرے کی طرف چل دیں

ہونں...اولاد پوچھتی ہی نہیں...اور یہ میڈم حق جتا رہیں ہیں...بیٹے کے مزاج بھی ساتویں اسمان پر ہیں..

..ویسے اب کم کم ہی اتا ہے...انا سے اکتا گیا ہو گا...ہمیں کیا

...ناہید بیگم کندھے اچکاتیں اماں بی کو چائے لاتے کا کہنے لگیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!!....اسلام وعلیکم

احان نے مسکرانے ہوئے انا کو فلاور بکے دیا

!!....وعلیکم اسلام

تم اتنے فارمل کب سے ہو گ ئے... ؟؟

..جب سے آپ نے اٹیٹیوڈ دیکھانا شروع کر دیا ہے

...ہمم

کیسے ہو...؟؟

بلکل فٹ...!!آپ بتائیں کسی ہیں....؟؟

..احان کمرے پر نظر گھماتا بولا

..جسی ہوں تمپارے سامنے ہوں..انانے اُداسی سے پھولوں کو دیکھتے کہا

!!....مجھے تو بلکل پرفیکٹ لگ رہیں ہیں

..تم سب کو پتہ نہیں پرفیکٹ ہی لگتی ہوں حلانکہ اب میں پرفیکٹ نہیں رہی

....انانے کہااور کھڑکی کے پاس جا کر کھڑی ہو گئ

...آپ تو مجھے سمجھاتی تھیں اور اب خود ایسی باتیں کر رہیں

...احان کام کی بات کرو... جس کے لئے تمہے بھائی سے سفارش کروائی ہے

..انا آسمان پر نظر تکائے بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ نہ مل رہیں تھیں نہ بات کر رہیں تھیں تو میں اور کیا کرتا پھر....اب تو بابا بھی ٹونٹ مار رہے تھے کہ ...میں صدیقی ہاؤس نہیں جاتا

.....ہمممم تو تم اجایا کرو...یہاں میرے علاوہ اور بھی بہت لوگ ہیں اور خاص طور پر پھوپھو

...اووہاں احان

..انا کو اچانک امنہ بیگم کے متعلق کچھ خیال ایا تو احان اُس کی طرف فوری متوجہ ہوا تھا

میں پھوپھو کو اس گھر میں تو لے ائی ہوں...لیکن اُن کا اصل مقام دلانا تو اب تمہارا کام ہے....کب بتاؤ گے .....انکل کو

ایک عجنبیت سی ہے اُن سے....جو ختم ہی نہیں ہو رہی....شاید صبا اور صفاء کی وجہ سے...میرے حصے کا ..پیار اُن کے حق میں ایا تھا....اور سمجھ نہیں پا رہا بابا سے کسے با

احان بات کرتے مڑا ہی تھا کہ اُس کی نظر صبا پر پڑی.....تو وہی چپ کر گیا.انا بھی اُسے خاموش دیکھ کر احان ..کی نظروں کے تعاقب میں صبا کو چائے کے کپ پکڑے کھڑے دیکھا

...احان غصے میں کمرے سے ہی نکل گیا

..صبا نے شرمندگی سے انا کو دیکھا اور گویا ہوئی

...سوری بڑی انٹی نے بھجوائی تھی چائے...میں نے نُاک کیا تھا بٹ آپ نے شاید سُنا نہیں

کوئی بات نہیں اپی آپ پی لیں میرے ساتھ چائے...اُسے تھوڑا وقت چاہیئے..لیکن وہ آپ دونوں کو ..ضرور قبول کرے گا...آپ بُرا مت مانیے گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..انانے ہلکی سی مسکراہت سے کہہ کر صبا کی شرمندگی ختم کرنے کی کوشش کی

...احان جلدی میں سیڑھیاں اُتر رہا تھا کہ وہ صفاء پر نظر پڑی

!! ....اسلام وعلیکم بھائی

...احان بنا کچھ کہے لمبے لمبے ڈگ بھرتا لاونج عبور کر گیا

..حانی بھائی حانی بھائی شکر ہے آپ اگ ئے... چلیں کرکٹ کھیلتے ہیں

..عامر احان کو گاڑی کے دروازے کے پاس دیکھ کر بولا

... نہیں پھر کبھی ابھی مجھے کام ہے.. گیٹ کھلواؤ

...احان کہہ کر گاڑی میں بیٹھا اور زن سے گاڑی نکال کر لے گیا

..عامر نے منہ بسورتے اُسے جاتے دیکھا تھا.. پھر اندر کی جانب چل دیا

...پتہ نہیں بھائی اتنی جلدی میں چلے گ ئے...پہلے کبھی ایسا نہیں کیا ماما

...عامر صوفے پر بیٹھا بولا

....بیٹا پہلے آپ کی پھوپھو جو نہیں تھیں

...ناہید بیگم نے امنہ بیگم کو اتے دیکھ کر تمخسرے پن سے کہا

کیا ہوا چلا گیا احان...؟

جی پھوپھو میں نے کہا کرکٹ کھیلتے ہیں تو کام ہے کہہ کر جلدی میں چلے گئے..پہلے کبھی نہیں ایسا کیا رات کو

....جاتے تھے واپس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.عامر نے منہ پھولا کر کہا

..بیٹا اسے کوئی کام ہو گا اجائے گا

..عامر اُٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا

دیکھ لو پہلے تمہارا بیٹا ہی دن میں دس چکر لگاتا تھا یہاں کے... لیکن اب تو برائے نام ہی اتا ہے... خیر ہو

..... سہی... مجھے کیا تم جانو تمہارا سڑا ہوا بیٹا

..ناہید بیگم کندھے اچکاتی ہوئی چلی گئی یہ جانے بغیر اُن کے الفاظ کسی کے دل پر بھی اثر کر سکتے ہیں

.....

....امان میرے افس میں آؤ

...اسلم صاحب نے کہہ کر فون کریڈل پر رکھا اور کرسی پر جھلنے لگے

..جی بابا بس یہ فائل کمپلیٹ ہونے والی ہے

امان کچھ معلوم ہوا اُس لڑکے کا...؟؟

..بابا نام کے علاوہ کچھ معلوم نہیں ہے پولیس بھی ناامید ہے... ہوٹل میں کوئی انفارمیشن نہیں دی تھی

..امان نے مایوسی سے کہا

تم جانتے ہو یا تمہارے بھائی صاحب کے علم میں ہے ارشاد انا کے لئے رشتہ ڈھونڈ رہا ہے حالانکہ گھر میں

...جہان موجود ہے یہ بات تمہارے بھائی کو نظر نہیں اتی... ویسے تو وہ بڑا انا انا کرتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..مجھے نظر بھی اتا ہے اور سب معلوم بھی ہے بابا

..صدیقی صاحب نے سر اُٹھا کر ذیشان کی طرف دیکھا

ایک منٹ آپ یہ مت سمجھیں میں آپ کی باتیں سن رہا تھا کان لگا کر....میں امان کے کیبن میں فائل دینے

...گیا تو پتہ چلا وہ آپ کے افس میں ہے سو ادھر چلا آیا

...ذیشان نے ساری بات کلئیر کی

.اچھا کیا سن لیا...میں جہان سے بات کرنے ہی والا تھا..ویسے بھی وہ پاکستان اتو رہا ہے

..اسلم صاحب نے کرسی سے ٹیک لگاتے کہا

آپ کو ضرورت نہیں ہے اُس سے کوئی بھی بات کرنے کی...میں چاچو کو سمجھا دیا ہے اسی لئے آپ بھی فکر

..مند نہ ہوں..میں بہتر فیصلہ کروں گا انا کے لئے

..ذیشان نے ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہا

امان بے چارا مجرموں کی طرح کھڑا سوچ رہا تھا کہاں پھنس گیا میں.....ان ہٹلر باپ بیٹے میں.کیو یک

...دونوں امان کو ہی امید بھری نظروں سے دیکھ رہے تھے وہ کس کی طرف سے بولے گا

بابا اس بارے میں بعد میں بات کر ہں گے ابھی مجھے کچھ کام ہے اور پلیز جہان سے بات کرنے

...کی کوشش نہ کریے گا

..ذیشان کہہ کر تیزی سے افس سے نکل گیا

..اس لڑکے نے لازمی میری بات سے انکار کرنا ہوتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بابا بھائی نے کچھ سوچ کر ہی آپ کو منع کیا ہو گا..وہ انا کے لئے کبھی غلط فیصلہ نہیں کرتے

..امان منمناتا ہوا بولا

...انا کو اسلام اباد بھیجنے کا فیصلہ بھی اسی بھائی کا تھا

..اسلم صاحب نے تیزی سے کہا اور امان کو گھورنے لگے

....امان تیار ہو جا عزت افزائی کے لئے..وہ دونوں بھائی تو بچ جاتے شامت میری اجاتی ہے

...اپی مجھے آپ سے بات کرنی ہے

..صفاء صبا کے سر پر کھڑی بول رہی تھی..لیکن صبا اگنور کیے جا رہی تھی

..صبا سن لو بیٹا اس معصوم کی فریاد

..نسیمہ بیگم نے ہنستے ہوئے مصروف سے انداز میں کہا

..چلو کمرے میں ا رہی ہوں

..انٹی یہ لیں کھیر بن گئی ہے...میں باقی اکر کرتی ہوں

..جیتی رہو بیٹا آرام سے آنا کوئی بات نہیں

...پھر اس منحوس کو دیکھ لیا میں نے... صبح والی بات ذہن سے نکلی ہی تھی کہ اب

...صبا اپنے کمرے میں جا رہی تھی اور فاطمہ میڈم کیچن میں ا رہیں تھیں تو ان کا سامنا ہو گیا

...صبا نے کمرے میں اکر ایک لمبی سانس خارج کی

!!!!....ہاں بولو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی کیا ہم احان بھائی کو اچھی نہیں لگتیں...؟؟

صفاء تم یہ پوچھنے کے لئے مجھے یہاں بلایا ہے..؟؟

!....اپی بتائیں ناں

صفاء مجھے نہیں پتہ...میں خود اُس کے رویے سے پریشان ہوں... کہیں ہماری وجہ سے امی کی زندگی میں

..کوئی مشکل نہ اجائے

....صبا تھکے ہوئے انداز میں بولی. وہ خود اُس کے رویے سے پریشان تھی بہن کو کیا سمجھاتی

...کچھ کہا ہے کیا احان نے تم دونوں سے

..امنہ بیگم نے اندر اتے پوچھا

...ن ن نہ نہیں امی

...اپ ائیں بیٹھیں

..صبا ہر اتے ہوئے بولی..البتہ صفاء کا منہ لٹکا ہوا تھا

...امی میں نے بھائی سے سلام لیا تو وہ مجھے گھور کر چلے گئے

..صفاء نے بتانا ضروری سمجھا صبا کی نظروں کو نظر انداز کر کے

...امنہ بیگم سن کر چپ کر کے بیٹھ گئیں..پھر صبا کو بھی بتانا پڑا

بیٹا وہ کسی کے ساتھ جلدی اٹیچ نہیں ہوتا اس لئے ایسے کر گیا... فکر نہ کرو..سب ٹھیک ہو جائے گا

..امی ہم ٹھیک ہیں بس آپ ٹینشن نہ لیجیے گا ورنہ آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..صبا اُن کے نزدیک ہوتے بولی

..نہیں میری بچیوں میں ٹھیک ہوں

...میں ذرا انا سے مل اؤں

..امنہ بیگم گھٹنوں پر ہاتھ رکھے اُٹھیں اور کمرے سے نکل گئیں

...کس نے کہا تھا امی کو بتاؤ...میں خود حاشر سے بات کر لیتی

...اپی انہوں نے نا جانے کب انا ہے ہمیں یہاں چھوڑ کر ہماری ذمہ داری بھول گ ئے ہیں

..صفاء ناول ہی پڑھو...یہ بڑی بڑی باتیں تمہے زیب نہیں دیتیں

..صبا نے خفگی سے کہا تھا

....انا

...ائیں پھو پھو

..انا کتاب بند کرتے بولی

بیٹا احان کو کیا ہوا غصے میں چلا گیا ملا بھی نہیں....؟؟

..پھو پھو آپ جانتی تو ہیں جب اُس کے موڈ کے خلاف بات ہو تو اسے ہی اُلٹا خفا ہو کر چلا جاتا ہے

...انا نے اُن کی گود میں سر رکھتے کہا

...گڑیا وہ ذرا نہیں بدلا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...ہمم جی پھو پھو

پھو پھو ایک بات تو بتائیں...آپ کسی کی باتیں کسے برداشت کرتی تھیں..جب کوئی آپ سے کچھ کہتا تھا اچھا ...یا بُرا

انا نے افسردگی سے پوچھا تھا

بیٹا جب کوئی مجھے کچھ بُرا بھلا کہتا تھا تو میں اُس کی شکایت صرف اللہ سے کرتی تھی تو میرے دل کو سکون مل جاتا تھا..جسے اللہ تعالی نے اٹو میٹیکلی میری باتیں سُنیں ہیں اور اُن کے حل بھی دماغ میں ڈال دیے تو بس میں صبر سے کام لیتی اور وہ ہی کرتی جس طرح اللہ تعالی مجھے اشارہ دیتے تھے..بیٹا اگر ہم کسی ایک انسان کی شکایت کسی دوسرے انسان کو لگاتے ہیں تو وہ ہمیں سکون نہیں دیتی...بلکہ ہمارے دل پر بوجھ بڑھ جاتا ہے ..اس لئے اپنے دل کی باتیں صرف اللہ سے کرو وہ بہت قریب ہو کر سنتا ہے

..امنہ بیگم انا کے بالوں میں ہاتھ پھیرے بول رہیں تھیں اور انا اُن کی باتیں سمجھتے ہلکا سا مسکرا دی

..ٹھیک ہے پھو پھو اب سے میں بھی ایسا ہی کروں گی

..چوکیدار نے ہارن کی اواز سن کر فوری گیٹ کھولا تھا

...نہیں میں اندر نہیں اؤں گا...احان گھر پر ہے

..جی صاحب جی احان بابا ابھی ائے ہیں..آپ کسے ہیں باہر سے کب ائے

..میں ٹھیک ہوں خان جی آپ احان کو بلا دیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..جی میں بلاتا ہوں

..چوکیدار کہہ کر اندر کو بھاگا تھا

ذیشان گاڑی میں ہی بیٹھا ہوا تھا کہ سامنے سے شہزاد صاحب کی گاڑی اکھڑی ہوئی. تو اُسے رسمً باہر نکل کر

..شہزاد صاحب سے ملنا پڑا

کسے ہو ینگ مین....؟؟

....واپس کب ائے...؟؟ مجھے تو احان نے بتایا ہی نہیں..آؤ اندر

...میں ٹھیک ہوں انکل مجھے تو ایک مہینے سے اوپر ہو گیا ائے ہوئے

...انکل مجھے احان سے کچھ کام ہے..پھر کبھی اؤں گا

ذیشان نے احان کو اتے دیکھ کر اسے گاڑی میں بیٹھنے کا اشارہ کیا اور شہزاد صاحب سے ہاتھ ملا کر گاڑی میں

...بیٹھا اور اگے بڑھ گیا

...انا باتیں کرتی امنہ بیگم گود میں ہی سر رکھے سو گئ تھی

...لو میں تم سے احان کے بارے میں بات کرنے ائی تھی تو سو ہی گئ..چلو پھر کر لوں گی

..امنہ بیگم انا کو پیار کرتے کمرے سے نکل گئیں

کیا ہوا بھائی آپ نے ایسے بلایا کہاں جا رہے ہم....؟؟

...احان تمہے جہان کیسا لگتا ہے...میرا مطلب نیچر وائز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ذیشان نے احان کی بات اگنور کرتے پوچھنا تھا

....بھائی اچھا ہے آپ کیوں پوچھ رہے...وہ آپ ہی کے ساتھ تو رہا ہے

..بابا کا دل ہے انا اور جہان کی شادی کرنے کا

...احان تو سانس لینا بھول گیا تھا

...اس لئے تم سے پوچھ رہا ہوں..تمہے وہ کیسا لگا...انا ایڈجیسٹ کر لے گی کیا جہان کے ساتھ

...ذیشان کا سارا دھیان ڈرائیو میں تھا

ب ب بھ بھائی....یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں...؟؟

کیا ہوا سمجھے نہیں...؟؟

....یار کن خیالوں میں گم تھے

ویسے تم مل کر ائے انا سے...کیا بات ہوئی..؟؟

ذیشان فوری سے بات بدلتے بولا

!!...کچھ خاص نہیں

..احان نے نے دھیانی میں جواب دیا تھا

...ذیشان پاکستان ایا ہے مجھے کسی نے بتایا ہی نہیں...لگتا صدیقی ہاؤس چکر لگانا ہی پڑے گا کسی دن

..شہزاد صاحب چائے پینے کے ساتھ ساتھ سوچ بھی رہے تھے

...دیکھ کر تو اؤں وہاں چل کیا رہا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احان پھوپھو کے بارے میں کیا سوچا ہے کیا باقی کی زندگی وہ ہمارے گھر رہیں گیں.. ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے رکھنے کو لیکن تمہے نہیں لگتا اُن کو اُن کا اصل مقام ملنا چاہیئے...

احان میں تم سے کہہ رہا ہوں...

ج جی بھائی.. ذیان اجائے واپس تو کچھ کریں گے.

احان نے ہر براتے ہوئے کہا...

چلو تب تک میں انا کے لئے بھی کوئی فیصلہ کرتا ہوں اگے تو اُس نے پڑھنا نہیں ہے...

ذیشان نے کن اکھیوں سے احان کو دیکھا اور گویا ہوا..

سب کو ووٹ تو جہان کی طرف ہو گا پتہ نہیں وہ مانے یا نہ مانے انا سے شادی کے لئے... اُس کے فیس پر نشان کی وجہ سے... لیکن بابا ما شاید منا ہی لیں..

بھائی وہ نشان اتنا بُرا تو نہیں ہے جو آپ لوگ ایسے کہہ رہے... کہ وہ نشان نہ ہو گیا کیا ہو گیا....

احان نے ایک سیکنڈ کی دیر کیے بغیر کہا..

لیکن اُس دن ایسا کچھ نہیں ہوا ہماری گڑیا محفوظ رہی اُس کا ثبوت تو دینا ہو گا ناں کسی نہ کسی کو... جس سے انا کی شادی ہو گی...

بھائی یہ آپ کہہ رہے ہیں... اگر انا نے سن لیا تو کتنا افسوس ہو گا آپ کی سوچ پر... کم از کم مجھے تو یقین ہے اُن پر...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفاء کوئی ہمارے بارے میں کیا سوچتا ہے یہ ہماری تربیت اور عادات پر منحصر ہے.. ہمیں اپنا رویہ اچھا رکھنا ہے ہم یہاں صرف امی کی وجہ سے ہیں.. تو مہربانی میری بہن اُلٹی سیدھی حرکتوں سے باز آجاو...اور ...جاسوسی کرنا بھی چھوڑ دو...انسانوں والے کام کرو

..صبا نے تھوڑی سختی سے کہا تاکہ وہ سمجھ جائے

...اپی آپ غصہ کیوں ہو رہیں ہیں...میں تو ایسے ہی پوچھ لیا آپ سے

..صفاء کہہ کر کمرے سے ہی نکل گئی کہیں صبا پھر سے لیکچر نہ شروع کر دے

...ذیشان انا سے مل کر اپنے کمرے میں آیا ہی تھا کہ جہان کا فون آنے لگا

!!!....ہیلو بھائی اسلام و علیکم

..آپ تو بھول ہی گئے ہیں مجھے پاکستان جا کر

!!...وعلیکم اسلام

جہان صاحب میں آپ کو بھولا نہیں ہوں بس مصروف ہوں..امان کے ساتھ ایک پروجیکٹ میں ہیلپ کروا رہا ہوں..

ہمممم....آپ کی ڈول ٹھیک ہے اب...؟؟

!! ...ہاں الحمدللہ....!! بلکل ٹھیک

لو ماما آگئیں ہیں بات کرو گے....؟؟

.ذیشان نے نسیمہ بیگم کو چائے لاتے دیکھا تو جہان سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...یہ لیں کر لیں بواب زادے سے بات

...ذیشان نے فون نسیمہ بیگم کو دیا اور چائے پینے لگ گیا

..تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد جہان نے فون بند کر دیا تو نسیمہ بیگم نے فون ذیشان کی طرف بڑھایا

....ماما کیا کہہ رہا تھا آپ کا لاڈلا

..کچھ خاص نہیں بس انے کا بتا رہا تھا دو تین مہینے کی چھٹیاں ہیں تو کہہ رہا تھا پاکستان گزاروں گا

..اچھا چلیں...آپ خوش ہو جائیں اب آپ کے تینوں بیٹے آپ کے پاس رہیں گے

..بیٹا ایک ماں کی بیٹی جب اس طرح توٹی بکھری ہو وہ کسے خوش ہو سکتی ہے

..نسیمہ بیگم نے بھیگی ہوئی اواز میں کہا

..اچھا آپ ادھر بیٹھیں

..ذیشان نے انہیں اپنے ساتھ بیٹھنے کا اشارہ کیا پھر خود ہی پکڑ کر بیٹھا دیا

...ماما کیوں پریشان ہو رہیں ہیں ہو جائے گی وہ ٹھیک...مجھ پر بھروسہ ہے ناں آپ کو

شانی اج جس طرح میں نے اُسے سجدے میں روتے دیکھا تھا میں ہی جانتی کس طرح برداشت کیا....چپ

.....سی ہو گئی ہے ضدی بھی اور تو اور چڑچڑی بھی..میں کیا کروں

ماما تھوڑا سا وقت دیں اُسے آپ جانتی تو ہیں وہ ذرا دیر سے حقیقت کو تسلیم کرتی ہے اُس کو اکیلا رہنے دیں

.اپنے ساتھ وقت گزارنے دیں

..ذیشان نسیمہ بیگم کو سمجھاتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا وہ اکیلی رہی تو اور سٹریس لے گی.. میں تو اُس کے اکیلے پن کا سوچ کے ہی خوف کھا جاتی... شادی بھی تو ... کرنی ہے اس کی

..ماما دراصل آپ کو اصل ٹینشن انا کی شادی ہی کی ہے آپ گھما پھیرا کر بات نہ کریں سیدھی بات کریں

..ذیشان تہرے ہوئے لہجے میں بول رہا تھا

وہ.... وہ تمہاری خالہ کی جو نند ہیں انہوں نے ایک دفعہ باتوں ہی باتوں میں انا کے لئے بات کی تھی اپنے ... ڈاکٹر بیٹے کے لئے.. تب میں نے ٹال دیا تھا

!!... بہت ہی اچھا کیا آپ نے

..ذیشان نے ایک سیکینڈ کی دیر کیے بنا کہا

... پوری بات تو سن لو

..جی حی سائیں

..ذیشان تابعداری سے بولا

... کل انہوں نے انا کی خیریت پوچھنے کے لئے فون کیا تھا شاید تمہاری خالہ نے بتایا تھا انا کی طبیعت کا

.....ذیشان: تو

..تو یہ کے وہ کہہ رہیں تھیں اگلے مہینے اُن کے بیٹے کی شادی ہے

ذیشان: ہمیں بھی شادی پر بلایا ہے...؟؟

....ذیشان نے مسکراہٹ دباتے پوچھا... تو نسیمہ بیگم کو غصہ آگیا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس میں ہنسنے والی کیا بات ہے... میں تمہے کہہ رہی اُسی لڑکے کی شادی ہے انہیں انا کا بہت پہلے ہی پتہ چل گیا ہو گا اسی لئے اب فون کر کے اپنے بیٹے کی شادی کا بتا رہے ہیں.... مطلب ہم اَس چھوڑ دیں

!!... تم ہو کے پریشان ہونے کی بجائے مسکرا رہے ہو

..ماما ہماری انا میں کوئی کمی نہیں ہے ہم ایک جگہ سے ناامید ہو کر ہمت ہار جائیں

..بیٹا کمی تو اب صاف نظر آ رہی ہے

ماما آپ بھی ایسا کہیں گیں.....؟؟

..ذیشان صدمے سے بولا

!!....بیٹا میں تو بس

ماما ہماری انا میں کوئی کمی نہیں اور آپ اُس کی شادی کی فکر چھوڑ دیں اُس کا بھائی زندہ ہے ابھی اور چاچو کو بھی سمجھا دیں انا کی شادی وہاں ہو گی جہاں میں چاہوں گا..... وہ بھی اندر ہی اندر گھل رہے ہیں ..

شانی کیا سوچا ہے تم نے....؟؟؟

ماما جو بھی سوچا انا کی بہتری کے لئے سوچا ہے آپ سے کہہ رہا ہوں نا ہوں پریشان.... بس فاطمہ اور ناہید انٹی کو اُس سے دور رکھیں ..

.....ذیشان نے اخر میں التجائی لہجے میں کہا.. تو نسیمہ بیگم چپ چاپ کمرے سے نکل گئ

.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چل عامر پڑھ لیا ہے تو اپی کے روم میں چلیں... میں تھک گیا ہوں پڑھ پڑھ کر اپی کے ساتھ گیمز کھیلتے ہیں..

عادی اپی تو گیمز کھیلتی ہی نہیں ہمارے ساتھ اب.... لاسٹ ٹائم بھی دیکھا تھا اپی نے تھوڑی دیر بعد روم سے جانے کو کہہ دیا تھا... اپی سیڈ اچھی نہیں لگ رہیں..

عامر نے افسردگی سے کہا اور کتاب میں جھک گیا...

ہمیں اپی کے ساتھ زیادہ ٹائم گزارنا چاہیئے.. تاکہ وہ خود کو لونلی فیل نہ کروائیں... اسی طرح آہستہ آہستہ موڈ ٹھیک ہو جائے گا اپی کا دیکھ لینا....

تو نہ جا.. میں جا رہا ہوں... تو پڑھ... کر لے ملک فتح.... میں تو اپی کے پاس جا رہا...

عادی خفگی سے کہہ کر روم سے نکل گیا..

ارہا ہوں یار رک میں بھی...

عامر نے کتاب بند کر کے اونچی آواز میں کہا تاکہ عادی سن سکے..

احان تم گھر پر ہی رہتے ہو اب.... باہر کیوں نہیں جا رہے...؟؟

بابا میں باہر جاؤں تو آپ کو مسئلہ... گھر رہنے پر بھی مسئلہ ہو رہا اب... میں کیا کروں آپ ہی بتائیں..

احان ریموٹ پھینکتے ہوئے بولا... شہزاد صاحب افس سے اتے ہی احان کو لاونج میں بیٹھتے دیکھ کر حیرت زدہ سے پوچھے بنا نہ رہے..

میں تو بس اس لئے کہہ رہا تھا تم صدیقی ہاؤس میں زیادہ پائے جاتے ناں... لیکن اجکل تو تم یونی سے گھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بس....تو یہ بات ہضم نہیں ہوئی

...میری مرضی

..احان کہہ کر اوپر اپنے کمرے کی طرف چل دیا

... کہیں ان لوگوں نے گھرانے سے منع تو نہیں کر دیا...جو اتنے سڑے ہوئے بیٹھے ہو

..احان نے کوئی ری ایکشن نہ دیا لیکن شہزاد صاحب کی اخری بات سن کر رک گیا

....لگتا مجھے جانا ہی پڑے گا

بابا آپ کیوں جانا چاہتے وہاں.....جب جانا چاہئے تھا تب تو گئے نہیں اب کیا کریں گے جا

.....کر

..انسان کی عزت اپنے ہاتھ میں ہوتی ہے

احان نے طنز سے کہا پھر روکا نہیں اپنے کمرے میں پہنچ کر دروازہ ٹھاکر کے بند کیا...جس سے پورے گھر

...کے در و دیوار ہل گئے تھے

...اس لڑکے سے اب مجھے کوئی امید نہیں ہے

..شہزاد صاحب سر کو دائیں سے بائیں ہلاتے اپنے کمرے میں چل دیے

...احان نے کمرے میں اتے ہی ذیشان کو فون ملایا تھا

...ایک تو اس خر گوش کو چین نہیں ہے

..ذیشان نے سکرین پر احان کا نام دیکھتے کہا اور فون ریسیو کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ذیشان: ہیلو....ہاں خرگوش... کیا بات ہے

...بھائی میں احان بول رہا ہوں

..احان نے نو سمجھی سے کہا

...میں جانتا ہوں تم احان ہی بول رہے.... لیکن اج سے میں تمہے خرگوش کہوں گا

احان: وہ کیوں....؟؟

..مانا میں تھوڑا سست ہوں لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں آپ میرا نام ہی بدل دیں

وہ اس لئے کے تمہارا نیا نام احان عرف خرگوش سن کر میری گڑیا کے چہرے پر مسکراہٹ ائی ہے وہ بھی

...اتنے عرصے بعد....تو اج سے تمہے اسی نام سے بُلایا جائے گا

... سن رہے ناں

..احان تو انا کے مسکرانے والی بات میں ہی کھو گیا تھا وہ بات کا مطلب ہی نہیں سمجھا

....ارے منہ نہ پھولا لینا

...ذیشان سمجھا تھا شاید احان نے دل پر لے لیا نام

..دیکھ لیں اُن کے چہرے پر مسکراہٹ کی وجہ تو میں ہی بنا ہوں

..احان ساری بات سمجھ کر سنبھلتے ہوئے بولا

...ذیشان: تم مجھے جلا رہے ہو

!!....بھائی آپ نہ جلیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی سنیں وہ....وہ بابا صدیقی ہاؤس آنا چاہ رہے ہیں...دو تین دفعہ ٹال مٹول سے روک دیا ہے پر کب

...تک....اب تو وہ مجھے بھی باتیں سُنا رہے کہ میں وہاں نہیں جاتا

ذیشان: ہمممم تو تم یہاں کیوں نہیں آتے...؟؟

بھائی میں کیا کروں وہاں اکر...؟؟

...احان لاچاری سے فوری بولا

...جو پہلے کرتے تھے

..ذیشان نے بھی ترکی باترکی جواب دیا

!!.....بھائی

احان حقیقت کو فیس کرنا سیکھو.....کل کو انا کے لئے مشکل ہو گی...اور ویسے بھی میں کچھ اور سوچ رہا ہوں

..اُس کے لئے....جو شاید اُس کے حق میں بہتر ہو

ب ب بھائی کیا کرنے والے ہیں....؟؟

..احان ہر براتے ہوئے بولا

..کچھ نہیں تم فکر نہ کرو....چلو بائے

...ذیشان نے کہہ کر فون بند کر دیا تھا اور اُدھر احان بند فون کو حیرت سے دیکھ رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاطمہ کا فون بج بج کے بند ہو گیا تھا...ایک دفعہ پھر سے بجنے لگا تو فاطمہ واشروم سے نکلتی فون کی طرف لپکی...

...ہیلو...سوری میں فریش ہونے گئی تھی تمہے کہا تھا مجھے فون نہ کرنا تھوڑے دن..بولو کیوں کیا ہے

...فاطمہ غصے میں بول رہی تھی

...میں تو بس اُس کا حال پوچھنا چاہ رہا تھا

اسد پلیز خود کو تو تم نے بند کر لیا ہے چار دیواری میں...لیکن میں نہیں ہونا چاہتی.اس لئے اب مجھے فون نہ کرنا...

فاطمہ بات کر ہی رہی تھی کہ اُس کی نظر شیشے میں سے ناہید بیگم پر پڑ گئی...جو سینے پر بازو لپیٹے فاطمہ کو ہی دیکھ رہیں تھیں..

....میں بعد میں بات کرتی ہوں

...فاطمہ نے کو دیکھتے کہا اور فون بند کر دیا

کس سے بات کر رہی تھی...؟؟

ماما اپ میری جاسوس کر رہیں ہیں...؟؟

..فاطمہ لوشن کی بوتل کھولتے ہوئے بولی...البتہ نظریں جھکی ہوئیں تھیں

...اگر اب کچھ کیا ہوا ہے تو میں تمہارا ساتھ نہیں دوں گی

..ناہید بیگم نے تھوڑے غصے میں کہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے بھی اب میں تمہاری شادی کا سوچ رہی ہوں..ذیشان واپس آگیا ہے اگر اُس نے کسی طرح سب کو حقیقت بتادی تو ہم دونوں کے حق میں بہتر نہیں ہوگا...اب تو امنہ بھی آچکی ہے اسی لئے ہم ابھی کسی کی نظروں میں نہیں آرہے...

ناہید بیگم نے سوچتے ہوئے کہا...

ماما میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں شادی کا....اور کسی کو کچھ پتہ نہیں چلے گا اگر ذیشان نے کچھ بتانے کی کوشش کی تو میں نے کہا تو تھا انا کا چہرہ سامنے کر کے ائینہ دیکھا دوں گی تو بولتی بند ہو جائے گی...کمزوری ہے وہ اُس کی...

فاطمہ نے ڈریسنگ ٹیبل کی چیزیں ادھر ادھر سمیٹتے ہوئے مصروف سے انداز میں کہا...

ان اپی کیا کر رہی ہیں...ویڈیو گیم کھالیں...

عادی انا کے پاس بیڈ پر کودتے ہوئے بولا....

نہیں اپی ائسکریم کھانے چلتے ہیں...شانی بھائی کے ساتھ...اتنے دن ہو گۓ ہم نہیں گے اب شانی بھائی کو پکڑتے ہیں..کیوں اپی...

عامر نے اکسائٹیڈ ہوتے انا سے پوچھا...

اوہو عامر اپی باہر کسے جائیں گیں...

عادی نے ماتھے پر ہاتھ مارتے ہوئے بوچھا.

حجاب کر کے جائیں گیں..اور کسے جائیں گیں....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی بلیو می آپ حجاب میں بہت پیاری لگتی ہیں... یہ میں آپ کے نشان کی وجہ سے نہیں کہہ رہا اُس دن آپ نے لیا تھا تو آپ بہت کیوٹ لگ رہیں تھیں لائک اینجل جسی...

ہاں اپی یہ تو میں نے سوچا ہی نہیں...

عادی نے بھی عامر کی ہاں میں ہاں ملائی.... انا خاموشی سے بنا پلک جھپکائے اُن کی باتیں سن اور سمجھ رہی تھی..

اپی.... بولیں..... میں کہوں شانی بھائی کو...

عادی نے ایک اَس سے پوچھا.

عادی عامر ایک بتاؤ.... میں آپ لوگوں کو اب بھی اچھی لگتی ہوں...؟؟

انا نے اچھی پر زور دیتے ہوئے کہا..

جی اپی... کیوں اب آپ اچھی کیوں نہیں لگے گیں...

اچھا آپ یہ نشان کی وجہ سے کہہ رہیں تو اُس کا میرے پاس ایک حل ہے..

عادی کچھ سوچتے انا کے تھوڑا قریب ہوتے بولا...

آپ یہ بال ایسے کر کے اگے کر لیں... یہ لیں اب نظر نہیں ارہا.... دیکھیں.. اوہو اپ نے میر رہی ہیں... نہیں... ویٹ میں آپ کو اپنے فون میں دیکھتا ہوں سیلفی کیمرہ اون کر کے...

انا بس ہونق بنی اپنے بھائیوں کی محبت دیکھ رہی تھی...

یہ دیکھیں... اپی اچھی تو لگ رہیں ہیں... چلیں اب... اب تو میرا بھی دل کر رہا ہے اف آئسکریم کھانے کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....پلیز

..عادی نے بے چارگی سے کہا... کھانے والی چیز ہو اور وہ نہ ہو ایسا ہو سکتا ہے

...گھر پر منگوالو مل کر کھاتے ہیں... میرا سچ میں دل نہیں کر رہا باہر جانے کو

..انا اپنے بال پیچھے کرتے ہوئے بولی

...اپی آپ ہماری بات نہیں آب

...عامر نے تھڑا منہ بناتے کہا

...او کے میں مانی بھائی کو کہہ کر اتا ہوں..پر نام آپ کا لوں گا...صفاء اپی کو بھی بلا لاؤں گا اتے ہوئے

...عامر جاتے جاتے بولا

....انا اُس کی شکل دیکھ کر ہلکا سا مسکرا دی...وہ جانتی تھی انہوں نے جان تو چھوڑنی نہیں

..فاطمہ وقت بدلتے دیر نہیں لگتی...اتنی بے فکر نہ رہو. تمہاری شادی ہو جائے تو تم تھوڑی بدل جاؤ گی

ماما جس سے مجھے شادی کرنی تھی اُس نے میرے منہ پر منع کیا تھا تو اب مجھے اب ذیشان کے علاوہ کسی اور سے

...شادی نہیں کرنی...ابھی تو بلکل بھی نہیں... تھوڑا وقت گزر جائے تو سوچوں گی

...فاطمہ نے لاپرواہی سے کہا اور فون میں مصروف ہو گئیں

ایک بات بتاؤ... تم کس کو فون کرنے سے منع کر رہی تھی...؟؟

....ماما وہ بابا کی وائف کا بیٹا تھا اُس کو منع کر رہی تھی

..فاطمہ نے فون میں مصروف ظاہر کرتے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....وہ تمہے پسند کرتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں

...ناہید بیگم فوری بولیں

...ہمم ماما وہ انا کو پسند کرتا تھا

...فاطمہ کے منہ سے فوری نکلا تھا اور بعد میں بہت پچھتائی یہ کیا بتا دیا

کیا....؟

اور انا بھی...؟؟

..ناہید بیگم حیرت زدہ سی بولیں

..مجھے کیا پتہ ماما...اب پلیز مجھ سے انویسٹکیسن نہ کیا کریں

..فاطمہ نے بے زاری سے کہا اور اٹھ کر روم سے نکل گئی

..ناہید بیگم نے تاسف سے اپنی بیٹی کو جاتے دیکھا

یہ لڑکی کیا چاہتی ہے.... کرتی کچھ ہے بتاتی کچھ ہے..کسے بتاؤں تمہے مجھے راتوں کو نیند نہیں اتی تمہارا سوچ سوچ کر سر پھٹنے کو ہے... لیکن تمہے کوئی فرق نہیں پڑے گا... کہاں کمی رہ گئی میری پرورش میں...ناہید

..بیگم وہیں بیڈ کے کنارے بیٹھی سوچ رہیں تھیں

.....

..ابو یہ آپ کی چائے

امنہ بیگم نے صدیقی صاحب کے پاس چائے رکھتے کہا تو صدیقی صاحب کے چہرے سے ایک سایہ سا اکر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.. گزرا تھا

... جانتی ہو انا بھی اسے ہی چائے لا کر کہتی تھی.. دادا ابو آپ کی چائے... لیکن اب تو وہ اتی ہی نہیں

.. صدیقی صاحب نے دکھی لہجے میں کہا اور چائے کا گھونٹ بھرنے لگے

.. ابو سب ٹھیک ہو جائے گا.. آپ پریشان نہ ہوں

. امنہ اُن کے پاؤں کے قریب بیٹھتی بولیں

... اللہ وہ وقت جلد لائے

... احان نہیں ارہا... کافی دن ہو گئے

.... میں نہیں جانتی ابو... مجھ سے تو حال چال پوچھنے کے علاوہ زیادہ بات نہیں کرتا

.. امنہ بیگم نے افسردگی سے بتایا

... شاید اُس نے باپ کو نہیں بتایا ہو گا..... اسی لئے وہ ایا نہیں اب تک

!!... ہو سکتا ہے ابو... آپ چائے پییں میں چلتی ہوں... شب بخیر

امنہ بیگم کے جانے کے بعد صدیقی صاحب سوچ میں پڑ گئے.. بیٹی شادی کے بعد سکھی نہ رہ سکی حالانکہ اس میں کوئی کمی نہ تھی اور اکلوتی پوتی کی شادی کیسے ہو گی کیا لکھا ہے اُس کے نصیب میں...

اے اللہ تو نے پہلے ہی اس گھر کو پہلے ہی کتنی تھوڑی رحمت سے نوازہ ہے... کیا پسند نہیں ایا ہمارا جو ہمیں * رحمتیں دیں تو وہ بھی دو... مجھے تو بیٹیاں بہت پسند ہیں.. پھر بھی میں تیرے دیے پر خوش ہوں میری بیٹی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے تو جسے تیسے سہہ لیا میری پوتی کے نصیب میں خوشیاں ڈال دے میرا مولا....وہ تو تیری معصوم سی بندی ہے اگر اُس سے کوئی غلطی سرزد ہو گئی ہے تو معاف فرما کر ازمائش ختم کر دے *

..صدیقی صاحب کا روم روم دعا کر رہا تھا اور انکھوں میں ہلکی سی نمی تھی

بابا کو میرا ایک دفعہ بھی خیال نہیں ایا... کبھی یہ جاننے کی کوشش نہیں کی اُن کا دوسرا بیٹا کس حال میں ہو

....گا...اب تو احان ہم سے مل چکا ہے تب بھی بابا نہیں ملنا چاہتے ہم سے

..حاشر کتاب پر سر رکھے مختلف سوچیں سوچ رہا تھا کہ اُس کا فون بجنے لگا

....اُس نے اکتاتے ہوئے فون اٹھایا

...ہیلو ڈمپل بوائے

...حاشر:جی بولیں

..تمہارے شہر میں مونال کے علاوہ کوئی اچھا سا سستا سا ہوٹل نہیں ہے

...زرنش نے ہنستے ہوئے پوچھا...اور حاشر اُس کی اواز سے سمجھ ہی گیا تھا کہ وہ کیا کرنا چاہ رہی ہے

...دیکھیں میں زیادہ ہوٹلنگ نہیں کرتا اس لئے میں نہیں جانتا...اور اب پلیز مجھے تنگ مت کیجیے گا

..حاشر نے کہہ کر فوری فون بند کیا اور لمبی سانس ہوا کے سپرد کی

...اب میں کس کو بتاؤ...یہ مصیبت اریٹیڈ کرتی ہے مجھے...انا اپی سے کہتا ہوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں...احان کو بتادیتا ہوں خود ہی بتادے گا..اسی بہانے بابا کے بارے میں بھی پوچھ لوں گا...ویسے تو میرا نک چڑھا بھائی فون نہیں کرتا..

پھر حاشر نے احان کو زرنش کے بارے میں بتادیا کہ وہ جب سے یہاں آئی ہے بہانے بہانے سے تنگ کرتی ہے کبھی کچھ پوچھنے کے لئے کبھی کچھ...

ہمم میں انا کو بتادوں گا تم فکر نہ کرو...

احان پلیز اپی سے کہنا مائنڈ مت کریے گا... لیکن مجھے نہیں پسند یہ سب...وہ انا اپی کی طرح فرینک ہونے کی کوشش کر رہیں ہیں... لیکن زرنش یہ نہیں سمجھ رہیں انا اپی ہیں ہماری اور وہ اپی کی دوست.... یار سچ میں یونی میں بہت تنگ کرتی ہیں کہیں نظر اجاؤں تو...

احان: ذیان میں بھابی کو اور انا دونوں کو بتادوں گا تم ریلکس رہو...اور بتاؤ کب ارہے ہو ہمیشہ کے لئے...!!

دو مہینوں تک....انشاءاللہ.....

احان: کیا ارادہ ہے پھر.....

کچھ نہیں جاب کروں گا...

ہمم اپنے بابا کا بزنس ہوتے تم جاب کرو گے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...احان نے پھیکا سا مسکراتے کہا

...بابا کیسے ہیں

...ذیان نے ہمت کرتے پوچھ ہی لیا

ٹھیک ہیں... چلو تم اجاؤ... پھر اس مسئلے پر بھی بات کریں گے اور ہاں پیسے بھیج دیے تمہارے اکاونٹ میں

...اور چاہیئے ہوئے تو بتانا

.....احان مجھے ضرورت نہیں تھی

....یہ تمہارا حق ہے... خیال رکھنا اپنا بائے

...احان نے ایک ذمہ دار بھائی کی طرح سمجھاتے کہا اور فون بند کر دیا تھا

...حاشر بھی احان سے بات کرنے کے بعد ریلکس ہو گیا تھا اسی لئے سکون سے پڑھنے لگا

.....

... صبح فاطمہ تیزی سے اپنے کمرے سے نکلی تھی اس کا سارا دھیان اپنے بیگ کے اندر تھا تو وہ صبا سے ٹکرا گئ

دیکھ کر نہیں چل سکتی تم...؟؟

...آپ کا دھیان نہیں تھا میں تو سائیڈ پر ہو ہی رہی تھی

صبا نے سنبھلتے کہا سارا جوس گر چکا تھا کچھ قطرے فاطمہ کے کپڑوں پر بھی گیرے تھے جس کی وجہ سے وہ

..اگ بگولا ہو رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...جاہل لڑکی بڑے گھروں میں چلنے کی تمیز تو تمہے ہو گی نہیں....اب سارا قصور میرا نکال رہی ہو

...صبا بلکل ٹھیک کہہ رہیں ہیں یہ محترمہ

صباذیشان کی اواز سن کر مڑ کر حیرت اور تکلیف سے اُسے دیکھنے لگی لیکن اُس کی اگلی بات سن کر اُس کے

..عصاب ڈھیلے ہو گ ئے

...بھائی ایسا کوئی خیال تو میرے مائنڈ میں بھی نہیں ایا اور آپ اس وجہ کو بیس بنا رہے ہیں

آپ انا کے بارے میں بات کر رہے ہیں بھائی

..احان حیرت اور صدمے کی ملی جلی کیفیت میں بول رہا تھا

احان یہ ہم اور تم جانتے ہیں لیکن لوگ نہیں.... کبھی زندگی میں کسی نے اُس پر انگلی اُٹھائی تو ہم کچھ نہیں کر

...پائیں گے

ذیشان نے احان کو گور سے دیکھتے کہا

...بھائی تو اُن کا منہ توڑنے کے لئے ہم ہیں...ہمت نہیں ہو گی کوئی انا سے ایسا سوال بھی کرے

...آپ نا جانے کہاں کی بات کہاں لے جا رہے ہیں...میں سمجھ نہیں پا رہا

...آپ کو مجھ سے کیا کام تھا

ارے میں نے تو بس پھوپھو کے متعلق بات کرنی تھی...اُن کو اُن کی اصل جگہ پر دیکھنا چاہتے ہیں ہم

...سب...اور یہ کام صرف تم ہی کر سکتے ہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ہمم بھائی میں کروں گا آپ فکر نہ کریں

OK let's see....!!

...لو تمہارا گھر آگیا

ذیشان گھوم پھر کر دوبارہ احان کے گیٹ کے سامنے گاڑی روکتے بولا

!!...اوکے بائے

...احان کہہ کر اتر گیا اور ذیشان کو پیچھے مڑ کر دیکھے بغیر ہی اندر چلا گیا تھا

!!....پاگل

..ذیشان نے منہ میں بڑبڑاتے گاڑی سٹارٹ کی اُس کے ہونٹوں پر دلفریب مسکراہٹ تھی

...عاشی کھانے میں کیا بنایا ہے بہت بھوک لگی ہے

امان کیا ہو گیا ہے ارام سے... چینج تو کر لیں... میں کھانا لاتی ہوں سب کھا چکے ہیں... آپ کو اتنی دیر کیوں ہوئی..؟؟

....عائشہ امان کی چیزیں سمیٹتے بولی... اُس نے اتے ہی کوٹ کہیں پھینکا تھا ٹائی کہیں

...یار اج دن میں بابا سے اچھی کھاسی سن لی تھی تو جتنا ٹائم وہاں ضائع ہوا اُس کی بھرپائی بھی تو کرنی تھی

..امان اپنے کپڑے لیتے واشروم میں جاتے بولا

...یار انا کو بھی کہو ہمارے ساتھ کھانا کھائے... کافی دن ہو گئے ٹھیک سے بات نہیں ہوئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...اچھا آپ فریش ہو جائیں میں کہہ دیتی ہوں

انا میں کھانا گرم کرنے جا رہی ہوں امان بلا رہے روم میں... مجھے پتہ ہے تم جاگ رہی ہو... اور یہ بھی نہ کہنا

...میرا موڈ نہیں ہے... اٹھ جاؤ

...عائشہ انا کے کمرے کے دروازے پر ہی کھڑی بول رہی تھی

...کیا کہنا ہے بھائی نے

..انا نے بے زاری سے عائشہ کو انکھیں دیکھاتے پوچھا

..کھانا کھانے میں ہمیں کمپنی لینی ہے تمہاری

...مجھے بھوک نہیں ہے اور ویسے بھی مجھے کوئی شوق نہیں کباب میں ہڈی بننے کا

..اب ایسے کیوں دیکھ رہی ہو عاشی

...یار بھابیاں تو نندوں کو دور رکھتی ہے ان کے بھائیوں سے اور تم ہو کے

میری بھولی انا بھابیاں فساد ن نندوں کو دور رکھتی ہیں جسے فاطمہ.... تمہارے جسی معصوم شہزادیوں کو

... نہیں

...اج کے لئے اتنی تعریف کافی ہے چلی جانا میرے انے تک روم میں... میں کھانا لاتی ہوں

..عائشہ کہہ کر مڑی اور سیڑھیوں کی جانب چل دی

اللہ میرے لئے سب کا پیار ایسے ہی قائم رکھنا... کبھی ان سب کے دلوں میں میرے لئے بد گمانی نہ ڈالنا میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...سہہ نہیں پاؤں گی

...اناااوپر کو سر کرتے چھت کو دیکھتے دل میں دعا کرنے لگی پھر ڈوبتا لے کر روم سے نکل گئی

..احان کھانا کھالو....یا کھا کر آئے ہو

..شہزاد صاحب نے احان کو کمرے کی طرف جاتے دیکھا تو فوری بولے

!!....آپ کھالیں میں کھا آیا ہوں..سونے جا رہا ہوں..سر میں درد ہے..گڈ نائیٹ

..احان چلتے ہوئے بول رہا تھا بنا شہزاد صاحب کو دیکھے

...آس کا سر درد کا علاج کرنا ہی پڑے گا کل ہی جاؤں گا صدیقی ہاؤس

.....وہ کھانا کھاتے سوچ رہے تھے

..احان شیشے کے سامنے کھڑا خود کو دیکھ رہا تھا

...بھائی اپنا وعدہ بھول گ ئے ہیں

..ماضی

احان اج کالج نہیں گ ئے... ؟؟

نہیں شانی بھائی اج انا نے فرینڈ کی طرف جانا تھا بارہ بجے...آپ کی میٹینگ تھی مانی بھائی کے پیپرز ہو رہے تو

..مجھ بے چارے کی گردن مروڑی گئ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پر آپ ادھر کیا کر رہے... آپ افس نہیں گئے...؟؟

..احان ذیشان کو اپنے کمرے میں دیکھ کر بولا

..اگر میں کہیں چلا جاؤں تو پیچھے تم اُس کا میری طرح خیال رکھو گے

جی بھائی میں کیوں نہیں رکھوں گا... میں سائے کی طرح اُن کے ساتھ رہوں گا.. لیکن آپ کہاں جا رہے ہیں...؟؟

...احان تم انا کو دوست سمجھتے ہو یا اس سے کچھ زیادہ

...ذیشان نے پھر سے احان کے سوال کو اگنور کرتے اپنے مطلب کی بات کی

...بھائی یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں

...ایسی تو کوئی بات نہیں

....تو احان نظرون کیوں چرا رہے... فیس ٹو فیس بات کرو

..احان سے سر نہ اُٹھایا گیا تھا

میں وعدہ کرتا ہوں اگر اپنی بہن کے لئے زندگی میں فیصلہ کرنے کا وقت ایا تو تمہے ہی چنوں گا لیکن تم بھی وعدہ کرو مجھ سے میری گڑیا کا خیال رکھو گے.. ناہید چچی سے جتنا دور رکھ سکو اُتنا رکھنا.. وہ بہت ڈرپھوک ہے کسی کا ساتھ پا کر تو وہ اپنے لئے بول لیتی ہے... پہلے میں تھا اُس کی سپورٹ کرنے کے لیئے.. لیکن میرے بعد یہ ذمہ داری تمہے نبھانی ہے.. بولو تم مجھ سے وعدہ نبھانا... صیح وقت انے پر میں نبھاؤں گا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بھائی آپ نے مجھے ہی کیوں چنا

..احان نے اب بھی سر اٹھا کر انکھیں ملا کر سوال نہیں کیا تھا...ہنوز جھکی گردن سے ہی بول رہا تھا

کیو یک تمہارے فون کی گلیری میری بہن کی تصویروں سے بھری پڑی ہے اور جس انسان کو اپنی خوشی غم

...میری بہن کو بتائے بغیر سکون نہ ملے...تو مجھ سے کسے چھپ سکتا تھا یہ سب

...ذیشان سینے پر بازو باندھے احان پر نظریں گاڑے بول رہا تھا

I am sorry Bhai...

..آپ انا کو مت بتایئے گا پلیز...میں ائیندہ شکایت کا موقع نہیں دوں گا

ہمم نہیں بتاتا تم گلٹی فیل نہ کرو...اور جواب دو مجھ سے وعدہ نبھاؤ گے...؟؟

جی بھائی...میں آپ کی امیدوں پر پورا اُتروں گا...میں بنا کسی کی نظروں میں آئے انا کا خیال رکھوں گا...

..آپ کو شکایت نہیں ملے گی

لیکن بھائی آپ کہاں اور کیوں جا رہے...میں سمجھ نہیں پایا...ابھی رات میں ہی تو انا سے بات ہوئی تھی

...انہوں نے تو نہیں بتایا آپ کے جانے کا

..احان نے ایک جھٹکے سے سر اُٹھا کر ذیشان کو دیکھتے نا سمجھی سے پوچھا

...میں جہان کے پاس جا رہا ہوں

..چلو چلتا ہوں میری فلائٹ کا ٹائم بھی ہو رہا...بائے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احان ذیشان کے جانے کے بعد سر پکڑ کر بیٹھ گیا..بھائی میرے بارے میں کیا سوچ رہے ہوں

!!.....گے..اف

حال

...بھائی آپ کو شاید میرا اُس وقت انا کے لئے وقتی جذبہ لگا تھا اسی لئے آپ اپنا وعدہ بھول گ ئے ہیں

..آپ میرے ہی دل پر خنجر چلا رہے ہیں اور آپ کو احساس ہی نہیں ہو رہا

___چاہتیں،شدتیں اور محبتیں

کتنے خوبصورت جزبے ھیں

____لیکن

!!!انجام سب کا تلخ کیوں ھوتا ھے

اللہ میں تو آپ پر بھروسہ کیا ہے..میں اپنے جذبوں کی تکمیل چاہتا ہوں..بھائی سے بھی وعدہ نبھانے کی

...پوری کوشش کی تھی لیکن نہیں جانتا کہاں بھول ہو گئ...اب بھائی بھی اپنا وعدہ بھول گ ئے ہیں

!!.....کوئی مجھ سے پوچھے سانسیں چلیں..لیکن دل بند ہو رہا ہو تو کسی ہوتی ہے تکلیف

سینے میں دل،دل میں دھڑکن

دھڑکن میں کیا ہے،تیری پیاس ہے

ہر پیاس میں درد ہے صنم

یہ درد تیرا احساس ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اودل وجان، تیری تمنا

ہر سانس کو میں نے ہی دیکھا

محسوس کیااس پیاس کو

.....

صباابی جاگ رہیں ہیں...؟؟

..صفاءاب کیا کہنا باقی ہے

..صبانے کروٹ بدلتے صفاء کی طرف رخ کرتے کہا تھا

کچھ نہیں کہنا آپ توجب سے یہاں ائیں ہیں تب سے صرف ڈانٹ ہی رہیں یاں لیکچر ہی دے رہیں ہیں...آپ کا تولہجہ ہی بدل گیا ہے

..صفاءغصے میں کہتی بیڈ سے اُتری اور کمرے سے باہر نکل گیااسے سمجھ نہیں ایا تھااپنا غصہ کسے نکالوں

..اجائے گی خود ہی امی کے پاس گئی ہو گی

..صبانے دل میں سوچااور سکون سے لیٹ گئی تھی

ذیشان اپنے ہی دھیان میں موبائل چلاتا سیڑھیاں چڑتا جارہا تھا کہ اُس کی صفاءاوپری منزل کی پہلی سیڑھی پر بیٹھی نظر ائی..

کیاہوا بیٹا آپ یہاں کیوں منہ لٹکائے بیٹھی ہو..؟؟

..ذیشان نے فون جیب میں ڈالتے اُس سے دو سیڑھیاں نیچے کھڑے ہو کر پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفاء موڈ کیوں اوف ہے...؟؟

..ذیشان نے ایک دفعہ اُس کے اس طرح بیٹھنے کی وجہ پوچھی

کوئی خاص وجہ نہیں...بس اپی ڈانٹتی ہی رہتی ہیں...اور لیکچر ہی دیتی ہیں..اس لئے مجھے کوئی ملا نہیں تو میں یہاں اکر ہی بیٹھ گئی...

..صفاء نے پھولے منہ سے ہی جواب دیا اور نظریں اپنے پاؤں پر جمائی ہوئیں تھیں

کب سے یہاں بیٹھی ہو...؟؟

اپی سو گئیں آپ کی...؟؟

...ذیشان نے گھڑی پر ٹائم دیکھے پوچھا

...بھائی آپ سے ایک بات پوچھوں اگر آپ کو بُرا نہ لگے

..صفاء نے امید بھری نظروں سے دیکھتے پوچھا

!!...جی پوچھیں

..ذیشان پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے بولا

..بھائی کیا آپ کی طرح احان بھائی بھی ہمیں اتنا احترام اور پیار دیں گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..صفاء اٹھو... کمرے میں چلو۔ کسی باتیں کر رہیں ہو

.صبا باہر اتی صفاء کی کچھ باتیں سن چکی تھی اسی لئے تیزی سے بولی

..نیند میں ڈوبی انکھیں بکھرے بال اور بے ترتیبی سے ڈوبٹا لیے صفاء کو غصے سے دیکھ رہی تھی

..ایم سوری.. یہ کچھ بھی بول دیتی ہے

صبا ذیشان سے معذرت کرنے لگی

!!..ذیشان نے مسکراتے ہوئے سر کو دائیں سے بائیں موڑا..ایک منٹ ویٹ

احان نے کچھ کہا ہے آپ دونوں سے...؟؟

...صفاء نے گردن نہیں میں ہلائی

..پر بھائی اُن کے بی ہیویر سے فیل ہو رہا تھا کہ وہ ہمیں پسند نہیں کرتے

..صفاء کچھ بھی بولتی ہو..ایسی کوئی بات نہیں ہے یہ فضول میں سوچ رہی ہے... چلو کمرے میں

...صبا نے صفاء کو بازو سے پکڑے کھڑا کرنے کی کوشش کرتے کہا

..ذیشان صفاء کی بات کا مطلب سمجھ چکا تھا

احان کو تھوڑا ٹائم چاہیئے..وہ آپ دونوں کو ناپسند نہیں کرتا..بس اُس کی اپنی ٹینشنیں ہیں اس لئے تھوڑا روڈ ہو گیا ہو گا بہر حال میں پھر بھی احان سے بات کروں گا..اپنی لٹل سی ڈول اور سویٹ سی اپی سے پر سنلی مل لے..

...اب سونے جاؤں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان نے اخر میں اپنے کمرے کی طرف اشارہ کرتے کہا تھا.... لیکن جاتے صبا پر گہری نظر ڈالنا نہ بھولا ...تھا

صفاء کیا ہو جاتا ہے تمھے... کیا ضرورت تھی اُن کے سامنے احان کی شکایت لگانے کی... کیا سوچ رہے ہوں گے وہ....؟؟

اپی آپ غصہ نہ کریں وہ کچھ نہیں سوچ رہے ہوں گے.. بھائی ہمیں کیا کہہ کر لائے تھے آپ بھول گئیں..؟ لیکن میں نہیں بھولی... میں بھی چاہتی ہوں جسے انا اپی سے سب بھائی پیار کرتے ویسے مجھے بھی کرے کوئی آپ کے حاشر صاحب کو پڑھانے کے علاوہ کچھ اتا ہی نہیں ہے

..اب سو جائیں.. میں بھی سونے لگی

..صفاء منہ تک بلینکٹ لے کر لیٹ گئی اور صبا سر تھام کر بیٹھ گئی تھی

...اف اللہ کیا کروں میں

انا جسی قسمت ہر ایک کی نہیں ہوتی میری بہن... اُس سے پوچھو... اتنے چاہنے والوں کی قیمت کسے ادا کی ہے.. میں نے دیکھا ہے اُس کی انکھوں میں درد... جس کو وہ اپنے چاہنے والوں سے چھپانے کی کوشش کرتی ...ہے

.صبا سوچتے سوچتے نا جانے کب سو گئی تھی

...ہر ایک کی پریشانی کسے حل کروں میں

..اللہ مجھے ہمت دے میں سب ٹھیک کر دوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ذیشان بیڈ پر گیر نے کے انداز میں چٹ لیٹا سوچ رہا تھا

سب کچھ احان تم پر اکر رک گیا ہے تم چاہو تو سوار سکتے اور تم چاہو تو بگار بھی سکتے...اب سب تمہارے ہاتھ میں ہے...

انا مسلسل احان کو فون کر رہی تھی لیکن احان صاحب اٹھا نہیں رہے تھے

!!..اف یہ لڑکا.. کبھی جو اس نے وقت پر فون اُٹھایا ہو

..احان تو لیے سے منہ صاف کرتا جب فون کی طرف لپکا تو انا کی پانچ مسڈ کالز دیکھ کر حیران رہ گیا

..اللہ خیر کرے

..احان نے کہتے انا کا نمبر ڈائیل کیا جسے انا نے غصے میں کاٹ دیا

..احان نے مسکراتے دوبارہ ملایا وہ سمجھ چکا تھا اُس کی کلاس پکی

وہ ہی ہوا انا فون اُٹھاتے ہی شروع ہو گئی تھی

نہیں اب بھی نہ اُٹھاتے سونے کے سوا کوئی کام نہیں تمہے کتنی دیر سے فون کر رہی تھی میں دیکھو مسڈ کالز...انسان کب بنو گے اور یہ کیا حرکت کی تم نے اج...صبا اپی کو کتنا بُرا لگا ہو گا میسز نہیں ہیں تم میں..

..اسے جاتے ہیں بات ادھوری چھوڑ کر...اب بولو گے کچھ یا میں فون بند کروں

انا آپ چپ کریں گی تو میں کچھ بولوں گا ناں...ویسے کتنے دنوں بعد آپ نان سٹاپ بنا بریک کے بولی ہیں..

..پانی پی لیں تھک گئی ہوں گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...احان میرا مزاخ کا موڈ نہیں

..انا نے چبا کر کہا

..اچھا میں اپی سے سوری کر لوں گا میں نہیں جانتا میں نے ایسے کیوں کیا بس بنا سوچے ہو گیا

احان نے شیشے کے سامنے کھڑے بالوں کو ہاتھ سے سیٹ کرتے کہا دوسرے ہاتھ سے فون کان کو لگایا ہوا

..تھا

...اچھی بات ہے سوری کر لینا

..رکھتی ہوں فون بائے

...ارے رکیں بس یہ کہنا تھا

!!!...ہاں

.انا نے کہہ کر فون بند کر دیا تھا

..ہمم آپ جانتی ہیں آپ کا زور مجھ پے ہی چلتا ہے

..احان ساری سوچیں جھٹک کر سونے کے لئے لیٹ گیا انا کی باتیں سوچتے سو بھی گیا تھا

.....

ہیلو کیوں فون کر رہے ہو اسد....؟؟

..فاطمہ نیند میں ڈوبی اواز میں بولی تھی

..فاطمہ مجھے اُسے دیکھنا ہے ایک دفعہ..میں تمہارے گھر کی بیک سائیڈ پر کھڑا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد بے بسی سے بولا

.تمہارا دماغ خراب ہے کیا.. صبح کے چھ بجے تم یہاں کیا کر رہے ہو.. کسی نے تمہے دیکھ لیا تو بچ نہیں پاؤ گے

..فاطمہ پوری انکھیں کھولے گھڑی کی طرف دیکھتے غصے میں بولی

شاید دماغ خراب ہو گیا ہے اس لئے جب بھی انکھیں بند کرتا ہوں اُس کی مغرور آنکھیں سکون سے سونے

..نہیں دیتیں... میں اب اُسے اپنی انکھوں کے سامنے دیکھنا چاہتا اب کیا ہے اُن انکھوں میں

اسد تم خود بھی پھنسو گے مجھے بھی پھنساؤ گے.. رکو وہیں سب سو رہے ہوں گے میں ا رہی ہوں باہر... نیند تو

....تم میری بھی حرام کر ہی چکے ہو

فاطمہ بنا چھاپ کیے گھر کی بیک سائیڈ کا دروازہ کھولے باہر نکلی اور اسد کو فل غصے سے دیکھا.. جو بکھڑی ہوئی

..حالت میں گاڑی کی بونٹ پر بیٹھا ہوا تھا

امی کتنی خوش ہو جائیں گیں پہلی بار امی سے اتنے دن دور رہا ہوں ہفتہ اور اتوار گزار کر اسی فلائیٹ ٹائمینگ

...سے واپس چلا جاؤں گا سیدھا یونی ہی پہنچوں گا پھر

..حاشر ٹیکسی میں بیٹھا سوچ رہا تھا

..وہ امنہ بیگم کو سرپرائز دینے کے لئے دو دنوں کے لئے ملنے ایا تھا بنا کسی کو بتائے

.....بھائی جی یہ گلی میں جانا ہے یا دوسری

... ٹیکسی ڈرائیور کنفیوز ہوتے بولا

..یار میں دوسری دفعہ ایا ہوں ادھر...مجھے صیح سے پتہ بھی نہیں ہے بلاک تو یہ ہی تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...حاشر ادھر اُدھر دیکھتے بولا

....بھائی جی کسی سے پوچھ لیں بنگلے کا....آپ نے اس بلاک میں لانے کا کہا اور کہا گھر بتادوں گا دیکھ کر

...اچھا یار رکو میں کسی سے پوچھتا ہوں

...حاشر کہہ کر ٹیکسی سے باہر نکلا اور اتے جاتے لوگوں کو دیکھنے لگا

!!.....اکسکیوزمی انکل لیسن پلیز

...حاشر گھبرانے ہوئے بولا

..اج سے پہلے ایسی سچویشن کبھی ائی جو نہیں تھی

..جی بولیں

شہزاد صاحب نے کہا اور اُس کا اوپر سے نیچے تک جائزہ لینے لگے

...انکل ہاؤس نمبر 48 کہاں ہے آپ بتا سکتے ہیں بی بلاک ہی ناں یہ

..ایکچولی میں سیکنڈ ٹائم اس جگہ ایا ہوں اس لئے کنفیوز ہو گیا ہوں

...حاشر بولنے کے ساتھ نمبر بھی ملا رہا تھا

آپ کو وہاں کس سے ملنا ہے..وہ بھی اتنی صبح صبح...؟؟

..شہزاد صاحب ہاؤس نمبر سن کر حیرت سے بولے

....چلیں شکریہ رہنے دیں آپ...میرے بھائی نے فون اُٹھا لیا ہے

..حاشر نے اُن کی حیرت پر دھیان دیے بغیر کہا اور ٹیکسی میں بیٹھتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...ہیلواحان بات سنو میری

شہزاد صاحب تواس کے منہ سے احان کا نام سنتے ہی سکتے میں چلے گئے تھے لیکن جب وہ سوچنے سمجھنے کی

..صلاحیت میں ائے تب تک ٹیکسی اگے جاچکی تھی

..احان ہاؤس نمبر نہیں مل رہا شاید سٹریٹ غلط میں اگے ہیں

..ذیان کہاں ہو تم...اتنی صبح صبح

..احان جاگ رہے ہو ناں

ذیان میں جاگ رہا ہوں تھوڑی دیر پہلے نماز کے لئے اُٹھا تھا تم بتاؤ تم کس چکر ہو...؟؟

..احان نے حاشر سے اُس جگہ کا پوچھا اور وہیں رکنے کا کہہ کر فون بند کیا اور تیزی سے باہر کو نکلا

احان کہاں جارہے ہو....؟؟

..شہزاد صاحب گیٹ سے اندر اتے ہوئے احان کو باہر نکلے دیکھ کر بولے تھے

...بابا میں جاگینگ کرنے جارہا ہوں...آپ تو شاید کرائے ہیں

..احان کہہ کر تیزی سے باہر کو چل دیا

کیا جو میں سوچ رہا ہوں...وہ سچ ہے....لیکن ایسا کیسے ہو سکتا شاید مجھے غلط فہمی ہوئی ہو....لیکن اُس لڑکے

...نے بھائی کہا تھا اور احان کا نام صدیقی ہاؤس کا نمبر

..شہزاد صاحب اپنے ہی خیال میں چلتے سوچ رہے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں مجھے جانا ہو گا صدیقی ہاؤس... احان کا رویہ بدلا ہوا ہے... کچھ گڑبڑ ہے وہ ذیان تھا ہاں میں صحیح سوچ رہا ہوں...

.وہ چلتے ہوئے لاونج میں ا بیٹھے

... کیا وہ میرا بیٹا تھا

ہاں وہ احان سے کتنا مل رہا تھا تو کیا احان اس لئے پریشان رہتا تھا. پھر تو امنہ بھی مل گئی ہو گی.. میں کسے نظریں ملاؤں گا اُس سے ..

..شہزاد صاحب ٹھوڑی پر انگلی رکھے سوچوں میں ڈوبے ہوئے تھے

...ارے یار یہ ہمارا بلاک ہے نانا ابو کا اگلہ بلاک ہے تم سٹریٹ کے ساتھ ساتھ غلط بلاک میں ہو اگ ئے ہو

..احان حاشر سے بغل گیر ہوتے بولا

...ویسے تم دو مہینوں بعد انے والے تھے اور اج ہی اگئے

..ہاں امی کی یاد ارہی تھی.. زندگی میں پہلی دفعہ اتنے دن دور رہا ہوں اسی لئے شاید

..حاشر احان کا چہرہ دیکھتے چپ کر گیا اُس کے چہرے پر عجیب طرح کا قرب تھا

..چلو اجاؤ واک کرتے چلتے ہیں شارٹ کٹ سے

..احان اسے اگے بڑھنے کا اشارہ کرتے بولا

مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ.. خود تو پھنسو گے ساتھ مجھے بھی پھنساؤ گے کیا... تم جانتے تمہاری تصویر سب نے دیکھی ہوئی ہے.. بس تمہارے ملنے کا انتظار کر رہے سب.. اور تم ہو کے چھپنے کی بجائے گھر ہی پہنچ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...گئے

.فاطمہ دبی آواز میں غرا رہی تھی

.ایک دفعہ دیدار کروادو اُس کا میں ملک سے باہر چلا جاؤں گا

!!.....اف

اُس کے بھائی چوبیس گھنٹے اُسی کے آگے پیچھے ہوتے باقی وقت گھر کی خواتین..میں ایسا رزک کبھی نہیں لے

..سکتی

..تم جاؤ یہاں سے

..فاطمہ موقع ڈھونڈو ورنہ میں سارا الزام تم پر لگادوں گا

...ت ت تم مجھے دھمکی دے رہے وہ بھی صرف اُس کے دیدار کے لئے

..اگر اتنی ہی اچھی لگی تھی تو پہلے بدلہ ہی نہیں لینا تھا

..فاطمہ کا چہرہ غصے سے لال ہو رہا تھا

..سوچ کر بتادینا کب اور کہاں دیکھانا ہے مجھے..ورنہ میں کچھ بھی کر سکتا ہوں

اسد نے کندھے اچکاتے کہا

..ذیان یہ گھر کی بیک سائیڈ ہے..میں اکثر پیدل ادھر سے ہی اتا جاتا ہوں

احان ہنستے ہوئے اُسے بتا رہا تھا کہ اُس کی نظر فاطمہ پر پڑ گئ..اُس کے چہرے سے لگ رہا تھا وہ بہت غصے میں

ہے..اور جب لڑکا مڑتے ہوئے گاڑی میں بیٹھا تو احان اور حاشر وہیں رک گ ئے پہلے حیرت سے اُن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..دونوں کو دیکھا اور پھر ایک دوسرے کو

..اسد دھمکی دیتا گاڑی میں بیٹھا اور زن سے اُڑا لے گیا..احان اور حاشر کے دیکھتے ہی دیکھتے

...احان ی یہ لڑکا تو وہ ہی ہے یہ مجھے یونی میں بھی ملا تھا اپی کے بارے میں عجیب باتیں کر رہا تھا

..حاشر نے خوف زدہ ہوتے کہا احان بھی حیرت اور غصے سے وہیں جما کھڑا تھا

...اتنی گھٹیا حرکت کرنے کی امید نہیں تھی اس لڑکی سے

...احان کیا مطلب کیا کہہ رہے ہو...یہ لڑکے کی بات کر رہا ہوں دیکھا یا تو تھا بھائی نے سی سی ٹی وی میں

💔💔💔💔

..احان کچھ اور ہی سوچ رہا تھا

یار یہ لڑکی اب اپی کی سٹیپ سسٹر کو کچھ نہ کرے..حاشر نے اپنی فکر کا اظہار کیا جسے سن کر احان تلخی سے

..مسکرا دیا

احان کیا ہوا....؟؟

..حاشر نے نا سمجھی سے پوچھا

تم اندر اس بات کا ذکر کسی سے مت کرنا...ذیشان بھائی سے بات کریں گے اؤ دوسری طرف سے چلتے ہیں.

..اچھا کیا تم صبح صبح اگ ئے تمہاری وجہ سے سب الجھنیں سلجھ گئیں یہ دیکھ کر

یہاں سے آٹھ دس منٹ ہی لگتے ہیں پھوپھو کے گھر جانے میں.. صفاء آپ کی اپی زیادہ دور نہیں ہوں گیں آپ سے..

..تو صفاء نے مسکرا کر اوکے کہا

میں زیادہ تمہید نہیں باندھوں گا.. بس اتنا کہوں گا.. "میری فیملی کو آپ ہی جوڑ سکتی ہیں کیونکہ آپ انا اور میرے رشتے سے اچھے سے اگاہ ہیں. اس لئے میری ماں نے آپ کا نام ابھی پورا لیا بھی نہیں تھا کہ ماں نے اپنی ماں کی بات کے اگے سر خم کر دیا تھا..

..."اگر آپ کو کوئی بات ڈسٹرب کر رہی ہے تو آپ کر سکتی ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ذیشان سامنے دیکھتے ہی بول رہا تھا

..میں نے کان بند کیے ہیں. آپ دونوں کھل کر بات کر سکتے ہیں

..صفاء نے باقاعدہ کانوں پر ہاتھ رکھتے کہا

..ذیشان صفاء کی بات سن کر مسکرا دیا.. لیکن صبا چپ ہی رہی

....اگر آپ کو کوئی اعتراض ہے تو میں پھوپھو کو خود منع کر دوں گا

..ذیشان نے اب کے اُسے دیکھتے ہوئے کہا تھا

..."نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا"

.صبا کے منہ سے فوری نکلا تھا

..صبا کی بات سن کر ذیشان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ گئی تھی

بھائی اپی کے دماغ میں مختلف سوچیں کھچڑ مچھڑ کر رہی ہیں..اس لئے آپ کو جواب نہیں دے سکتیں..

..لیکن میں آپ کو رات کو ہی اوکے کر چکی ہوں

..صفاء نے دانت نکالتے پوئے صبا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا

!!.....ذیشان: لیں آپ لوگوں کا گھر آگیا

واووو کتنا پیارا ہے. امی یہاں رہتی تھیں."؟؟"

..صفاء گاڑی سے نکلتے گھر کو اشتیاق بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بول رہی تھی

"لیں آپ کی بیٹیاں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..احان نے کیمرے کی فوٹیج دیکھتے کہا

..امنہ بیگم نے بھی اطمینان کا سانس لیا ال_ سی ڈی کو دیکھ کر..جہاں وہ تینوں کھڑے نظر ارہے تھے صفاء گھوم کر گھر کا جائزہ لینے لگی وہ لوگ گیٹ کے باہر ہی کھڑے تھے ابھی..صفاء پر جوش ہوتی گیٹ پار کر گئی..صبا نے ایک قدم اُٹھایا ہی تھا کہ ذیشان نے مخاطب کیا

"سُنیں"

..صبا نے نا سمجھی سے ذیشان کو دیکھا

.....آپ نے بتایا نہیں کچھ

..ذیشان نے بے چینی سے پوچھا تھا اور یہ بات صبا بھانپ بھی گئی تھی

جس شخص کے دل میں اپنی بہن کے لئے اتنا احترام اور چاہت ہے.اُس کے دل میں ہمسفر کا کیا مقام ہو گا.."

"..میں خوش قسمت سمجھوں گی خود کو

صبا کہہ کر چل دی...ذیشان کھڑا اُسے دور جاتا دیکھتا رہا تھا اور اُس کے لہجے پر غور کرتا رہا جس میں خود کے لئے فخر ہی فخر تھا..

"واللہ....."کیا لڑکی ہے

..ذیشان بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے مسکرا دیا

....اپی ہمارے کیمرے میں فوٹیج اتی ہے اواز نہیں

..احان نے صبا کے پاس سے گزرتے ہوئے کہا اور لاونج سے نکل گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبابت بنی کھڑی کبھی احان کو باہر نکلتے دیکھ رہی تھی. کبھی امنہ بیگم کو جن کے چہرے پر اطمینان ہی اطمینان تھا..

...صبا خود پر قابو پاتے اُن کی طرف بڑھی

!!.....اسلام علیکم امی

!!....وعلیکم اسلام

کیا کہہ کر رہا تھا شانی.."؟؟"

....کچھ نہیں امی

آپ بتائیں...طبیعت ٹھیک ہے...؟؟

..صبا نے سر جھکا کر کہا

حاشر بس صفاء کی حرکتیں دیکھنے میں مصروف تھا جو لان میں ادھر سے اُدھر پودوں کو چمکتے چہرے سے دیکھ رہی تھی..

" ...امی آپ کی لاڈلی پاگل ہونے والی ہے..اس سے پہلے اندر لے ائیں"

..حاشر نے ہنسی ضبط کرتے کہا تھا

!!....."بھائی خیر ہے ناں"

...احان نے شرارت سے پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....جی بکل... پھوپھو سے کہنا کام ہے پھر اؤں گا

..ذیشان نے چبا کر خواب دیا.اور ڈرائیونگ سیٹ کا دروازہ کھولا

..جی جی اب ادھر انا لگا ہی رہنا آپ کا

..احان کی شرارتی رگ پھر کی ہوئی تھی

"بیٹا مجھے لگتا ہے تمہے عزت راس نہیں"

..ذیشان نے ایک ائی برو اُٹھا کر کہا اور جانچتی نگاہوں سے احان کو دیکھنے لگ گیا

....وہ تو بس میں کیمرے میں دیکھ کر باہر اگیا پوچھنے..آپ اندر نہیں ارہے تھے ناں

" .اچھا ائیڈیا دیا ہے مجھے انا کے کمرے میں بھی کیمرہ لگوانا چاہیئے"

ذیشان سینے پر بازو باندھتے وارننگ دینے والے انداز میں بولا تو احان کے کان کھڑے ہو گئے... مطلب

....شانی بھائی سمجھ گئے

". نہیں نہیں بھائی آپ جائیں...میں ماما سے کہہ دوں گا اُن کے داماد کو ضروری کام ہے"

!!!..داماد

..ذیشان ایک ائی برو اٹھائے بولا

..سوری بھتیجے عرف بیٹے

..احان نے کان پکڑ کر سوری کرتے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....گڈ سمجھدار ہو

..ذیشان نے کہااور گاڑی میں بیٹھ گیا

..شام کوانا کے ساتھ شاپینگ پر جارہاہوں..لوکیشن بھیج دوں گا..اجانا

...ذیشان نے اُرڈر دیتے انداز میں کہااور گاڑی زن سے آگے لے گیا

....اف اللہ

میں ٹانگ کھینچنے کی کوشش کرتاہوں...لیکن بھائی ٹانگ ہی الگ کردیتے ہیں اگلے بندے کی...میری"

"..توبہ انہیں چھیڑوں

.احان منہ میں بربراتااندر چلا گیا تھا

یہ تم دونوں نے ریس لگائی ہوئی ہے کھانے میں.....؟؟

نسیمہ بیگم نے انااور عائشہ کی سپیڈ دیکھ کرانہیں گھورتے ہوئے کہا..جو سینڈوچیز ایک کے بعد ایک کھانے

.میں مصروف تھیں اور ساتھ باتیں بھی کررہیں تھیں..نسیمہ بیگم کی اچانک اُن پر نظر پڑی تھی

ہاہابڑی ماما میں نے تو ناشتا نہیں کیا تھا..میرا تو کھانا بنتا ہے..آپ کی بہو کو بس ایک دفعہ اُفر کی...پر یہ تو

..شروع ہی ہو گئی ہے

..انانے عائشہ کو زبان دیکھاتے کہا

...بچوں کھاؤ...لیکن عادی عامر انے والے ہیں..کچھ اُن کے لئے بھی چھوڑ دو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ہم انے والے نہیں...ہم اگے ہیں

..وہ دونوں یک زبان ہو کر بولے تھے

ہائے سب کھا لیے....؟؟

..عادی انااور عائشہ کے ہاتھ میں پکڑے سینڈ وچ اور خالی پلیٹ کو دیکھتے ہوا بولا

...بائی آپ لوگوں کی بھابی آپ دونوں کو بنا کر دیں گیں..مجھے نہ کہنا

اناہاتھ اونچے کرتے بولی

...انو تم سے بڑا کام چور نہیں دیکھا اب تک میں نے

عائشہ نے چبا کر کہااور اُٹھ گئی تھی

..عادی عامر فوری انا کے دائیں بائیں بیٹھتے چہکتے ہوئے بولے

" !!...ائی لو یو اپی"

..اج آپ کو باہر دیکھ کر قسم سے چس اگئی ہے

..انانے دونوں کو باری باری دیکھااور سوالیہ نظروں سے پوچھا

"چس....؟؟"

..مطلب مزہ اگیا اپی

..عادی سر پر ہاتھ مارتے ہوئے بولا

...لینگویج خراب ہو رہی ہے ابھی سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اوہو اپی سکول میں سب کچھ چلتا ہے

..عامر نے بھی لاپرواہی سے کہا تھا

.... بڑی ماما یہ دیکھ لیں ان کو

..انا نے نسیمہ بیگم کو مخاطب کیا

...بیٹا بچے ہیں کچھ نہیں ہوتا... سمجھ جائیں گے

..نسیمہ بیگم نے مصروف سے انداز میں کہا اور مسکرا کر کیچن کی طرف چل دیں

...جاؤ نکموں چینج کراؤ... پھر کھا پی لینا

" .... ہماری پیاری بھابی ہمارے لئے کچھ مزے کا بنا رہی ہیں"

..انا نے اونچی آواز میں کہا تا کہ عائشہ تک بھی آواز پہنچ جائے

..عادی عامر کھی کھی کرتے اُٹھ کر اپنے کمرے کی طرف چلے گئے

جی محترمہ آپ نے تو کام کرنا نہیں ہے صرف کھانا ہے تو مجھ غریب کو تو بنانا پڑنا ہی ہے..اپنے دیوروں اور" کام چور نند کے لئے

..عائشہ نے کیچن کے دروازے پر کھڑے ہو کر بولا

..نسیمہ بیگم اُن سب کی نوک جھوک دیکھ کر مسکرا دیں

..بیٹا اماں بی بنا دیں گیں..آپ انا کے پاس ہی جا کر بیٹھو...اج کتنے دنوں بعد وہ پہلے والے موڈ میں ائی ہے

..نہیں ماما اب اُس کو میرے ہاتھ کا ہی کچھ کھانا ہے اس لئے یہ ڈرامے کر رہی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..آپ فکر نہ کریں میں کر لوں گی

..عائشہ نے میکرونی پیکٹ کھولتے ہوئے کہا

"اپی کتنا پیارا گھر ہے.....ہم اب ہمیشہ کے لئے یہاں رہیں گے.....؟؟"

..صفاء نے خوشی سے جھومتے ہوئے کہا تھا

..جی اب تو والدہ ماجدہ نے مہر بھی لگا دی ہے

حاشر نے خود کو موبائل میں مصروف ظاہر کرتے جواب دیا تھا..جسے سن کر صفاء کو بریک لگ گئی تھی اور وہ

..امنہ بیگم کے نزدیک ہوتے سمٹ کر بیٹھ گئی تھی

..جہان لاونج سے گزر رہا تھا کہ اُس کی نظر انا پر پڑی جو اپنے آپ میں مگن بیٹھی نیوز سن رہی تھی

"جہان کہاں جا رہے ہو.....؟؟"

...نسیمہ بیگم نے کیچن سے باہر نکلتے جہان کو تک سک تیار دیکھ کر پوچھا

..انا نے بھی فوری رُخ موڑ کر دیکھا

...ماما ایک فرینڈ کا کام کرنے جا رہا ہوں...شام تک آجاؤں گا

..جہان کہہ کر بڑے بڑے قدم اُٹھاتا باہر نکل گیا

...بڑی ماما میں بھی اپنے روم میں جا رہی ہوں

..انا بھی ریموٹ رکھتے بولی اور اُٹھ کھڑی ہوئی

!!.....ٹھیک ہے گڑیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نسیمہ بیگم نے ہلکی سی سمائل پاس کرتے کہا تو انا خود پر سنجیدگی طاری کیے اپنے کمرے کی طرف چل دی تھی..

"..... پتہ نہیں کیا سمجھتے ہیں خود کو... ایسے دیکھتے ہیں مجھے جسے میں نے نا جانے کیا چُرایا ہوا ہے ان کا"

..انا منہ میں بُڑبُڑاتے ہوئے چل رہی تھی

..اپنے کمرے میں پہنچ کر سکون کا سانس لیا اور فون لے کر بیٹھ گئی

اپنی پُرانی تصویریں سامنے اچانک سامنے انے پر اُسے خود سے وحشت سی ہونے لگی.. اُس نے فون دور پھینکا ..اور خود پر قابو پانے کی کوشش کرنے لگی

جہان بھائی جب مجھے دیکھتے ہیں تب احساس ہوتا ہے. مجھ میں کمی اگئ ہے... پہلے انہوں نے کبھی ایسے نہیں ...دیکھا تھا.. کیونکہ پہلے میرے منہ پر یہ نشان جو نہیں تھا

"اے اللہ کیوں کیا میرے ساتھ ایسا.....؟؟"

..انا چھت کو دیکھتے بولی.... انکھیں انسوؤں سے بھری ہوئیں تھیں

نہیں انا جہاں اتنے چاہنے والے ہو وہاں اگر کوئی ایک ناپسند کرنے والا ہو تو کوئی حرج نہیں.. چاہنے والوں کا پلڑا تو بھاری ہے ناں....."

..انا اپنے انسو صاف کرتے خود پر قابو پاتے بولی... اور پھر خاموشی سے لیٹ گئ

احان نے تو کبھی ایسا فیل ہی نہیں کروایا.. اُس کے ساتھ ہوتے ہوئے کتنی پُرسکون ہوتی ہوں.. کیا بھائی نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....مجھے جان کر ہی یہ فیصلہ کیا ہے...اُس کے علاوہ میں کسی اور سے کھل کر بات بھی نہیں کر سکتی

..اناچٹ لیٹے چھت کو دیکھتے سوچ ہی رہی تھی کہ اُس کے موبائل پر فون انے لگا

..انانے اپنے آپ کو نارمل کرتے فون ریسیو کیا

" ...انا:"ہیلو

"کیا کر رہی ہیں....؟؟"

احان نے شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا دوسرے ہاتھ سے فون کان کو لگایا ہوا تھا..

..انانے اُس کی بات سن کر لب بھینچ لئے

"احان کیوں فون کیا....؟؟"

" ....دل کر رہا تھا آپ سے بات کرنے کو...اب تو آپ بات بھی نہیں کرتیں"

...احان نے بے چارگی سے کہا تھا

.....میرا دل نہیں کر رہا بات کرنے کو

...انانے اُسے ٹالنے کی کوشش کی...اور وہ احان ہی کیا جو ٹل جائے

"کیا ٹینشن ہے اب.....؟؟"

"....احان تم تنگ کیوں کر رہے ہو"

...انانے خفگی سے پوچھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....کیو یک آپ تنگ ہو رہیں ہیں

..احان نے کہہ کر دانتوں تلے لب زبان دے دی

....میں فون بند کر رہی. میرا موڈ نہیں ہے تمہاری فضول باتیں سننے کا

..انانے سخت لہجے میں کہا تھا

آپ کو تو میری اچھی بُری فضول فالتو سننے کی عادت ڈال لینی چاہیئے..کیو یک باقی کی زندگی آپ نے ہی سننی ہیں...

..احان نے موقع دیکھ کر کہہ ہی دیا تھا..اُدھر انا بس کنٹرول کرنے میں لگی تھی

" ..حانی کے بچے شرم تو تمہے اتی نہیں ہے"

..انانے چبا کر کہا

...حانی کے بچے تو ائے ہی نہیں اُس دنیا میں ابھی

..احان نے معصومیت سے کہا کہ انا کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ گئ

"دفع ہو جاؤ"

..انانے جان بوجھ کر کہا وہ اب احان کو دیکھنا چاہتی تھی کہ کتنی بے رُخی برداشت کر سکتا ہے

"سو سال گزار کر ہوں گا"

..تب تک آپ کو برداشت کرنا ہو گا

"یہ ڈھیت پن کہاں سے سیکھا.....؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"انا نے دانت کچکچاتے ہوئے کہا.. بچپن سے ہی ہوں... آپ مجھے لگتا اب جان رہی ہیں.."جان

احان نے جان بوجھ کر جان دو بار کہا تھا

..جی نہیں میں تمہے بچپن سے ہی جانتی ہوں

اور خبردار ائینڈہ مجھے "جان" کہا.. سمجھا گئ تھی مجھے.."اچھا آپ مجھے بچپن سے جانتی ہیں تو باقی کی زندگی بھی میرے ساتھ گزارنے کے فیصلے میں اتنی دیر کیوں لگ رہی ہے... جب تک مجھے گڈ سائن نہیں ملے گا

" ...تب تک شانی بھائی کچھ نہیں کریں گے

آپ کو مجھ پر بھروسہ نہیں ہے....؟؟

..احان نے افسرودگی سے پوچھا تھا... وہ اب اپنے کمرے میں ٹہل رہا تھا

..انا اُس کی بات سن کر خاموش سی ہو گئ تھی... کہو یک وہ بلکل ٹھیک جو کہہ رہا تھا

.انا نے دو سیکنڈ کے بعد فون بند کر دیا اور سرھانے میں منہ گُھسا کر لیٹ گئ

..احان بند فون کو دیکھ کر ٹھنڈی اہ بھر کر رہ گیا تھا

.....امی کتنا پیارا روم میں ہمارا

..صفاء نے خوشی سے کھکھلاتے ہوئے کہا

صبا بیٹا تمہے اچھا نہیں لگا....؟؟

نہیں امی بہت اچھا ہے سب... بلکہ میں تو یہ سوچ رہی ہوں.. کیا اللہ اسے بھی معجزے کیا کرتا ہے.. میرے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ ہم یہاں تک ائیں گے... امی سچ میں آپ نے ہم دونوں کے لئے بہت کچھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گنوایا ہے.. حاشر نے اپنا بچپن اتنی محرومیوں میں گزارہ.. لیکن کبھی میں نے اُسے اف تک کرتے نہیں دیکھا.. اور آج حاشر کے چہرے پر الگ ہی چمک دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی.. ایک احساس بھی ہوا. ہماری وجہ سے آپ دونوں نے کتنا برا وقت گزارہ ہے. اتنا عالی شان گھر ہوتے ہوئے بھی آپ نے ہماری خاطر اُس چھوٹے سے گھر کو ترجیح دی.. امی سچ میں ہم آپ کے پالنے پوسنے کا احسان مر کر بھی نہیں اُتار پائیں گے..

..صبا نے امنہ بیگم کے دونوں ہاتھ تھامتے ہوئے غمگیں لہجے میں کہا

...صفاء بھی اُداس سی ہو گئی تھی صبا کی باتیں سن کر

..بیٹا مائیں بچوں کو پالنے پر کوئی احسان نہیں سمجھتیں

.. خبردار جو آئیندہ ایسا کہا تو.... تم دونوں مجھے احان اور حاشر جیسی عزیز ہو

..امنہ بیگم نے صبا کے بال سنوارتے ہوئے پیار سے کہا

میں نے بھابی کو شانی کے لئے ہاں کرنے سے پہلے اس لئے نہیں پوچھا.. کیونکہ یہ میرا بھی دل تھا.. اپنے

..اتنے فرمابردار بھتیجے کے لئے اپنی ہی فرمابردار بیٹی جچی تھی

..اب بھی تمہے حکم دی رہی ہوں.. تمہاری شادی میں نے شانی سے ہی کروانی ہے

..امنہ بیگم نے صبا کی طرف انگلی کرتے ہوئے کہا.. تو صبا نے اثابت میں سر ہلا دیا

"میرے لئے استاد ہی رہ گیا تھا... ہر وقت اُرڈر دینے والے"

صفاء منہ ہی منہ میں بڑبڑائی تھی.. لیکن اواز امنہ بیگم کے کانوں تک پہنچ گئی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..جی ہاں تم جسی جھلی کو وہ ہی سنوار اور سنبھال سکتا ہے

...امی میں تو اسے ہی کہا تھا

اچھا یہ بتائیں رات کو شہزاد انکل سے آپ نے کیا کیا باتیں کیں.. ہمیں تو اسے چھوڑائیں تھیں جسے ہم نے

..چھوٹے بچوں کی طرح کباب میں ہڈی بننا تھا

..صفاء منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے بول رہی تھی

..صفاء میں کہہ رہی ہوں سدھر جاؤ...دن بادن بہت بولنے لگ گئی ہوں

...امی آپ شرما رہی ہیں

..صفاء نے حیران ہوتے ہوئے کہا

..میں کیوں شرماؤں گی

امنہ بیگم اپنے آپ کو سنبھالتے ہوئے بولیں...وہ انہیں یہ نہیں بتانا چاہتی تھیں جو خوشی رات کو انہوں نے

..اپنے بیٹوں اور شہزاد کے چہرے پر دیکھی تھی ان دونوں کے ساتھ ہونے پر نہ ہوتی

" احان اور حاشر اپنے آپ کو مکمل محسوس کر رہے تھے انہیں بھی کمپلیٹ فیملی کی خوشی کا احساس ہوا تھا"

..بیٹا بس میں چاہتی تھی کل احان اور حاشر کھل کر ایک مکمل فیملی کی خوشی محسوس کریں

..اچھا اب تم دونوں رات کے کھانے کے لئے

امی پلیز.....اج بھی ہم ہی کھانا بنائیں...اس گھر میں کک نہیں ہے..؟؟

..صفاء فوری امنہ بیگم کی بات اچکتے ہوئے بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لڑکی میں یہ ہی پوچھنے لگی تھی رات کے لئے کیا بنواؤ.....؟؟

...بات تو سن لیا کرو پوری

امنہ بیگم نے صفاء کو گھورتے ہوئے کہا

...اچھا اچھا آپ جو مرضی بنوالیں...ہم کھالیں گے

...امنہ بیگم اُسے دیکھ کر باہر نکل گئی تھیں

اپی کیا بات ہوئی...میرے جانے کے بعد بھائی سے.....؟؟

.صفاء نے اکسائیٹڈ ہوتے پوچھا

...صباُسے گھور کر رہ گئی

...ہر کوئی مجھے ہی گھورتا ہے...میری کوئی ویلیو ہی نہیں

..صفاء کمرے سے باہر نکلتے ہوئے اپنے آپ سے ہی کہہ رہی تھی

....میں فارغ ہوں..بکس لے اؤ...تمہے کچھ تیاری کروادوں

..حاشر اچانک نمودار ہوتے بولا

....میں فارغ ہوں..بکس لے اؤ...تمہے کچھ تیاری کروادوں

..حاشر اچانک نمودار ہوتے بولا

اج بھی پڑھنا ہے..؟؟

صفاء حیرت زدہ سی بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں اج عید ہے...؟؟؟

..حاشر نے بازو سینے پر باندھتے پوئے پوچھا

..نہیں

..صفاء نے سر ہلاتے کہا

.اوپس اج تو 25 دسمبر ہے

...صفاء اپنے سر پر ہاتھ مارتے ہوئے بولی

..حاشر صفاء کی بات سن کر اُسے خشمگیں نظروں سے دیکھ رہا تھا

...مطلب تمہاری عید ہے اسی لئے تمہے پڑھنا نہیں ہے

..حاشر کی بات سن کر صفاء کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا تھا

..جی نہیں اج قائد ڈے ہیں اُن کی سالگیرہ کا دن

..صفا نے چبا کر جواب دیا تھا

توبی بی قائدِ اعظم کی سالگیرہ ہے تمہاری نہیں جو تم نے پڑھائی سے چُھٹی کرنی ہے..حاشر نے بھی اُسی کی ٹون

..میں جواب دیا تھا

..بکس لے کر اؤ. میں لاونج میں بیٹھا ہوں

..اور بائے ڈاویے تمہاری زبان کافی چلنے نہیں لگ گئ

حاشر صفاء کی طرف تھوڑا جھکتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....احان کا قہقہ شہزاد ہاؤس میں گونجا تھا اُن دونوں کی باتیں سن کر

...ہاہاہا.....مطلب سیریئسلی.....یار اتنا ظلم میری بہن پر

..احان ہنستے ہوئے اُن کے نزدیک اکر بولا

..صفاء شرمندگی سے نظریں جھکا گئی تھی

....نہیں وہ تو میں بس

..ہاں ہاں وہ تو میں بس درس دے رہا تھا

.احان نے حاشر کی بات پوری کی

احان کیا مسئلہ ہے...؟؟

.حاشر نے اکتا کر پوچھا

مسئلہ یہ ہے کہ تم میری بہن پر رعب جمانے کی کوشش کر رہے ہو..جو میں اپنے گھر میں بلکل نہیں ہونے دوں گا..

تم تو بچوں کی طرح ٹریٹ کر رہے ہو..بابا نے دیکھ لیا تمہاری خیر نہیں بیٹا...اگر اُسے ک ہو گا ناں میں ٹویٹر رکھوا دوں گا تم بے فکر رہو..

..صفاء آپ جاؤ..چُھٹی کرو..کوئی ضرورت نہیں اس سے ڈرنے کی آپ کا بھائی ہے

..احان نے صفاء کے سر پر ہاتھ رکھتے کہا اور حاشر کو جانچتی نظروں سے دیکھنے لگ گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

Thank you Bhai.....

...صفاء نے کہا اور سکھ کا سانس لیا... جان چھوٹی

..ائینده اگر یہ کچھ بھی کہے میرے پاس اجانا

..صفاء ہنس کر وہاں سے چلی گئ

..شرم کرو... ہونے والی بیوی سے ایسا سلوک کرتے ہیں

..احان نے حاشر کو شرم دلانے کی کوشش کی

...تم بتادو کیسا سلوک کرتے ہیں

..حاشر نے پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالتے سانس خارج کرتے پوچھا

...تو چل کمرے میں.. میں سمجھاتا ہوں

..احان حاشر کو گردن سے دبوچتے کمرے میں لے جانے لگا

" !....اگے بیٹا"

.نسیمہ بیگم نے ذیشان کو لاونج میں بیٹھے دیکھ کر پوچھا تھا

...جی ماما

....ایک کپ چائے پلادیں

اچھا انا کہاں ہے....؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان نے اُٹھتے ہوئے پوچھا

..وہ ابھی تھوڑی دیر پہلے اپنے کمرے میں گئی ہے

چلیں آپ چائے وہاں ہی بھجوا دینا... میں اُدھر ہی جا رہا ہوں..ذیشان نے اپنا موبائل ٹیبل سے اُٹھاتے کہا

...اور سیڑھیوں کی طرف چل دیا

ذیشان نُاک کر کے انا کے کمرے میں داخل ہوا تو انا ٹھیک ہو کر بیٹھ گئی اور ذیشان کو دیکھ کر ہلکی سی سمائل پاس

..کی

! ...اگئے...؟؟بھابی کو چھوڑ کر

....ہاں

...یہ تمہاری اواز کو انکھوں کو کیا ہوا...؟؟ صبح تک کو ٹھیک تھیں

..بھائی وہ سو کر اُٹھی ہوں ناں تو اسی لئے اواز بھاری ہو گئی ہے

آپ بتائیں. کسی رہی فرسٹ دیٹ....؟؟

...انا نے اکسائیٹیڈ ہوتے پوچھا

ہائے..... تمہاری ہونے والی بھابی کی تو کیا ہی بات ہے... جتنا زیادہ سوچتی ہیں اُتنا ہی کم بولتی ہیں اور جب

..بولتی ہیں تو اگلے انسان کو "چاروں شانے چت" کر دیتی ہیں

...ذیشان نے صبا کو تصور میں رکھتے انا کو بتایا

مطلب بھائی آپ کا خود پر بس نہیں رہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..انانے شرارت سے کہااور مسکرادی

..جی نہیں...ابھی کوئی ایسا نہیں ایا سامنے جو مجھے اپنے قابو میں کرے

..ذیشان نے فوری خفگی بھرے لہجے میں کہا تھا

تم چھوڑو یہ سب ریڈی ہو

....جاؤ...شوپینگ پر جانا ہے ناں

..ذیشان نے انا کو بازو سے پکڑ کر کھڑا کرتے کہا

....بھائی میرا موڈ نہیں ہے

..انانے احتجاج کرنا چاہا

میں کوئی بہانا نہیں سننا...پہلے تم مجھے ضد کر کے لے کر جاتی تھی..اج میں لے کر جاؤں گا...کر لو جو کرنا ہے...

..ذیشان نے دھٹائی سے کہااور اُس کو وارڈروپ کی طرف دھکیلا

...بھائی آپ ضد کیوں کرنے لگ گئے ہیں

..انانے بے بسی سے کہا تھا

...کیو یک تمہارا بھائی ہوں...تم پر ہی جاؤں گا ناں

..ذیشان نے اُسی کی ٹون میں جواب دیا

...لو اگئی چائے میری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ذیشان نے نسیمہ بیگم کو اندر اتے دیکھا تو بولا

ماما میں جب تک چائے پیتا ہوں..انا کو ریڈی ہونے میں ہیلپ کر دیں..ہم باہر جا رہے ہیں.اور پلیز....اُن .... بھکڑوں کو نہ پتہ چلنے دینا...ہم باہر گئے ہیں.شیطانوں کو کھانے پینے کے علاوہ کچھ سوجھتا ہی نہیں ہے

...ذیشان نے نسیمہ بیگم کے ہاتھ سے چائے کا کپ لیتے ہوئے کہا تھا

...آپ باہر بیٹھ کر چائے پییں..میں تیار ہو کر اتی ہوں

اور بڑی ماما آپ بھی جا کر ریسٹ کریں..میں کونسا بھائی کے ولیمے پر جا رہی جو آپ ہیلپ کریں گیں تیار

...ہونے میں

..انا نے تھوڑی ناراضگی سے دونوں کو دیکھتے کہا تھا

نسیمہ بیگم انا کی بات سن کر مسکرا دیں اور ذیشان منہ کے زاویے بگاڑتا کمرے سے نکل گیا جاتے جاتے انا کو

..وارن کرنا نہ بھولا

...صبا اپی

....صبا اپی

..صفاء کمرے میں اکر صبا کو اوازیں دینے لگ گئی تھی

کیا ہو گیا ہے...؟؟سکون نہیں ہے تمھے....؟؟

...صبا واشروم سے نکلتے ہوئے بولی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کو پتہ ابھی احان بھائی نے کیا کیا...؟؟

..نہیں...میری دو انکھیں ہیں.چار نہیں...تم بتاؤ گی تب ہی پتہ چلے گا

..صبا نے چبا چبا کر کہا

...ایک تو اپی آپ ہر وقت ہی غصے میں کیوں رہنے لگ گی ہیں..اچھا سُنیں

پھر صفاء نے الف سے لے کر ے تک ساری بات صبا کو بتادی جس سے اُس کے چہرے پر بھی مسکراہٹ رینگ گئی تھی..

...تم دونوں کا کچھ نہیں ہو سکتا

..صبا نے ہنستے ہوئے کہا

...اپی احان بھائی کتنے اچھے ہیں ناں

..ہاں دونوں بھائی ہی ماشاءاللہ سے اچھے ہیں

.صبا کے لہجے میں فخر ہی فخر تھا

صبا کی بات سن کر صفاء کے منہ میں کرواہٹ سی پھیل گئی...خاک اچھے ہیں دونوں..احان بھائی اچھے ہیں

...بس...وہ تو بس حکم ہی دیتے ہیں..اب اے گا مزہ جب میں احان بھائی کو شکایتیں لگاؤں گی اُن کی

...اب کونسی کارستانیاں سوچ رہی ہو

..صبا نے صفاء کو اپنے ہی خیالوں میں ڈوبے دیکھ کر کہا اور بیگ سے کپڑے نکالنے لگ گئی تھی

..کچھ نہیں اپی...میں امی کے پاس جا رہی ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...کام چور"

..صبا نے ہلکی سی آواز میں کہا اور اپنے کام میں مصروف ہو گئ

...اف امی آپ کا بیٹا ادھا پاگل ہے...کسے جھلیں گیں اپی اسے

..حاشر امنہ بیگم کے نزدیک بیٹھتے ہوئے بولا تھا

...کیا کر دیا اب اُس نے

..نسیمہ بیگم نے ال سی ڈی سے نظریں ہٹا کر پوچھا

...کچھ نہیں بس ایسے ہی اُلٹ پٹانگ کام

امی سچ میں..میں نے بچپن کے سارے لمحے مس کر دیے جس میں..میں اور احان نے ایک ساتھ جینا تھا..

...کھیلنا تھا...اب ایسا لگ رہا ہے ہمیں بچپن اب ملا ہے

امی اتنا خوش زندگی میں کبھی نہیں ہوا جتنا اب ہوں...میں نے زندگی میں سوچا ہی نہیں تھا کبھی اتنا سب کچھ مل سکے گا..میں تو صبر شکر کر کے وہ ہی زندگی گزار رہا تھا..اگر انا اپی میرا پیچھا نہ کرتیں تو ہم سب کبھی نہ مل پاتے..

حاشر تھوڑا افسردہ ہوتے بول رہا تھا...اور امنہ بیگم سوچ رہیں تھیں انہوں نے اپنے بچوں کے کتنے سال محرومیوں کی نظر کر دیے

..بیٹا ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا..میں تم دونوں کو وہ سب نہیں دے پائ جس کا تم دونوں کو حق تھا

..امنہ بیگم پھر سے اُداس ہو گئیں تھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے نہیں امی میں آپ سے شکایت نہیں کر رہا.. بس دل میں ایا کہہ دیا.. اور مجھے آپ سے کوئ شکایت ہے ... بھی نہیں

حاشر نے ایک بازو اُن کے گرد حمائل کرتے ہوئے کہا.. تب ہی شہزاد صاحب کی بات دونوں کے کانوں .. میں پڑی

... خیر ہے بڑا پیار ہو رہا ماں بیٹے میں

.. ہمارا تو شروع سے ہی چلا رہا ہے

. حاشر نے مسکرا کر کہا.. لیکن امنہ بیگم اب بھی افسردہ تھیں اور یہ بات شہزاد صاحب نے نوٹ کر لی تھی

... بائ چائے کھانا ملے گا

.. شہزاد صاحب نے بات بدلتے پوچھا

.. صفاء اپنے ہی دھیان میں امنہ بیگم کو پکارتی ارہی تھی.. شہزاد صاحب کو اچانک دیکھ کر کنفیوز سی ہو گئ

!!... اسلام علیکم انکل

... صفاء نے جھٹ سلام کیا

!!... وعلیکم اسلام

.. میں بعد میں اجاتی ہوں

.. صفاء کو کچھ نہ سوجھا تو کہہ کر پلٹنے لگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بیٹا آپ بھی ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں

....شہزاد صاحب نے تھوڑا پیار سے کہا تو صفاء کو حوصلہ ملا

..انا نے بال سمیٹ کر سر پر حجاب کر کے اخر میں نقاب کیا

نقاب کرتے انا کے ذہن میں ہو سپیٹل والا منظر اگیا..کسے احان نے میری کیفیت سمجھتے پین اپ کیا تھا..

..اُس نے ہر موڑ پر میرا ساتھ دیا ہے

..انا سوچ ہی رہی تھی کہ ذیشان انا کو پکارتا کمرے میں انٹر ہوا

....انو یار ابھی جاؤ

..بھائی بس ہو گیا

..انا نے پین لگا کر سائیڈوں سے ڈوبٹا ٹھیک کیا

...ہمم چلو اجاؤ...ورنہ وہ شیطان کے چیلے نہ دیکھ لیں ہمیں

..ذیشان انا کا ہاتھ پکڑے لے جاتے ہوئے بولا

شہزاد ہاؤس میں سب کھانے کی ٹیبل پر بیٹھے ہوئے تھے کہ شہزاد صاحب نے اشرف کو مخاطب کیا

....اشرف جاؤ احان کو بلا لاؤ

..جی صاحب جی

...اشرف (نوکر) نے کہا اور احان کو بلانے ڈوڑا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...چھوٹے صاحب آپ کو بڑے صاحب بُلا رہے ہیں

...ارہاہوں اشرف بابا

احان نے بالوں پر جل لگاتے مصروف سے انداز میں کہا تھا. تو اشرف صاحب جی بہتر کہہ کر واپس پلٹ گئے..

..میں کل واپس جارہاہوں...میرا لاسٹ ائیر ہے...اتنی چھٹیاں افورڈ نہیں کر سکتا

..حاشر کھانا کھاتے بتارہا تھا

..بڑے ائے پڑھا کو کہیں کے

..صفاء نے چاول سے بھرا چمچ منہ میں ڈالتے سوچا

..ٹھیک ہے بیٹا

...اب تمہارا اخری سال ہے مائگریشن کا کیا فائدہ

..شہزاد صاحب نے فوری کہا

...صاحب جی چھوٹے بابا تیار ہو رہے ہیں..کہہ رہے ہیں اتا ہوں

یہ اُس نے رات کو تیار ہو کر کہاں جانا...؟؟

..شہزاد صاحب نے نا سمجھی سے امنہ بیگم کو دیکھتے پوچھا تھا

..مجھے خود نہیں پتہ..کافی دیر سے کمرے میں بند ہے..میں سمجھی پڑھ وغیرہ نہ رہا ہو

بیگم وہ اور پڑھے...اتنا سمجھدار اور ذمہ دار نہیں ہے ہمارا بیٹا...وہ تو جو پڑھ یاں کوئی کام کر رہے ہوں اُن کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بھی اُٹھا دیتا ہے

" جب میں نہیں کر رہا تو تم لوگ کیوں کر رہے ہو"

..شہزاد صاحب نے چباتے ہوئے کہا

..صفاء اور صبا اُن کی بات سن کر ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرانے لگیں اور یہ ہی حال حاشر کا تھا

..امنہ بیگم اُن کی بات اگنور کرتیں پلیٹ پر جھک گئیں.. کونسی ماں اپنے بیٹے کی بُرائی برداشت کرتی ہے

....جی بابا.. آپ نے یاد کیا

..احان شرٹ کے بازو فولڈ کرتا ہوا بولتا آرہا تھا

... کھانا تمہارے باپ نے کھانا ہے... بابا اپ کھا تو رہے ہیں

...احان معصومیت سے بولا

میں تمہاری بات کر رہا ہوں... اج سب ایک ساتھ کھانا کھا رہے ہیں اور تم کمرے میں تیار کیوں ہو رہے

..تھے.. گھر میں پارٹی تھوڑی ہے

پہلی بات تو میں رات کا کھانا اتنی جلدی کھاتا نہیں ہوں اور دوسری بات بیگم کے اتے ہی اپ نے مجھ پر

.....رعب جمانا شروع کر دیا... واہ

.... مطلب کل تک آپ پیار سے منتے کرتے کہتے تھے اور اج ڈیریکٹ رعب

..احان نے شہزاد صاحب کو تنگ کرتے کہا

..شہزاد صاحب تاسف سے سر ہلا کر رہ گئے تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..میں باہر جارہاہوں..لیٹ ہو جاؤں گا

..اب کے اُس نے سنجیدہ ہوتے کہااور اگے کو قدم بڑھانے

کہاں جارہے ہو...؟؟

..بابا کام ہے

..احان نے بنا پلٹے جواب دیا

..احان رکو..اج تو ہمارے ساتھ کھانا کھالو

.....بابا بعد میں

احان کہہ کر لاونج عبور کر گیا تھا..پیچھے شہزاد صاحب تاسف سے اُسے جاتا دیکھتے رہے..اور پھر امنہ بیگم کو

..دیکھا اُن کا بھی وہ ہی ری ایکشن تھا

اپی کہاں گئ ہیں....؟؟

..عادی نے منہ بسورتے ہوئے پوچھا..وہ ابھی انا کے کمرے سے ہی ایا تھا اور باقی گھر میں بھی دیکھ لیا تھا

وہ باہر گئ ذیشان بھائی کے ساتھ...کچھ کام تھا. تھوڑی دیر میں اجائے گی. تم اؤ کھانا کھاؤ..میں نے مٹن

..بریانی بنائی ہے

..عائشہ نے ٹیبل پر کھانا لگاتے مصروف سے انداز میں کہا

..عادی سب کچھ بھلائے مٹن بریانی کا نام سنتے کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..امی میں آپ کی دوائیاں لا دیتی ہوں..آپ کھالیں

.صبا اُٹھتے ہوئے بولی..تو امنہ بیگم نے اثبات میں سر ہلایا

..صفاء بھی ہلکی سی مسکراہٹ دے کر اپنے کمرے کی طرف چل دی

..بچیوں سے پوچھ لینا تھا اگر ان کو اپنے کمرے میں کسی چیز کی ضرورت ہو تو لسٹ بنا کر دے دیں

..نہیں مجھے نہیں لگتا کسی چیز کی ضرورت ہو گی.پھر بھی میں پوچھ لوں گی..آپ بے فکر رہیں

..امنہ بیگم نے انہیں طمانیت بخش جواب دیا..اس دوران حاشر اپنے موبائل میں مصروف رہا

💖💖💖💖💖💖

..بھائی اج اتنارش ہے مال میں..اور آپ اج ہی لے ائے

..انا کو فت زدہ سی بولی

..گڑیا یار میرے خود مائینڈ سے سلیپ ہو گیا تھا اج اتنا رش ہو گا

..چلو ریسٹورینٹ کی طرف چلتے ہیں..شوپینگ پھر اجائیں گے کرنے

انا کو نقاب میں گھومتے الجھن ہو رہی تھی اور اُسے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے سب اُسے ہی دیکھ رہے ہیں.حالانکہ کسی کا بھی دھیان اس پر نہیں تھا..کیونکہ اُس نے اپنے آپ کو پورا کوور کیا ہوا تھا.اس لئے کوئی

..بھی اُس کی طرف متوجہ نہیں تھا

.لیں اس کی کمی تھی

..انا لیفٹ کی طرف بڑھ ہی رہی تھی کہ دور سے اتے احان کو دیکھ کر منہ میں بڑبڑائی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی یہ یہاں کیا کر رہا ہے....؟؟

"انا تمہارے پہلو میں اب اُس کا کھڑا ہونا ضروری ہے"

..ذیشان نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا

انا لپ پیچ کر رہ گئی تھی

سو سوری بھائی اج اتنی ٹریفک تھی اسی لئے لیٹ ہو گیا اور گھر میں آپ کے ہونے والے سسر نے

..انو یسٹکیسن شروع کر دی تھی

احان اُن کے نزدیک اتے جوش سے بولا..اور انا نظر بھر کر دیکھا جو بلیک اور اورنج سٹائلیش فراک پہنے

..ڈوبٹے کو اچھے سے لپیٹے ہوئے تھی صرف دو انکھیں نظر ارہیں تھیں جن میں وہ اُداسی بھانپ گیا تھا

..یار اسی لئے ہم نے شوپینگ پلین کنسل کر دیا..اب کھانا کھانے جا رہے..اجاؤ

..ذیشان کہہ کر چل دیا تو اُن دونوں نے بھی پیچھے اُس کی پیروی کی

انا اپنے ہی دھیان میں چل رہی تھی..ذیشان اُن سے دو قدم اگے تھا..انا کا کسی سے تکڑاو ہونے لگا تو احان

نے فوری اُسے سنبھالا..اُس دوران اچانک احان کا بازو انا کے گرد حمائل ہو گیا اور ہاتھ کندھے پر چلا

..گیا.جسے اُسے ایک تحفظ کا یقین دلایا ہو

..ٹھیک ہوں میں...اتنا ہیرو بننے کی ضرورت نہیں

..انا نے تھوڑا غصے سے دیکھتے کہا

.میں تو پریکٹیس کر رہا ہوں.فیوچر میں ایسے ہی چلنا جو ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بولتے ہوئے احان کے لہجے میں میٹھاس ہی میٹھاس تھی

.انا نے احان کی بات سنتے گھور کر احان کو دیکھا تھا

.....اچھا اچھا غصہ نہیں

..احان نے ہاتھ ہلاتے ہوئے کہا

ریسٹورینٹ کے کیبن میں بیٹھ کر انا نے سکون کا سانس لیا. ویٹر کے کھانا سرو کر کے جانے کے بعد انا نے نقاب اُتارا اُس دو دان اُس کا سارا دھیان احان میں ہی تھا کہ وہ کسے ری ایکٹ کرتا ہے.. لیکن احان نارملی ..ذیشان سے باتوں میں لگا ہوا تھا

..انا کو مزید غصہ انے لگا

..اسے برا کیوں نہیں لگ رہا..انا نے پلیٹ اپنی طرف کھسکاتے سوچا

..یہ انا اور ذیشان ائے نہیں ابھی تک اور باہر والے برخوردار کدھر ہیں (جہاں) نظر نہیں ائے

..اسلم صاحب نے کتاب پر نظریں جمائے پوچھا

پتہ تو ہے دونوں بہن بھائی باہر گئے ہیں گھوم پھیر کر ہی ائیں گے..اور جہان دوست کے کسی کام سے گیا تھا ...ابھی تک ایا ہی نہیں

...نسیمہ بیگم جہان ہم سے کافی دور ہو گیا ہے اُس کو ہماری توجہ کی ضرورت ہے..دھیان رکھا کرو

..جی آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں

اور ہاں میں نے کھانے کی میز پر ارشاد اور ناہید کو بہت چپ چپ دیکھا ہے..سب ٹھیک ہونے میں وقت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..لگے گا اُن کے درمیان

..اسلم صاحب کچھ سوچتے ہوئے بول رہے تھے

..ناہید کو اب عقل آئی ہے جب سب کچھ ہاتھ سے نکل چکا ہے..اب اُسے واپس پانے میں دیر تو لگے گی ناں

..نسیمہ بیگم نے تکیا درست کرتے ہوئے کہا

ناہید سے کہو اپنی بیٹی پر بھی نظر رکھے..پہلے بھی اُس کی نادانیوں کی وجہ سے فاطمہ بگڑ گئی تھی اب تو ویسے ہی آزاد ہو گئی ہے..لڑکی ذات ہے اُسے سمجھاؤ...اپنی بیٹی کو اتنا آزاد نہ چھوڑے اپنا گھر بچانے کی خاطر بیٹی کو ہی

..فراموش کر گئی ہے

...اُس کے نام کے ساتھ ہمارے خاندان کا نام بھی جڑا ہے

..اسلم صاحب نے نسیمہ بیگم کو سمجھاتے ہوئے کہا تھا

💖💖💖💖💖

"!!....انا"

...جی بڑی ماما

"بیٹا ذیشان کے ساتھ جا رہی ہو...؟؟"

"جی"

.انا نے نقاب کرتے مصروف سے انداز میں جواب دیا تھا

..ماشاءاللہ.."میری گڑیا کتنی پیاری لگ رہی ہے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.نسیمہ بیگم نے انا کی نظر اُتارتے ہوئے کہا

..ہمم..بڑی ماما اپنے دل کو تسلی دینے والی بات ہے

..انا بے زاری سے بولی

آپ بتائیں..اپ کیوں ائیں تھیں...؟؟"

ارے میں تو ویسے ہی تمہارے پاس ائی تھی..تمھے پتہ تمہارے اوپر انے کے بعد نیچے تینوں بھائیوں نے

...خوب ہنگامہ کیا..تمہارے بڑے پاپا نے سب کی کلاس لگائی فون پر

..نسیمہ بیگم خوشی سے ہنستے ہوئے سب بتا رہی تھیں..اور انا کا ہنس ہنس کر بُرا حال ہو رہا تھا

بس کر دیں ماما...کہیں تو عزت رہنے دیں...آپ کے شوہر نامدار نے تو اتنی سی بھی عزت نہیں رکھی

..ہماری

..ذیشان بازو فولڈ کرتا ماتھے پر بل ڈالتے اندر اتے ہوئے بولا

..ہاہاہا...بھائی ججججججج.....بہت افسوس

..انا نے مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا..اکر ڈرامے کر لینا

..ابھی چلو

..ماما رات کا کھانا کھا کر ائیں گے..انتظار نہ کریے گا

...ذیشان نے وارننگ دیتے انداز میں انا سے کہا اور اُس کا بازو پکڑ کر باہر کی طرف چل پڑا

..بھائی ویٹ..اسکارف تو ٹھیک کرنے دیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ایک تو تمہارا اسکارف لے کر بیٹھ گیا ہے..کرو ٹھیک

ذیشان نے اکتا کر کہا تو انالب پیچے ٹھیک کرنے لگی..گاڑی میں بیٹھ کر انا سارے راستے خاموش رہی..

..ذیشان ہی بولتا یا تھا

دیکھیں میں اپ سے کہہ رہی ہوں مجھے نہیں لگتا ہمیں اج ہی یہاں انا چاہئے تھا..ابھی تو انہیں اسد کے باہر نکلنے کا نہیں پتہ ہو گا...

حلیمہ بیگم نے اصغر صاحب سے دبی ہوئی آواز میں کہا..وہ صدیقی ہاؤس کے گیٹ کے سامنے شش و پنج میں کھڑے تھے..اندر جا کر کیا اور کسے کہیں..

نہیں بیگم غلطی ہمارے بیٹے کی تھی.ہمیں معافی مانگنیں میں اڑ نہیں محسوس کرنی چاہیے..اور اچھا کیا اُس نے خود اُس لڑکی سے شادی کی بات کر دی..یہ میں بھی تم سے کہنے والا تھا..

اصغر صاحب نے کہا اور بیل پر انگلی رکھ دی..

"جی کس سے ملنا ہے..؟؟"

چوکیدار نے گیٹ کھول کر نرمی سے پوچھا..

اسلم صاحب سے...

اجائیں اندر...صاحب تو گھر پر نہیں ہیں..اُن کے چھوٹے بیٹے ہیں..

چوکیدار نے تابعداری سے انہیں لان میں کھڑا کیا اور اندر کو بھاگا...اور واپس پر جہان کو ساتھ لایا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" !!....جی اسلام علیکم'

...جہان نے انہیں پہچانے کی کوشش کرتے ہوئے سلام کیا

" ..وعلیکم اسلام"

..بیٹا آپ کے بابا گھر نہیں ہیں...؟؟ ہمیں اُن سے ملنا ہے

...آپ ائیں اندر..میں کال کر لیتا ہوں

...جہان نے مہذب انداز میں ان دونوں کا رویہ دیکھتے ہوئے کہا اور ڈرائینگ روم میں لے جا کر بیٹھایا

..ماما بابا سے کوئی ملنے ایا ہے...جہان نے نسیمہ بیگم کو اگاہ کیا..اور اسلم صاحب کو فون ملانے لگا

کون بیٹا..؟؟ نام پوچھا...؟؟

اوپس ماما..وہ میں بھول ہی گیا..چلیں آپ اجائیں..مجھے تو وہ بہت ڈیسینٹ سے لوگ لگے تھے..اسی لئے

..تمیز سے ڈرائینگ روم میں بیٹھا کر ایا ہوں...کہیں پھر بابا مجھے بھی نہ بولنے لگ جاتے

..جہان میں منہ بسورتے ہوئے نسیمہ بیگم سے کہا..تب تک اسلم صاحب نے بھی فون اُٹھا لیا تھا

..جہان نے اسلم صاحب سے بات کر کے نسیمہ بیگم کو باہر انے کے لئے کہا

..نسیمہ بیگم نے کیچن میں اماں بی کو چائے وغیرہ کا کہا اور جہان کے ساتھ ڈرائینگ روم کی طرف چل دیں

اناخاموشی سے ذیشان کے ساتھ مال میں چل رہی تھی..ذیشان بار بار کسی کو فون ملا رہا تھا..اور دوسری

..طرف سے شاید کوئی اُٹھا نہیں رہا تھا..اور ادھر ذیشان کا پارہ سوا نیزے پر پہنچنے والا ہو گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا حسرت سے ہر طرف دیکھ رہی تھی اور سوچ رہی تھی کسے میں پہلے اسی مال میں بنا کسی خوف کے لاپرواہی سے امان بھائی عادی عامر سب کے ساتھ گھومتی تھی اور اج میں اپنے آپ کو لپیٹے ایک خول میں چل رہی ہوں.. اس ڈر سے کوئی مجھے پہچان نہ لے..

سوسوری بھائی... بس ٹریفک کی وجہ سے دیر ہو گئ..

انا نے اپنی سوچوں سے نکلتے ہوئے اواز کی سمت دیکھا تو اُس کو اپنے آپ پر ضبط کرنا مشکل ہو گیا.. لیکن جب صفاء اور صبا کو پیچھے اتا دیکھا تو اُس کا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھ گیا اور نظروں کا زاویہ بدل لیا.. یہ بات احان کے سوا کسی نے محسوس نہ کی..

اسلام علیکم اپی...

انا اگے بڑھ کر دونوں سے ملی.. انا اپی آپ خود ہی صبا اپی کے لئے شوپینگ کر لیتیں. یہ تو اہی نہیں رہیں تھیں.. زبردستی لائی ہوں.. آپ نے ایسے ہی تکلف کیا.. آپ نے جو لینا تھا اپی کو پسند اہی جانا تھا اخر کو آپ ذیشان بھائی کی بہن جو ہیں..

صفاء صبا کو شرارتی نظروں سے دیکھتے ہوئے انا کو بتا رہی تھی اور انا نا سمجھی سے اُسے ہی دیکھنے لگی.. صبا نظریں جھکائے کھڑی اپنی بہن کی باتیں اور حرکتیں برداشت کرنے میں ہلکان ہو رہی تھی..

احان کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا تھا صفاء کی بات سن کر اور وہ کھلے منہ سے ہی ذیشان کو دیکھ رہا تھا..

انا نے جب احان اور ذیشان کے چہرے کے اُڑتے رنگ دیکھے تو وہ سمجھ گئ تھی یہ ذیشان بھائی کا پلان ہو گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بھابی اچھا کیا آپ آگئیں.. آپ اپنی مرضی کے ڈریسیز لے لیں گی تو میری بھی مشکل اسان ہو جائے گی.. اگر مجھے پتہ ہوتا تو ہم پہلے ہی اپ کو اپنے ساتھ لے اتے.. کسی اور کا احسان لینے کی ضرورت ہی نہ پڑتی..

انا صبا کا ہاتھ تھامتے بولی اور آخر میں احان کو تہری نظر سے دیکھتے ہوئے چبا کر کہا..

ذیشان نے صبا کو دیکھا جو گھبرائی گھبرائی سی انا کے پہلو میں کھڑی تھی.. اور جب ذیشان نے انا پر نظر ڈالی تو انا نے انکھیں بڑی کر کے دیکھائیں.... تو ذیشان نے بنا آواز کے ہونٹوں کو ہلاتے ہوئے سوری کہا.. اور مسکرا دیا. صفاء ادھر اُدھر نظریں ڈورائے مال میں بنی شاپس کو دیکھ رہی تھی....

بھائی آپ دیکھ رہیں ہیں ناں سب..

احان ذیشان کے کان میں دبی اواز میں بولا..

چلو تمہے بعد میں دیکھتا ہوں...

ذیشان نے احان کو کہا اور انا کو اگے بڑھنے کا اشارہ کیا کیوں کہ اُسی نے ہی اب شاپینگ کروانی تھی..

مطلب اپنا مطلب نکل گیا تو مجھے گھاس بھی نہیں ڈال رہے یہ دونوں بہن بھائی..

احان نے بے چارگی سے سوچا..

انا صفاء اور صبا کے ساتھ ولیمے کا ڈریس سلیکٹ کر رہی تھی. صبا کنفیوز سی سب دیکھ رہی تھی..

جی تو ہونے والی بھابی کونسی میکسی پسند ائی ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ہائے اناآپی سب ہی اتنی خوبصورت ہیں..دل کر رہا سب لے لیں

..صبا کے بولنے سے پہلے صفاء بول پڑی تھی

..انا مجھے سمجھ نہیں ارہا..آپ کو جو اچھا لگے وہ لے لو

..صبا نے گھبرائی ہوئی آواز میں کہا

انا نے مڑ کر ذیشان اور احان کو دیکھا..دونوں کا دھیان ادھر ہی تھا..اووو...میں کیسے بھول گئی مجھے تو آپ کو

..شاپینگ کروانی تھی تو اپنی مرضی سے ہی کرواؤں گی ناں...کیوں بھائی....؟؟ٹھیک کہہ رہی ہوں

انا نے انکھوں میں شرارت سموئے ذیشان کو دیکھ کر کہا جو اُن کے کچھ فاصلے پر ہی کھڑا تھا..انا کی بات سن کر

..سیلز گرل بھی اُن سب کی طرف متوجہ ہو گئی تھی

...ذیشان نے زبردستی مسکراتے انا کو دیکھا

انا کو اس بات کا غصہ تھا کہ ذیشان نے اپنے پلان میں اُس کو نہیں احان کو شامل کیا..اگر اُسے سب پتہ ہوتا تو

وہ خود ذیشان اور صبا کو اکیلے شاپینگ کرنے کا موقع دینا..لیکن اب اپنی ناراضگی اور احان پر غصے کی وجہ سے

..نہیں دے رہی تھی

..بھائی آپ کی بھی میرے والی حالت لگ رہی

...احان نے دانت نکالتے ہوئے ہلکی آواز میں کہا تو ذیشان نے گھوری دی..وہ پہلے ہی پچھتا رہا تھا انا کو نہ بتا کر

...بھابی مطلب میں سلیکٹ کروں

..انا نے صبا کو سوالیہ نظروں سے دیکھتے پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..صبا نے انگلیاں مڑوڑتے ہاں میں سر ہلایا

..پھر انا نے کافی ساری میکسیز دیکھیں..کچھ بہت ہیوی تھیں..کچھ سٹائلش تھیں

..شانی بھائی ایک منٹ اگے انا ذرا

انا نے پیچھے دیکھ کر ذیشان کو انے کا کہا..وہ بے چارہ کب سے یہ سننے کا منتظر تھا انا کے بلانے پر ایک سیکنڈ کی

... بھی دیر کیے بغیر اگے بڑھا

..صفاء بھی مختلف کپڑے دیکھنے میں لگی ہوئی تھی اُسے نہیں معلوم تھا وہاں ہو کیا رہا ہے

...بھائی مجھے یہ اچھی لگی ہے

..نہیں انا اس کلر بہت ڈارک ہے اور تمہے پتہ مجھے ڈارک کلر نہیں پسند

ذیشان کے منہ سے فوری نکلا..تو انا نے جانچتی نظروں سے ذیشان کو دیکھا...ذیشان نے نظروں کا زاویہ ہی

..بدل لیا

..بھائی آپ دیکھیں میں اتی ہوں..وہ ادھر دیکھ کر کچھ

..انا کہہ کر اُن دونوں کے درمیان سے نکلنے لگی تو صبا نے فوری اُس کا ہاتھ پکڑ لیا

ذیشان یہ سب دیکھ نہیں پایا تھا کیونکہ اُس کا سارا دھیان سامنے لگی میکسی میں تھا..جو صبا بار بار نظریں اُٹھا کر

...دیکھ رہی تھی لیکن انا نے اُس کے علاوہ سب کی رائے لی تھی صبا سے

..انا نے صبا کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر سب ٹھیک ہے کا سگنل دیا اور چپکے سے نکل گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"صفاء کچھ پسند ایا....؟؟"

.انا احان کو سیرے سے ہی اگنور کرتے پاس سے گزرتے صفاء سے پوچھنے لگی

...اپی سب ہی اچھے لگ رہے..دل کر رہا ہے سب لے لوں

..صفاء ہر ڈریس کو اشتیاق سے دیکھتے ہوئے بولی

...جتنے لینے ہیں لے لو

....اپنا دل کیوں مار رہی ہو

..انا اپی یہ تو اتنے مہنگے ہیں

..صفاء انا کے نزدیک ہوتے دبی اواز میں بولی

..اوہو میری لٹل سسٹر تم فکر کیوں کر رہی ہو..تمہارا بھائی ہے ناں پیمینٹ کر دے گا

..انا تھوڑی اونچی اواز میں احان کو دیکھتے ہوئے بولی

.....پر اپی

...تم لو

..انا نے زبردستی اُسے تین ڈریسیز لے کر دیے

..احان نے بنا سر پر بل ڈالے اطمینان سے جا کر پیمینٹ کی

احان نے انا کی فخر سے مسکراتی انکھیں دیکھ لی تھیں...اس کو اندر تک سکون ملا تھا..پچھلا رویہ بھی بھول

..بھال گیا تھا..اُس کے لئے یہ احساس ہی کافی تھا انا اُس پر فخر کر رہی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..تو آپ کو یہ ڈریس پسند آئی ہے

..ذیشان اپنے اور صبا کے درمیان فاصلہ کم کرتے ہوئے ہلکی آواز میں بولا

سامنے ہی شاپ کیپر ادب سے اُن کے حکم کا منتظر تھا..اب صبا کو سمجھ نہیں ارہی تھی کیا کہے..کیونکہ

..ذیشان نے اُسی ڈریس کی طرف ہی اشارہ کیا تھا جو اُسے سب سے زیادہ پسند آیا تھا

"جی"

صبا نے جھجکتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا تو ذیشان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ گئی تھی کیونکہ یہ اُسے بھی

..پسند آیا تھا

..تو آپ پہلے ہی بتا دیتیں

...ذیشان نے نرمی سے کہا اور شاپ کیپر کو اشارہ کیا وہ ڈریس اُتارنے کا

صبا نے نظر ٹھہری کر کے دیکھا تو انا احان اور صفاء ایک ساتھ کھڑے باتوں میں مصروف تھے..کسی کا بھی

دھیان ان کی طرف نہیں تھا..بوتیک میں بہت کم لوگ تھے اور سب مصروف تھے اپنی شاپینگ میں..صبا

..نے اطمینان بھری سانس خارج کی

ذیشان ابھی ڈریس دیکھنے ہی لگا تھا جو شاپ کیپر نے اُن کے سامنے رکھا تھا کہ ذیشان کے موبائل پر کسی کا

...فون آنے لگا

..ہاں جہان میں کہا تو تھا لیٹ ہو جائیں گے..پھر کیوں فون کیا

..ذیشان نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....بھائی آپ پلیز جلدی گھر آئیں...ابھی

..جہان گھبرائی ہوئی آواز میں بولا

کیاہواسب ٹھیک ہے....؟

ذیشان سب چھوڑ چھاڑ اُس کی طرف متوجہ ہوااور تھوڑااونچی اواز میں بولا..ذیشان کے چہرے پر پریشانی

..دیکھ کرانالوگ بھی اُس کے نزدیک اگئے تھے

..بھائی آپ بس گھرائیں جہاں بھی ہیں

..ذیشان کو پیچھے سے اسلم صاحب کے غصے سے بولنے کی اوازائی تووہ مزید پریشان ہو گیا

بھائی کیاہوا...؟؟

.سب نزدیک اکر بولے

...کچھ نہیں احان تم لوگ نکلو...گھر جاؤ

..آپ یہ ڈریس سائیڈ پر کر دیں..یہ لیں ایڈوانس

...ذیشان نے ہر براہت میں بولتے ہوئے کچھ نوٹ شاپ کیپر کو تھمائے

..احان کو انکھوں سے جانے کااشارہ کرتے اناکاہاتھ پکڑے بوتیک سے باہر نکلا

"اپی چلیں"

..احان نے صبا کو چلنے کا کہا..لیکن صبا حیرت سے ذیشان کو جاتادیکھتی رہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...اپی

..صفاء نے صبا کا بازو ہلا کر کہا تو وہ ہوش میں ائ

...ہہ ہاں چلو

..صبا نے لڑکھڑاتی اواز میں کہا اور سر جھکا کر چلتے ہوئے اپنی چادر کو مضبوطی سے تھام لیا

.بھائ ہوا کیا ہے...؟ آپ اتنے پریشان کیوں لگ رہے ہیں

..انا نے ذیشان کو تیز گاڑی چلاتے دیکھ کر کہا

..پتہ نہیں جہان کا فون ایا تھا وہ بہت گھبرایا ہوا تھا

..ذیشان نے فل اسپیڈ سے گاڑی چلاتے پریشانی سے بتایا

جب وہ لوگ گھر پہنچے تو اُن کو لان تک اسلم صاحب کے گرجنے کی اوازیں ارہی تھیں..تو انا نے مضبوطی سے

..ذیشان کا بازو پکڑ لیا

"بھائ بڑے پاپا کو کیا ہوا ہے..؟؟"

کچھ نہیں ریلکس...شاباش

ذیشان جب لاونج میں داخل ہوا تو سب پریشانی کے الم میں بیٹھے تھے اور اسلم صاحب بول رہے تھے..اُن کو

..اتا دیکھ کر وہ رُکے اور انا کو دیکھ کر انکھیں بند کر کے سانس خارج کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ارشاد صاحب کے چہرے پر بھی غصے کے اثرات تھے

...بابا سب خیریت ہے ناں

..ذیشان بے تابی سے اُن کی طرف بڑھتے ہوئے بولا

..وہ جیل سے رہا ہو گیا ہے...اور کمبخت اُس کے ماں باپ ہم سے معافی مانگنے ائے تھے

..اسلم صاحب نے اونچی اواز میں کہہ کر رُخ موڑ لیا.اُدھر انا کا ہاتھ نقاب اُتارتے وہی رُک گیا تھا

بابا کس کی بات کر رہے ہیں...؟؟

..ذیشان نے جانتے ہوئے تصدیق کرنے کے انداز میں اسلم صاحب کے سامنے جاتے ہوئے پوچھا

وہی شخص جس کا تم نے دعوہ کیا تھا سزا دلوا کر ہی رہو گئے..میری بیٹی کو انصاف دلانے کا وعدہ کیا تھا تم نے مجھ سے...وہی شخص اج اپنے ماں باپ کے ہاتھ پیغام بھجوایا ہے.."انا سے شادی کا"..بے غیرتی کی حد ...دیکھو

ارشاد صاحب نے چلاتے ہوئے کہا یہ دیکھے بغیر کے وہاں انا بھی کھڑی تھی..جو پھٹی ہوئی نگاہوں سے سب ..کو دیکھ رہی تھی

کس نے کہا...؟؟کون ایا تھا..؟؟آپ سب نے دھکے مار کر نکالا نہیں تھا...؟؟

...ذیشان اپنے بال مٹھی میں جکڑے ہوئے تیز لہجے میں بولا

..نسیمہ بیگم اور عائشہ فوری انا کی طرف لپکیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...انا میرا بچہ کچھ نہیں ہوا

..نسیمہ بیگم نے اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے انا کے ہاتھ تھامتے کہا تھا..انا نے بے یقینی سے نسیمہ بیگم کو دیکھا

...ب ب بڑی ی ماما....یی یہ سب

..انا کے منہ سے الفاظ ہی نہیں نکل رہے تھے

...ارشاد صاحب نے فوری اگے بڑھ کر فوری اپنے سینے سے لگالیا تھا...کچھ نہیں کہے گا اب میری بیٹی

پتہ چل گیا ہے ہمیں..اُس نے تمہارے ساتھ کیوں کیا اسے..اور تم نے ہماری عزت بچانے کی خاطر اپنے"

" آپ کو اتنی تکلیف دی...لیکن اب تمہارے ساتھ کچھ غلط نہیں ہو گا..تمہارا باپ تمہارا سایہ بنے گا

..ارشاد صاحب نے انا کے سر پر ہاتھ پھیرتے بھیگی اواز میں کہا

کسے نکلا وہ جیل سے....؟؟

یہاں تک کسے پہنچا...؟؟

بولو ناہید فاطمہ کہاں ہے...؟؟

..اسلم صاحب پھر سے ڈھارے تھے

...بھائی صاحب وہ اپنے باپ کے گھر ہے..میرا اُس سے رابطہ نہیں ہے

...تو کرو رابطہ...معلوم کرو..کیا چاہتی ہے اب وہ اس لڑکے کے ساتھ مل کر

..اسلم صاحب نے طیش میں اتے کہا

..ذیشان اپنے منہ پر ہاتھ پھیرتے اسلم صاحب کی طرف متوجہ ہوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...بابا ریلیکس...میں دیکھتا ہوں سب...اُس شخص کو اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی

..ذیشان اسلم صاحب کا غصہ کم کرنے کی کوشش کرنے لگا کیونکہ وہ سب ہی سہمے ہوئے کھڑے تھے

..بابا انا کا ہی خیال کر لیں..وہ پہلے ہی بہت خوف زدہ ہے

..ذیشان ہارے ہوئے لہجے میں بولا

..ذیشان سے انا کی حالت دیکھی نہیں جا رہی تھی..جو ارشاد صاحب کے سینے سے لگے کانپ رہی تھی

..امان بھی ذیشان کے انے پر ہمت کرتے اسلم صاحب کو کنٹرول کرنے کی کوشش کرنے لگا

.عادی عامر بھی ناہید بیگم کے ساتھ لپٹے کھڑے تھے

احان بھائی کیا ہوا ہے...؟؟بھائی اپی کو لے کر ایسے کیوں گئے ہیں...؟؟

.صفاء نے بے چینی سے پوچھا

..پتہ نہیں صفاء...پلیز چپ کر کے بیٹھو...آپ لوگوں کو چھوڑ کر جاتا ہوں ادھر

احان کو پہلے ہی ٹینشن ہو رہی تھی اوپر سے صفاء کے سوال اُسے ڈسٹرب کر رہے تھے..اسی لئے ماتھے پر بل

..ڈالے روکھے لہجے میں بولا

..صفاء نے احان کی بات سن کر فوری صبا کو دیکھا تو صبا نے بھی چپ رہنے کا اشارہ کیا تھا

....پانی لاؤ

امان نے عائشہ کو ہلکی سی اواز میں کہا تو وہ اثبات میں سر ہلاتے کچن کی طرف بڑھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارشاد صاحب نے انا کو خود سے الگ کیا اور ماتھے پر بوسہ دیتے کہا.. "میری بیٹی بہت بہادر ہے ناں" تو انا نے سر ہلاتے پر اکتفا کیا..

ذیشان اسلم صاحب کو پانی پلا کر انا کی طرف لپکا..

"گڑیا پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں... تمہارا بھائی ہے".

ذیشان نے انا کے چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھامتے ہوئے خود کو مضبوط ظاہر کرتے ہوئے کہا تھا..

لیکن ذیشان بیٹا یہ شادی والا معاملا...اس کا کیا کریں..؟؟

ارشاد صاحب نے اس بار تھکے ہوئے انداز میں پوچھا..

ارشاد صاحب کی بات سُن کر انا کے چہرے پر خوف کے اثرات واضح ہو گئے تھے جنھیں دیکھ کر ذیشان نے اپنی انکھیں میچ لیں تھیں..اُس نے کبھی خود کو اتنا بے بس محسوس نہیں کیا تھا..

احان کے گاڑی کا ہارن سن کر ذیشان نے فٹ انکھیں کھولیں..

اسلم صاحب بھی احان کو اندر اتے دیکھ کر ایک دم ہوش میں ائے تھے. لیکن جہان کو احان کا اس وقت انا کے بہت ناگوار گزرا..اسی لئے لب بھینچے ایک سائیڈ پر ہی خاموش بنا تماشا دیکھتا رہا..

کیا ہوا سب لوگ مجھے اسے کیوں دیکھ رہے ہیں...

احان نے نا سمجھی سے سب کو دیکھتے ہوئے پوچھا..

انا نے گردن ہلاتے ہوئے ذیشان کو انکھوں سے التجا کی کہ اُسے کچھ نہ بتائیں..سارا بھرم توٹ جانا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ارشاد صاحب کچھ سوچتے ہوئے فوری احان کی طرف بڑھے

!!....احان

...چاچو نہیں میں بات کر لیتا ہوں

...ذیشان نے انہیں روکنا چاہا... لیکن ارشاد صاحب نے اُس کی ایک نہ سنی

"موم پلیز بتائیں کیا کہا انہوں نے...؟؟"

...آپ جب سے ائی ہیں اسے ہی سر تھامے خاموش بیٹھی ہوئی ہیں

اسد نے بے چینی سے لاونج میں ٹہلتے ہوئے پوچھا.. کبھی حلیمہ بیگم کو دیکھ لیتا.. کبھی سٹڈی روم کے بند

..دروازے کو حسرت سے دیکھتا.. جہاں اصغر صاحب نے خود کواتے ہی بند کر لیا تھا

..ماما پلیز کچھ تو بولیں

.اسد نے بے چارگی سے کہا تو حلیمہ بیگم نے سر اُٹھا کر ناگواری سے اسد کو دیکھا

" ..کچھ بولنے کے قابل چھوڑا ہے تم نے جو کچھ بولوں میں"

..حلیمہ بیگم نے چیختے ہوئے کہا تھا

...مم

..اسد نے انکھوں میں اس لیے کہا

اسد چلے جاؤ یہاں سے ابھی...اور ابھی اپنے ڈیڈ کے سامنے بھی مت انا..انہوں نے تمہیں اپنی سگی اولاد

..سمجھا تھا اور تم نے کیا سیلا دیا انہیں...مجھے میری ہی نظروں میں گیرا دیا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Muabbatein Chahtein Shiddatein | By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..حلیمہ بیگم نے منہ پھیرتے ہوئے خفگی سے کہا تھا

مام انہوں نے کیا کہا ہے..؟

..انسلٹ کی؟؟ مجھے بتائیں...آپ نے انا کو اپنانے والی بات نہیں کی تھی...کچھ تو

کیوں ہماری انسلٹ کا بدلا اب تم اُن کے گھر کے کس فرد کو جلا کر لو گئے...؟؟

..اسد کی بات اچکتے ہوئے اصغر صاحب نے تلخی سے پوچھا

..اسد اور حلیمہ بیگم کو اُن کے انے کا پتہ ہی نہیں چلا تھا

💔💔💔💔💔

" ..ہاں بولو"

"اب کیا کرو گے...؟؟"

!! ....ڈیڈ

.اسد نظریں چراتے ہوئے بولا

میں تمہارا ڈیڈ نہیں ہوں..تم صرف اپنی ماں کے بیٹے ہو...لیکن تم تو اپنی ماں جسے بھی نہیں ہو..اور

تمہارے باپ کے بارے میں کیا کہوں..جو اُس دنیا میں ہی نہیں ہے..اس کے بارے میں کوئی غلط الفاظ تو

..استعمال کرنے سے رہا

..اصغر صاحب نے اسد کو افسوس سے دیکھتے ہوئے کہا تھا

" میں شرمندہ ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم شرمندہ ہو...؟؟اس کی کیا گارنٹی ہے.؟؟

..اصغر صاحب نے فوری پوچھا تھا

